پہلے آپکے درویش وزیر اعلیٰ میرے حلقے کی ایک مسجد میں گئے، وہاں جا کر ممبر پہ کھڑے ہو کر انہوں نے ایک اعلان کیا، ایک وعدہ کیا کہ وہ سڑک وہ بنائیں گے۔ میں نے کہا چلو کریڈٹ جاتا ہے جنہیں، سو دفعہ جائے لیکن غریبوں کا کوئی مسلہ حل ہو جائے، روڈ بن جائے لیکن جناب سپیکر، دو سال گزر گئے اس روڈ پہ، بنانا تو دور کی بات ہے، اس کی مرمت بھی کسی نے نہیں کی ہے۔ دو سال کے بعد قدرتی آفت زلزلہ آیا۔ زلزلے کے آنے کے بعد ایرا بنی، اسکے بعد پھر ڈی آئی یو یونٹس بنے، کام شروع ہوا، وہاں کی صوبائی حکومت نے بیچ میں مداخلت کر کے پیرا بنا دی۔ یہ پیرا ایک اور عذاب کی شکل میں نازل ہو گئی۔ اب یہ ماضی میں دیکھنے میں آیا ہے کہ جس کام کو بگاڑنا ہو تو اسکے Tiers میں اضافہ کر دیں، اسکے ایڈمنسٹریٹو سٹرکچر کو اتنا پھیلا دیں کہ وہ سارا اسی میں ضم ہو جائے، نیچے گراس روٹ لیول پر نہ جا سکے۔ آج آپ دیکھیں صرف پیرا کی بات نہیں ہے، ایرا ابھی بیچ میں برابر کی شامل ہے، وفاق میں آپ دیکھیں، ایرا کے دفاتر میں دیکھیں، جس قسم کی قیمتی گاڑیاں وہاں پہ کھڑی ہیں، جناب سپیکر، فور ویل ڈرائیو گاڑی تو وہاں بھیجیں جہاں زلزلہ آیا، جہاں پہ ضرورت ہے، وہ ساری قیمتی گاڑیاں ستر، ستر لاکھ کی گاڑیاں یہاں دندناتی سڑکوں پہ پھر رہی ہیں جس پر کار کو بھی پھرنے میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ (تالیاں) وہ سارے خرچے یہاں پہ ہو رہے ہیں اور ابھی تک جناب سپیکر، ایرا کا جتنا بڑا فنڈ آیا ہے، وہ پیرا کی مداخلت کی وجہ سے پچھلے ڈھائی سال کی میٹنگز پہ مٹینگز ہو رہی ہیں اور Ground reality پہ ایک روپیہ ابھی تک خرچ ہونا شروع نہیں ہوا۔ جو سڑک ہے، اس کا برا حال ہے۔ آ گئے ہیں فنڈ، کروڑوں آ رہے ہیں، اربوں آ رہے ہیں، کب آ رہے ہیں، کہاں سے آ رہے ہیں؟ یہ کسی کو علم نہیں ہے۔ کبھی کنسلٹنٹس کا مسئلہ بیچ میں آ جاتا ہے، کبھی پیرا بیچ میں Involve ہو جاتی ہے، کبھی ایرا Involve ہو جاتی ہے، کبھی انہیں ہمارا نقشہ پسند نہیں آتا، کبھی انکا ہمیں پسند نہیں آتا، یہ ایک ایسا الجھا یا ہوا سسٹم ہے کہ جس سے ابھی تک وہاں پر خاطر خواہ کام نہیں ہو سکا۔ سکولز اگر وہاں پہ اچھے بن رہے ہیں تو وہ این جی اوز خود جو بنا رہی ہیں، وہ بن رہے ہیں۔ یہ سسٹم کے تھرو جو پیرا کی Involvement کے ساتھ کام ہوا ہے، اس میں ہر جگہ رکاوٹ ہے۔ وہاں جا کر دیکھیں تو ہمارے پیرا کے جو ملازمین ہیں وہاں پہ مانسہرہ میں، انکے پاس سوزوکی جیپ ہے یا وہ بھی نہیں ہے۔ کام کرنے کیلئے انکے پاس گاڑیاں نہیں ہیں۔

ساری گاڑیاں ادھر پیرا میں اور ایرا میں پھر رہی ہیں۔ تو پھر اسکا فائدہ کیا ہے؟ آپ لون لیتے ہیں، آپ لون دیتے ہیں، مسائل کے حل کیلئے۔ آپ لون اسلئے نہیں لیتے ہیں، یہ ماضی میں بھی دیکھا گیا ہے کہ لون لیا جاتا ہے، اسکے اوپر بڑی بڑی گاڑیاں اور اسکے اوپر بڑے بڑے خرچے، بڑے بڑے اسکے اوپر یہ نئے نئے پلان آتے ہیں، نئی نئی سکیمز آتی ہیں لیکن گراس روٹ لیول تک کچھ نہیں پہنچتا۔ جناب سپیکر! یہ قرضہ جو ہم لیتے ہیں، اسکا Net result جو ہے، اسکا سارا وزن جو ہے، وہ اس غریب آدمی کے اوپر پڑتا ہے جو پھٹے ہوئے کپڑے پہن کر آج بھی اس نگاہ سے اسمبلی کی طرف دیکھتا ہے کہ شاید ہمارے لئے بھی کوئی بات وہاں پر کی جائے۔ جناب سپیکر! میں یہ گزارش کرونگا کہ اگر ہم ڈیڑھ، ڈیڑھ کروڑ کی گاڑی میں پھر سکتے ہیں تو پھر ہمیں لون لینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ہمیں ڈیویلپمنٹل کام بھی نہیں چاہیئے، ہمیں کچھ نہیں چاہیئے۔ سب سے پہلے لون کو ختم کریں اور اس بے عزتی سے اپنی جان چھڑائیں کہ جس کی وجہ سے ہمیں ہمیشہ مجبور ہو کر غلط فیصلوں پر عمل کرنا پڑتا ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ جناب، پھر کہا گیا کہ ایم ایم اے کی حکومت نے یہ انقلابی فیصلہ کیا ہے کہ نئے مالی سال سے صوبہ سرحد کے وفاقی حکومت سے بجلی، گیس اور خام تیل سے حاصل ہونے والے خالص منافع اور رائلٹی کا پانچ فیصد حصہ ان اضلاع پر خرچ کیا جائیگا، جہاں سے بجلی، گیس اور تیل پیدا ہوتے ہیں، جسطرح جناب سپیکر، کوہستان کے جنگل کاٹے ہیں اور وہاں پر ڈیویلپمنٹ ہوئی ہے۔ سر! یہ تو قول و فعل کا سارا تضاد ہے۔ اس میں میں اپنے بھائی شاہ راز خان کو Blame نہیں کرتا، شریف آدمی ہیں، کچھ باتیں ایسی ہیں جو ان سے بالا تر ہے۔ وہ سب سمجھتے ہیں۔ گزارش صرف یہ ہے کہ جو کہیں، اس پر عمل کریں کیونکہ اسلام کا نام جب آپ لیتے ہیں تو اس میں اٹھانوے، ننانوے نہیں ہے، اس میں سو فیصد اسلام ہے۔ جہاں پہ اٹھانوے، ننانوے آتا ہے، وہاں پہ کمزوری ظاہر ہوتی ہے۔ یہاں پہ ایجنڈا لیکر آئیں یا اسلام کا نام لینا چھوڑ دیں۔ ایم ایم اے کی حکومت کے دوران سرکاری ملازمین کو تیز رفتاری سے محکمانہ ترقیاں ملیں، اس میں سر، گزارش ہے کہ میں منسٹر صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا تھا لیکن وہ بجٹ میں مصروف تھے، اس میں ڈی ایف اوز ہمارے کافی ایسے ڈی ایف اوز ہیں فارسٹ ڈیپارٹمنٹ میں، جو اچھے خاصے سینیئر ہونے کے باوجود ریٹائرڈ منٹ کے وقت پر آ گئے ہیں لیکن ابھی تک وہ ڈی ایف اوز ہیں، انکی پروموشنز نہیں ہوئیں۔ زندگی تو ایک دفعہ

آتی ہے، اسکے بعد پتہ نہیں کونسا ختم ہو جاتا ہے لیکن ایک جو حق بنتا ہے زندگی کے دوران، وہ ہر آدمی کو ملنا چاہیئے۔ اسی طرح کل میرے بھائی مشتاق صاحب نے کہا ہیلتھ کے حوالے سے، منسٹر صاحب بہت شریف آدمی ہیں، بھائی ہیں ہمارے، اس میں انکی طرف سے شاید غفلت نہیں ہے کہ کیس Move ہو کہ میرے خیال میں جا چکا ہے فنانس کی طرف، فنانس میں پھنسا ہوا ہے۔ بہر حال پیرامیڈکس کے سروس سٹرکچر کو ایک سال ہو گیا ہے، اس پہ Decision ہوا لیکن اس پہ ابھی تک عملدرآمد نہیں ہوا ہے۔ تو میری اپنی معلومات کے حساب سے وہ فنانس میں پھنسا ہوا ہے۔ فنانس اب شاہ راز خان صاحب کے پاس آگیا، میں ان سے گزارش کرونگا کہ اس کو بھی فوراً حل کرائیں کیونکہ تنخواہیں ویسے ہی اتنی کم ہوتی ہیں کہ اگر اس میں گزارہ نہیں ہوتا تو پروموشن پہ آدمی سوچ سوچ کر ساری عمر اسی میں گزار دے اور اسکو نہ ملے تو یہ بھی میں سمجھتا ہوں ایک محرومی ہے جو کہ نہیں ہونا چاہیئے۔ امن وامان پہ سر، میں نے ابھی تھوڑی سی بات پہلے بھی کی، اب میں دوبارہ بھی تھوڑی سی کر دیتا ہوں۔ اس میں کہا گیا ہے کہ کافی پولیس کی نئی بھرتیاں ہوئی ہیں۔ اس سلسلے میں سر، میں گزارش کروں کہ اس میں کافی انکو پولیس کی پوسٹیں جو ہیں، وہ وفاقی حکومت نے بھی دی ہیں لیکن جس پہ بھرتیاں ہوئی ہیں، وہ تمام کی تمام بنوں میں ہوئی ہیں۔ آیا کہ غریب اور Deserving لوگ صرف بنوں میں ہیں، باقی صوبے میں موجود نہیں ہیں؟ اسکا ایک Criteria ہونا چاہئے، میرٹ پہ جو حقدار ہے، اسکو ملے خواہ وہ بنوں کا ہے کہ مانسہرہ کا ہے، کوہستان کا ہے یا جہاں کا بھی ہے۔ جو آدمی اس کا اہل ہے، جو کام کر سکتا ہے، اسکو لینا چاہئے۔ اگر ایم ایم اے کی حکومت بھی میرٹ نہیں لاتی تو پھر ہم کس سے توقع کریں کہ وہ ہمارے ساتھ انصاف کرے گا؟ اور دوسرا یہ کہ کسی محکمے میں بھی آپ نئی نئی بھرتیاں کر کے معاملات کا حل تلاش نہیں کر سکتے۔ بھرتیاں کرنا یا پالیسیز بنانا یا نئے قوانین بنانا، اس سے کبھی بھی مسائل کا حل نہیں ہوا ہے۔ جو موجودہ قوانین ہیں، وہ بھی بہت ہیں۔ فرق صرف یہ ہے کہ ان پر عملدرآمد نہیں ہوتا۔ آپ آج نئے قوانیں بنائیں، شریعت کی بات آپ نے کی، شریعت آپ لیکر آئے، شریعت میاں صاحب کی حکومت میں پہلے تب قومی اسمبلی سے منظور ہو کر سینٹ میں گئی، وہاں پہ منظور ہوئی، اسکے بعد اسمبلی ٹوٹ گئی، وہاں پہ سارا مسئلہ بیچ میں رہ گیا۔ شریعت کے خلاف کوئی بھی نہیں ہے۔ ہم مسلمان

ہیں۔ الحمد للہ ہم سب کی خواہش ہے کہ شریعت نافذ ہو، ہم سب چاہتے ہیں کہ اسلامی قانون نافذ ہو لیکن عملدرآمد کون کرے گا؟ وہ کہتے ہیں Who will bell the cat? عملدرآمد کون کرے گا؟ ہمیں تو عمل چاہیئے۔ ہمیں تو صرف کھوکھلے نعروں سے کچھ مقصد نہیں ہے اور پھر جس محکمے میں آپ پوسٹوں میں اضافہ کرتے ہیں لیکن تنخواہ محدود رکھتے ہیں تو بجائے معاشرے کو فعال کرنے کیلئے آپ مزید معاشرے کے Exchequer کے اوپر جونکے چپکاتے ہیں۔ جس بندے کو اختیار دینگے اور اسکے مطابق اس کو تنخواہ نہیں دینگے تو وہ مجبور ہوگا کرپشن کرنے پر، وہ معاشرے کے اوپر ایک اور بوجھ بن جائے گا۔ میری گزارش ہے کہ جو موجودہ Existing prevailing system ہمارا ہے، اس کو فعال بنایا جائے اور تنخواہیں ایک ایسی Respectable existence کے اوپر لائیں جائیں کہ ہر بندہ جو ہے، ایک اچھی Existence، اپنی Respectable existence maintain کرسکے۔ جو بندہ بیٹھا کام کر رہا ہے، اس کے ذہن پر یہ ہے کہ میں نے اپنے بچوں کی فیس کا بل دینا ہے، میں نے بجلی کا بل دینا ہے، وہ کام جناب سپیکر، نہیں کرسکتا لیکن جب تک آپ اس کے بجٹ کو Ensure نہیں کرتے کہ اس کے یہ اختیارات ہیں، اسکا اتنا بجٹ ہونا چاہیئے تب تک وہ Deliver نہیں کرسکتا۔ تو میری یہ گزارش ہے کہ ایک بجٹ لیا جائے سرکاری ملازمین سے، اسکے مطابق تنخواہیں دی جائیں تاکہ وہ کام کرسکیں۔ وہ بھی انسان ہیں ہماری طرح، ان کی بھی ضروریات ہیں، ان کے بھی مسائل ہیں۔ اب کوئی مالدار ہوتا ہے، کوئی غریب ہوتا ہے، یہ اللہ کی طرف سے ہے لیکن جو مالدار ہوتے ہیں جو صاحب حیثیت ہوتے ہیں، جو صاحب اختیار، صاحب اقتدار ہوتے ہیں، ان کو چاہیئے کہ وہ ان لوگوں کا خیال کریں کہ جو صاحب اقتدار یا اس حیثیت میں نہیں ہیں۔ یہ ایک اللہ کی طرف سے Responsibility ہوتی ہے۔ یہ نہیں کہ ہم جناب، مالدار ہوگئے تو ہم بڑی بڑی گاڑیوں میں، بڑے بڑے محلات میں رہیں اور غریب کو پوچھے بھی نہ۔ یہ اللہ نے جو محلات دیے ہیں، جو بڑی بڑی گاڑیاں دی ہیں، اقتدار دیا ہے، اس کے ساتھ ایک بہت بڑی Responsibility آپ پر عائد کی ہے۔ اگر وہ Responsibility پوری طرح Fulfill نہیں ہوتی تو آخرت میں ہر ایک کو مرنا ہے اور اللہ کو جواب دینا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں

کہ ہمیں اس جواب کیلئے ہر وقت تیار رہنا چاہیئے۔ ایک میں نے چیز بجٹ میں دیکھی، یہ تنظیم للسائل والمحروم کے چیئرمین۔۔۔۔۔۔

<u>آوازیں</u>: تنظیم للسائل والمحروم۔

<u>جناب وجیہہ الزمان خان</u>: اب نام اتنا مشکل رکھا ہے سر، اسکو پڑھنا بھی پورا مسئلہ ہے۔ اس کے چیئرمین عبداللہ صاحب کو بنایا گیا ہے۔ سر! پندرہ سال مجھے بھی سیاست کرتے ہو گئے، میں یقین سے کہتا ہوں کہ اس سے زیادہ صاف، Honest اور اس سے زیادہ قابل آدمی میں نے کم از کم اپنے ماضی میں نہیں دیکھا۔ (تالیاں) یہ ایک فیصلہ ہے جسکو میں سراہنا چاہتا ہوں۔ یہ ایک اچھا فیصلہ ہے۔ اچھے کو اچھا کہنا چاہیئے، برے کو برے کہنا چاہیئے۔ اس کے قسم کے لوگ اگر محکموں میں آئے اور وہاں پر ان کو موقع دیا جائے، ان کو اختیارات دیے جائیں تو کافی اچھی تبدیلی آ سکتی ہے۔ اللہ کے فضل سے باقی جو آپ کے محکمے ہیں، ایجوکیشن ہے، اس میں عشر زکوۃ ہے، اس میں باقی آپ کے انڈسٹریز ہیں، سارے محکموں سے اللہ کے فضل سے کوئی ایسی شکایات ہمیں موصول نہیں ہوئی ہیں، جہاں بھی گئے ہیں، سب نے احترام کیا ہے، عزت کی ہے، صرف سی اینڈ ڈبلیو کے سلسلے میں میں نے اپنی گزارشات کر دیں، ریونیو میں شکایات ہیں ہمیں اور جنگلات میں تھوڑی بہت تھیں لیکن شاہ راز خان کے آنے کے ساتھ ہم بڑے مطمئن ہیں، ہم اپنا واویلا کر دیتے ہیں اور یہ بھی ہماری سرپرستی ٹھیک ٹھاک کرتے ہیں، ہم ان کے بہت مشکور ہیں۔ سر! پھر بجٹ میں پن بجلی گھر کا ذکر ہوا، اس میں ایک دو نام دیے گئے ہیں کہ جی پن بجلی گھر بنائے جائیں گے۔ یہ ایک بڑا اچھا فیصلہ ہے۔ یہ ایک Low cost چیز ہے کہ جس کو آپ بنا کر علاقے کو کم خرچ کے اوپر بجلی مہیا کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر! ہمارا صوبہ ایک بڑا غریب صوبہ ہے، یہاں پر خاص طور پر ہمارے پہاڑی علاقوں میں، آپ خود بونیر سے تعلق رکھتے ہیں، آپ زیادہ بہتر سمجھ سکتے ہیں کہ وہاں پر غریبوں کی جو زندگی ہے، جناب سپیکر، میں گزارش کروں گا ذرا آرڈر۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: آرڈر پلیز۔

<u>جناب وجیہہ الزمان خان</u>: وہاں پر پہاڑی علاقوں میں جو غریبوں کی زندگی ہے، اس سے سر، آپ بھی واقف ہیں، ہم بھی واقف ہیں کہ کسطرح وہ زندگی گذارتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

**جناب سپیکر:** یہ زرگل Disturbance پیدا کرتا ہے۔

**جناب وجیہ الزمان خان:** میری گزارش یہ ہے جناب سپیکر، کہ ہمارے مانسہرہ میں ایک سرن ریور بہتا ہے جس میں اچھا خاصہ خاطر خواہ پانی کا Flow سارا سال وہاں پر بہتا ہے اور وہ جس علاقے سے بہہ کر آتا ہے، وہ تمام کا تمام علاقہ بہت غریب ہے، وہاں پر بھی پن بجلی گھر Suggest کیا جائے تاکہ وہاں کے لوگوں کو بجلی دینے میں ہمیں آسانی ہو اور Low cost پر ہم ان کو بجلی دے سکیں تاکہ وہ بھی دنیا میں رہ کر محسوس کریں کہ وہ اس دنیا کا اور اس معاشرے کا حصہ ہیں۔ پھر سر، آپ نے ایک بل پیش کیا ہے، اس میں ترمیم تو شاید عبدالاکبر صاحب لے کر آئیں گے، بیواؤں کو اربن پراپرٹی پر ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے، تو میرا سوال ہے جناب سپیکر، کہ اس میں رورل والوں کا کیا قصور ہے؟ اس میں اربن، رورل کی Categorization نہیں ہونی چاہیئے۔ اس میں ایک قانون جو بنا ہے، وہ سب کیلئے ہونا چاہیئے۔ پھر اس میں کہا گیا ہے، بل میں تین مرلہ مکان کا ذکر ہے کہ جی تین مرلہ جو ہے، وہ معاف ہے اور جس کی انکم ڈھائی ہزار ہے یا سالانہ پانچ ہزار روپے ہے۔ جناب سپیکر! پانچ ہزار، ڈھائی ہزار آج کل کے اس مہنگائی کے دور میں کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔ کم سے کم ایک کنال بیوہ کو معاف ہونا چاہیئے، کم سے کم، زیادہ بھی ہو تو کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ بیوہ کا جب سایہ اٹھ جاتا ہے تو وہ بیچاری بالکل برے حالوں میں رہ جاتی ہے۔ تو اسلئے اسمیں ترمیم کر کے اس میں اس کیلئے زیادہ گنجائش پیدا کی جانی چاہیئے۔ پھر سر، انور کمال صاحب نے اس دن ذکر کیا خلیفہ گل نواز ہاسپٹل، اکرم درانی پبلک سکول، میری یہ گزارش ہے جناب سپیکر، کہ یہ سرکاری خرچ پر جب کوئی بلڈنگ بنتی ہے، کوئی روڈ بنتی ہے یا کوئی ایسا جب پراجکیٹ ہوتا ہے، اس کو کسی کا جب نام دیا جاتا ہے تو وہ ایسی شخصیت کا نام دیا جاتا ہے کہ جس نے صوبے کیلئے یا As a whole nation کیلئے کوئی اپنی جان کی قربانی یا ایسی خاطر خواہ قربانی دی ہو کہ جس کو ہم یاد رکھنے کیلئے وہ نام رکھیں اور سب کچھ کر دیں۔ اگر ان کو اتنا شوق تھا اپنے بزرگوں کی عزت کرنے کا، تو ان کو چاہیئے کہ اپنی جیب سے پبلک سکول بنائیں وہاں پر اور اس کو اکرم درانی کا نام دیں، (تالیاں) اپنی جیب سے خلیفہ ہاسپٹل بنائیں، کوئی کم انہوں نے براوقت نہیں گزارا ہے، یہ چاہیں تو آرام سے بنا سکتے ہیں، بنائیں اور اس کو نام دیں۔ سرکاری خرچے پر بنی ہوئی چیزوں کو ان

لوگوں کا نام دیا جائے جنہوں نے قوم اور اس صوبے کی صحیح معنوں میں خدمت کی ہے ۔ باقی گزارشات جناب سپیکر، میں تقریباً اپنے باقی سپیچ میں کر ہی گیا ہوں، میں آخر میں آپ کا تہہ دل سے پھر شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔

Mr. Speaker: Thank you very much. Israrullah Khan Gandapur Sahib, please.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا اس بجٹ پر اظہار خیال کیلئے۔ وجیہ الزمان صاحب کی تقریر کے بعد ویسے بھی ایوان کا ماحول گرم ہو گیا ہے اور میں نے چاہتا کہ وزراء صاحبان کے تھکے ہوئے چہرے میرے الفاظ کی وجہ سے مزید تھکیں لیکن جناب سپیکر، یہ ایک روایت ہے کہ نمائندگان کو اپنے حلقے کے حوالے سے اس بجٹ پر اظہار خیال کرنا پڑتا ہے۔ جناب سپیکر! جیسے ہمیشہ کہا جاتا ہے کہ ہر بجٹ سے لوگوں کو ایک امید ہوتی ہے اور نمائندگان جو ہوتے ہیں، وہ اصلاح احوال کے لئے کچھ مثبت تجاویز دیتے ہیں لیکن جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ سے نہ عوام کو کوئی توقعات تھیں، نہ نمائندگان کو کوئی امیدیں تھیں اور نہ میرے خیال میں سیکرٹری صاحبان کو تھیں کیونکہ تیسرا دن ہے، میں دیکھ رہا ہوں سیکرٹری حضرات اوپر نہیں بیٹھے ہوتے۔ جناب سپیکر! یہ چونکہ آخری بجٹ ہے اور اس میں وہ بجٹ کے جو اعداد و شمار ہوتے ہیں، مفروضے ہوتے ہیں، اس کو ایک ٹائم چاہئے ہوتا ہے اور میرے خیال میں ہم اور اسمبلیاں مہمان ہیں چند ماہ کی یا شاید چند دنوں کی، جس کی وجہ سے وہ مفروضے شاید حقیقت کا روپ نہ دھار سکیں لیکن پھر بھی جناب سپیکر، ایک آئینی مجبوری تھی اور جس کے لئے ہمارے شاہ راز کو چنا گیا کہ وہ یہ تقریر اور یہ سارے جو بجٹ کا طریقہ کار ہے، یہ سرانجام دیں اور حسب ضابطہ انہوں نے بقول شاعر

ے امیر شہر نے کاغذ کی کشتیاں دے کر سمندروں کے سفر پر ہمیں روانہ کیا (تالیاں)

جناب سپیکر! جب میں نے بجٹ کو کھولا اور وائٹ پیپر کو دیکھا تو چند ایسی باتیں سمجھ میں آئیں اور چند ایسے حقائق سمجھ میں آئے جناب سپیکر، کہ جو ایوان میں رکھنا چاہوں گا۔ ایم ایم اے نے اس سال خسارے کا بجٹ دے کر جو کہ پانچ اعشاریہ چار ارب، جو کہ خود یہ مانگتے ہیں، اس میں فرق بھی

ہو سکتا ہے،اس میں اپوزیشن کی طرف سے یہ دعویٰ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ پندرہ، سولہ ارب کا ہے لیکن جو یہ تسلیم کرتے ہیں، وہ پانچ اعشاریہ چار ارب کا ہے۔اس سال انہوں نے جو خسارے کا بجٹ دیا ہے، گزشتہ سال 2006-07, 2005-06 میں انہوں نے خسارے کا بجٹ دیا تھا جو کہ دو ارب تھا اور پھر تین اعشاریہ آٹھ ارب تھا اور اس سال پانچ اعشاریہ چار ارب، یقیناً انہوں نے اپنی ہیٹ ٹریک مقرر کر لی ہے اور یہ ہیٹ ٹریک خسارے کے حساب اگر ہم دیکھیں جناب سپیکر، تو ایم ایم اے کو کریڈٹ جاتا ہے کہ جو مالیاتی انتظام کی باتیں کر رہے تھے اور بہتری کی باتیں کر رہے تھے، وہ خسارے میں اب آگے آ رہے ہیں۔ جناب سپیکر! خسارے کے حوالے سے جب انہوں نے اپنا دل ٹھنڈا کیا اور جب ہم نے بجٹ سپیچ وزیر صاحب کی دیکھی تو انہوں نے شروعات سورۃ یوسف کی آیات نمبر 55 سے کی ہے، جس میں ہمیں اور عوام کو یہ بتانے اور باور کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ ہم سب اللہ سے دعا کریں کہ چونکہ وہ صاحب علم اور حفاظت والے ہیں، اسلئے آئندہ پانچ سالوں کیلئے ان کو ملکی خزانے پر مامور کیا جائے۔ جناب سپیکر! میں نے اس سے یہ مطلب اخذ کیا ہے جو کہ ان کی دعا تھی۔ جناب سپیکر! محترم وزیر صاحب ناراض نہ ہوں، ہمارے لئے قابل احترام ہیں، انکا بھی پہلا پہلا تجربہ ہے لیکن جب اس خسارے کے بجٹ کو دیکھا اور ساتھ یہ دعا دیکھی تو کم از کم میں یہ دعا کرنے سے قاصر ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ برا بھی نہیں مانیں گے کیونکہ تاریخ کے حوالے سے ہم دیکھتے ہیں تو جب متحدہ ہندوستان میں کانگریس اور مسلم لیگ کی حکومت ایک عرصہ کیلئے رہی، خزانے کا قلمدان لیاقت علی خان صاحب کو سونپا گیا تھا اور مولانا ابوالکلام آزاد کی کتاب India Wins Freedom میں وہ لکھتے ہیں کہ لیاقت علی خان صاحب نے یہ پالیسی اپنائی تھی کہ جو بھی فائل ان کے پاس جاتی تو وہ اس بیٹھ جاتے اور نتیجتاً یہ ہوا کہ سردار پٹیل اور نہرو نے تنگ آ کر اپنے لیڈر گاندھی کی مخالفت کے باوجود قائد اعظم محمد علی جناح کے ہمراہ ہندوستان کو دولخت کرنے پر وہ تیار ہو گئے۔ جناب سپیکر! ہندوستان بڑا ملک تھا، اگر دولخت بھی ہوا تو پھر بھی اس سے کافی حصے بچ کے رہ گئے ہیں۔ اگر یہی خسارے کے بجٹ جاری رہیں اور محکمہ خزانہ رہا، میں اللہ سے دعا کروں گا کہ اس کام پر کم از کم شاہ راز خان کو مامور نہ کریں۔ جناب سپیکر! وزیر خزانہ صاحب اپنی بجٹ تقریر میں اس امر کو بڑی جرات اور بہادری سے بیان کرتے ہیں کہ یہ بجٹ انہوں

نے چیمبر آف ایگریکلچر، کامرس، انجمنوں، تاجران، ماہرین اقتصادیات اور تعلیم کے علاوہ میڈیا اور طلبہ کے مشورے سے بنایا ہے لیکن جنہوں نے ان کو پاس کرنا ہے، ان کا ذکر تک نہیں ہے۔ (تالیاں) یعنی جناب سپیکر، ۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب! اگر Interruption نہ ہو، یہ آپ نے سیکرٹریوں کے بارے میں بات کی ہے، وہ سارے میرے سیکرٹری کے دفتر میں بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: طریقہ تو سر، یہ نہیں تھا کہ یہاں پر بیٹھ جائیں۔ صحیح ہے سر، لیکن جنہوں نے اس کو پاس کرنا ہے، ان کا ذکر تک نہیں ہے یعنی اس گناہ میں ہم ان کے ساتھ شریک نہیں ہیں۔ جناب سپیکر! ان کے جذبہ سچائی کو تو میں سلام پیش کرتا ہوں مگر انداز حکمرانی کو دیکھتے ہوئے وہ مغل اعظم میں ایک گیت تھا کہ "جب رات ہے ایسی متوالی تو صبح کا عالم کیا ہوگا"، جناب سپیکر، وزیر خزانہ صاحب بجلی کے خالص منافع پر حسب سابق وفاق کو غاصب قرار دیتے ہیں، وہ یہ سمجھتے ہیں جناب سپیکر، کہ انہوں نے ایک فیصلہ کیا تھا، ثالثی تھی، جو بھی تھی، وفاق کو چاہیئے تھا کہ وہ اس پر عملدرآمد کراتے اور حسب سابق، حسب روایت ہمارے قائد، جناب شیرپاؤ خان کو بھی موردالزام انہوں نے اپنی Post budget تقریر میں قرار دیا ہے حالانکہ جناب سپیکر، اسمبلی کے ریکارڈ پر دیکھیں ہم نے ہمیشہ ثالثی کی مخالفت کی تھی اور یہ سمجھتے تھے کہ ایک آئینی فارمولے کی موجودگی میں یہ حکومت اور صوبہ سرحد کے عوام کے ساتھ زیادتی ہوگی کہ ہم ثالثی کی جانب جائیں اور ہم نے ہمیشہ اس کی مخالفت بھی کی تھی اور ہم آگے بجٹ تقریر میں ہی دیکھتے ہیں کہ یہ جو ثالثی کا مشورہ تھا، وہ چھٹے مالیاتی کمیشن کے اجلاسوں کے دوران ہمارے سابق وزیر خزانہ کی طرف سے آیا تھا یعنی نہ اس میں ہاؤس شریک ہے، نہ اس میں کیبنٹ شریک ہے، یہ جو فیصلہ تھا، یہ ہمارے سابق وزیر خزانہ کا تھا کہ آئینی فارمولے سے ہٹ کر وہ ثالثی کی طرف چلے گئے تھے۔ جناب سپیکر! ان کا خیال یہی ہوگا کہ ایم ایم اے حکومت کو ایک Fiscal space مل جائیگا۔ اگر اس میں جو بھی ہاتھ آجاتا ہے تو وہ کریڈٹ یقیناً ایم ایم اے حکومت کو جائے گا لیکن جناب سپیکر، جب ہاتھ کچھ نہ آیا تو الزام شیرپاؤ خان پر اور چند اور وفاقی وزراء پر لگ گیا اور بقول شاعر جناب سپیکر، میں ایم ایم اے کیلئے کہنا چاہونگا

دامن پر کوئی چھینٹ نہ خنجر پر کوئی داغ          تم قتل کرے ہو کہ کرامات کرے ہو

یعنی اگر وہ ان کے فائدے میں بات چلی جاتی تو یقیناً گریڈٹ ان کا تھا اور جب کچھ ہاتھ نہ آیا تو وہ سارا الزام دیگر وفاقی وزراء پر ہے۔ جناب سپیکر! 600 ارب کا Claim تھا جو کہ بجٹ دستاویز اور وائٹ پیپر کے مطابق ہے، اس کو 110 ارب میں تبدیل کر دیا گیا یعنی اسکا ایک بٹہ چھ ہو گیا، اسکا چھٹا حصہ ہو گیا۔ ہونا تو یہ چاہئیے تھا کہ حکومت جرات کا مظاہرہ کرتی اور سابق وزیر خزانہ کا مواخذہ کرتی۔ میں تو یہ کہوں گا کہ مواخذہ کرتی کیونکہ چھٹی مالیاتی کمیشن میں انہوں نے ہی حکومت کو Represent کرنا تھا          (تالیاں)          وہ یہ چیز سامنے لے کر آئے تھے لیکن ان سے پوچھا جاتا کہ آپ نے اتنا بڑا سمجھوتہ کن شرائط پر کیا اور کیا سوچ کر کیا؟ لیکن جناب سپیکر، ایسا کچھ نہیں کیا گیا اور اب ہماری وہ حالت ہے کہ شملہ معاہدے کی طرح ہم اپنے سٹینڈ سے Detract ہو گئے ہیں۔ اب اگر ہم پرانے اے جی این قاضی فارمولے کی بات کرینگے تو ہمیں ثالثی کے متعلق بتایا جائے گا کہ یہ آپ کی حکومت کا سٹینڈ تھا اور آئیے اب ہم اس پر بات کریں۔ جناب سپیکر! اس طریقے سے صوبے کے غریب عوام کا جو استحصال ہوا ہے، میرے خیال میں اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ اگر چوبیس اضلاع میں بھوک، افلاس اور غربت کی یقین دہانیاں ہی کرانی تھیں اور ڈیرہ اسماعیل خان کے عوام کو لفٹ کینال کے کاغذی منصوبے ہی دینے تھے جناب سپیکر، تو 600 ارب کے بناتے، وہ اور زیادہ بنتے۔ وہ حصہ بھی ہمیں اور زیادہ ملتا کیونکہ کل تک جو بات تھی چھ سو ارب کی، اب وہ ایک سو دس پر ہے۔ جناب سپیکر! حکومت یہ کہتی ہے کہ یہ طے ہوا تھا کہ اس کو کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جائے گا لیکن یہ 07-2006 کی وائٹ پیپر ہے اور میں ساتھ لایا ہوں جناب سپیکر، اس میں ایسی کوئی شق نہیں ہے، یہ وہ ثالثی کمیشن کے متعلق ہے، اس میں ایسی کوئی بات نہیں ہے کہ اس کو عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا اور اس میں وفاق کی طرف سے کوئی بھی گارنٹی نہیں ہے۔ وفاق کی طرف سے اگر ہے تو ان کی طرف سے Endorsement ہے۔ اگر Endorsement کو وہ گارنٹی سمجھتے ہیں جناب سپیکر، تو میرے خیال میں یہ موجودہ حکومت کی طرف سے جیسے انہوں نے جمالی صاحب کی زبانی بات کو ان کی طرف سے ایک وعدہ سمجھ لیا تھا اور چھ ارب کی بجائے انہوں نے آٹھ ارب Reflect کیے تھے تو میرے خیال میں یہ ان کی غلطی

ہے، یہ وفاق کی طرف سے نہیں ہے۔ یا جناب سپیکر، اس ایوان کو اعتماد میں لیا جائے کہ ثالثی کا جو فیصلہ ہوا ہے کیا وہ چند اربوں روپے کے بڑے منصوبے تو نہیں ہیں جو کہ ضمنی بجٹ میں موجود ہیں؟ ضمنی بجٹ کے صفحہ چار پر موجود ہیں اور ایک خوش قسمت ضلع میں انکی بہتات ہے اور جس سے ضمنی بجٹ کا جو حجم ہے، وہ 13.7 ارب سے بھی تجاوز کر گیا ہے لیکن پھر بھی جناب سپیکر، وفاق غاصب ہے حالانکہ PSDP میں دیکھیں تو سرحد حکومت سال 05-2004 میں اس کو 1.8 ارب، اگلے سال کیلئے 3.3 ارب اور موجودہ سال کیلئے 8.3 ارب کا تخمینہ لگایا گیا ہے لیکن پھر بھی جناب سپیکر، وہ غاصب ہے۔ اسی طرح جناب سپیکر، وائٹ پیپر کے صفحہ ث 4 پر وفاق کی طرف سے گرانٹ بھی ان چند سالوں میں 4ارب سے بڑھ کر جناب سپیکر، 9.7ارب رہی ہے اور اس سال کیلئے 11.9 ارب کی توقع ہے لیکن پھر بھی جناب سپیکر، وفاق کو غاصب قرار دیا گیا ہے۔ اگر باوجود غصب کے دوسری اطراف میں تعاون اتنا بڑا ہے کہ PSDP میں بھی حصہ بڑا ہے، گرانٹ بھی ملی ہے، اربوں روپے کے منصوبے بھی جاری ہیں تو جناب سپیکر، ہمارے سامنے وہ محرکات رکھے جائیں کہ ثالثی کو کس لئے انہوں نے قبول کیا کیونکہ آگے صدارتی الیکشن ہے اور بقول شاعر

بے چارہ پیادہ تو ہے ایک مہرہ ناچیز فرضی سے بھی پوشیدہ ہے شاطر کا ارادہ

جناب سپیکر! موجودہ حکومت نے مالی انتظام کے متعلق بھی کافی دعوے کیے بلکہ یہ کہا گیا کہ مالی انتظام جو ہے اس حکومت کا، نہ صرف عالمی اداروں نے اس کی تعریف کی ہے بلکہ وفاق کیلئے بھی ایک نمونہ ہے لیکن جناب سپیکر، جب وائٹ پیپر ہم کھول کر دیکھتے ہیں تو اس سے میں تو چکرا کر رہ گیا اور اس امید پر ایوان میں رکھ رہا ہوں کہ اگر کسی کو سمجھ آئے کہ یہ مالی انتظام ہے تو بدانتظامی کیا ہے؟ جناب سپیکر، صفحہ 37 اور 38 پر بتایا گیا ہے کہ ایک مربوط طریقہ کار سے وفاق کا 12.9 ارب کا قرضہ ہم نے وقت سے پہلے واپس کر دیا جسکی وجہ سے سالانہ طور پر ہمیں 3 ارب کی بچت ہو رہی ہے۔ جناب سپیکر! بہت اچھی بات تھی لیکن اسی وائٹ پیپر کے صفحہ 4 پر موجودہ سال کیلئے 7.6 ارب روپے کا ترقیاتی قرضہ Reflect کیا گیا ہے، 7.6 ارب اور صفحہ 36 پر حکومت کے ذمے وفاق کا جو قرضہ اس وقت تک باقی ہے، وہ 18.5 ارب روپے ہیں یعنی 18.5 ارب روپے اب تک صوبے کے ذمے وفاق کا ہے اور اس سال کا جو قرضہ ہو گا جناب سپیکر، وہ 7.6 ارب روپے ہیں یعنی 140 فیصد اضافہ

ہوا ہے اور یہ مالی انتظام ہے۔ جناب سپیکر! اس قرضے سے میں سمجھتا ہوں کہ جو خمیازہ ہوگا، وہ اگلی حکومتوں کو بھگتنا ہوگا اور منصوبے جو ہوں گے، وہ چند مخصوص اضلاع میں ہی سرانجام پائیں گے۔ جناب سپیکر! صفحہ 77 پر حکومت خود یہ کہتی ہے کہ صوبہ سرحد اور وفاق کے باقی جو یونٹس ہیں، ان میں آمدنی کے حوالے سے عدم مساوات بڑا ہے۔ یہ وائٹ پیپر کہتا ہے جناب سپیکر، جس کی وجہ انہوں نے کمزور معاشی پالیسیاں لکھی ہے حالانکہ ہم دیکھتے ہیں کہ حکومت یہ دعویٰ کرتی ہے کہ ہم نے انقلابی، صنعتی اور زرعی پالیسی دی ہے جبکہ وائٹ پیپر کہتا ہے کہ کمزور معاشی پالیسیوں کی وجہ سے آمدنی میں عدم مساوات بڑا ہے۔ اسی طریقے سے جناب سپیکر، چند سالوں میں کفایت شعاری کے متعلق بھی کہا گیا، وزراء کی تنخواہیں ایک ایک ہزار کٹائی گئیں مگر وائٹ پیپر کی صفحہ ث 4 پر اخراجات جاریہ موجودہ حکومت کے دور اقتدار میں 36 ارب سے بڑھ کر 61 ارب ہو گئے ہیں جو کہ تقریباً 70% اضافہ ہے جناب سپیکر، اور یہ مالی معاملات میں بہتری آئی ہے جبکہ دوسری طرف جناب سپیکر، اس درویشانہ حکومت میں عوام کا جو حال ہے، اس کے متعلق تو میں یہ کہوں گا کہ

ہم کو تو میسر نہیں مٹی کا دیا بھی گھر پیر کا بجلی کے چراغوں سے ہے روشن

(تالیاں)

جناب سپیکر! امن وامان کے حوالے سے میں یہ کہوں گا کہ ایم ایم اے حکومت نے اپنی Vision کی بات کی ہے اور اس میں امن وامان کو اپنے آٹھ نکاتوں میں نکتہ چھ پر رکھا گیا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ امن وامان کو کس قسم کی توجہ دی جارہی ہے حالانکہ سر، ریاست کا بنیادی نکتہ جو ہوتا ہے، وہ امن و امان ہوتا ہے اور حکومت کی عملداری ہوتا ہے اور اسلامی تاریخ کے حوالے سے بھی دیکھیں تو حضور ﷺ نے ظہور اسلام سے پہلے مدینہ میں جو حکومت تھی، یہودیوں کے ساتھ بھی معاہدہ کیا تھا کہ اگر مدینہ پر حملہ ہو تو آپ اور ہم مل کر اس کا دفاع کریںگے یعنی کفار کے ساتھ بھی انہوں نے امن وامان کی خاطر ایک معاہدہ کر لیا تھا لیکن آج حال یہ ہے سر، کہ صرف بیانات ہی ہیں حکومت کی طرف سے کہ اس میں وفاق کی پالیسیاں ہیں اور عام آدمی جو ہے سر، وہ امن وامان سے پریشان ہے۔ جناب سپیکر! ممتاز بنگش کی تجزیاتی رپورٹ کی مطابق گزشتہ نو ماہ میں انیس دھماکے ہو چکے ہیں اور ہماری حکومت صرف اخباری بیانات پر تکیہ کیے ہوئے ہے۔ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ گر واقعی ان کا یہ

خیال ہے کہ اس میں ایجنسیاں ملوث ہیں تو جس طریقے سے وزیر اعلیٰ صاحب نے آئی بی اہلکار کے خلاف ہر فورم پر آواز اٹھائی اور اس کو ایک جگہ تک پہنچایا تو یہ معاملات بھی اس ایوان میں لاتے۔ اگر واقعی اس میں ایجنسیوں کا ہاتھ ہوتا تو ہم وفاق کی بجائے حکومت کا ساتھ دیتے لیکن اگر ان کے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے اور اس قسم کے بیانات وہ دے رہے ہیں، بلکہ آگے چل کر جناب سپیکر، ہمارے وزیر صاحب اپنی بجٹ تقریر کے صفحہ 10 پر کہتے ہیں کہ "آئیے آپ اور ہم سب مل کر امن وامان کیلئے دعا کریں"، حکومت کا کام دعائیں تو نہیں ہوتا، حکومت تو اپنے ایکشن سے لوگوں کے سامنے آتی ہے۔ ایک لائحہ عمل ہوتا ہے اور اگر دعاؤں پر کام ہوتا تو حضور ﷺ بذات خود غزوات میں کیوں شریک ہوتے؟ ابوبکر صدیق زکوۃ ادا نہ کرنے والوں کے خلاف جہاد کیوں کرتے؟ لیکن ہماری موجودہ حکومت کہتی ہے کہ آئیں آپ اور ہم مل کر امن وامان کیلئے دعا کریں۔ جناب سپیکر! میں تو صرف یہی کہوں گا کہ

یہ ناداں گر گئے سجدوں میں جب وقت قیام آیا

ابھی تو یہ چاہیئے تھا کہ یہ کوئی سٹینڈ لیتے جس طریقے سے صوبے کے حالات ہیں لیکن ہماری حکومت دعاؤں پر ہی اکتفاء کیے ہوئے ہے۔ جناب سپیکر! ہماری حکومت آگے چل کر کہتی ہے کہ جب ہم نے قرآن مجید کے ضابطے کے مطابق حکومت کا طریقہ کار مرتب کیا تو اللہ کی مدد بھی آ پہنچی اور صوبہ سرحد میں تیل اور گیس کی ذخائر بھی آ گئے حالانکہ وائٹ پیپر میں اگر دیکھیں، صفحہ 48 پر یہ ہے کہ چندہ کے مقام پر ان ذخائر کیلئے 1999 سے تگ و دو شروع ہوئی۔ اپنے اس دعوے کے حق میں جناب سپیکر، سورۃ اعراف کی آیت نمبر 96 کا ذکر کیا گیا ہے۔ اگر جناب سپیکر، وسائل سے مراد سود کی رقم ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کا دعویٰ بالکل ٹھیک ہے کیونکہ وائٹ پیپر کے صفحہ 138 A کے مطابق اس مد میں گزشتہ تین سالوں میں 70 ملین سے 80 ملین تک رقومات آئیں اور اگلے سال کیلئے جناب سپیکر، 93.8 ملین سود کی مد میں اس اسلامی حکومت کو ملیں گے جو کہ 35% اضافہ ہے۔ جناب سپیکر! ہمارے سابق وزیر خزانہ صاحب نے بارہا کہا کہ ہم سود کی طرف سے بتدریج واپسی کر رہے ہیں، اس کیلئے اسلامی بینکاری کا بھی کہا گیا۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اسرار اللہ خان! کٹوتی تحاریک کیلئے آپ کچھ نہیں چھوڑ رہے ہیں؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جی، سر؟

جناب سپیکر: کٹ موشن جو ہیں، اس کیلئے آپ کچھ۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! بس ایک دو ہی نکتے اور ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، بس ختم کریں ناں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! سود سے اگر بتدریج واپسی یہ ہے کہ 70 ملین سے وہ 80 ملین تک پہنچ آئے اور اگلے سال کیلئے 93.8 ملین ہیں تو جناب سپیکر، ویسے بھی کہتے ہیں کہ سودی نظام اللہ سے جنگ کے مترادف ہے اور اقبال اپنے بال جبریل میں لکھتے ہے:

بتوں سے تجھ کو امیدیں خدا سے ناامیدی　　　مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے

جناب سپیکر! ترقیاتی فنڈ اور حکومت کا جو ضابطہ کار رہا ہے، اس کے متعلق میں اتنا کہوں گا کہ پہلے سال کے بعد مجھے اے ڈی پی کھولنے کا غم ہی نہیں رہا کیونکہ جو طریقہ کار تھا اور پی اینڈ ڈی کی موجودگی میں جو بلاک ایلوکیشن کی اصطلاحیں سامنے آئیں تو جناب سپیکر، وزیر اعلیٰ صاحب کی چھتری کے نیچے آنے کے فن سے نہ میں آشنا تھا اور نہ ہوں اور یقیناً جب بجٹ کی تقاریر ہوتی تھیں تو اندر کی تلخی الفاظ میں آتی تھی جس سے وزراء صاحبان کو بھی شاید تکلیف پہنچی ہو اور وزیر اعلیٰ صاحب کا بھی استحقاق مجروح ہوا ہو۔

جناب سپیکر: آخر میں چونکہ آپ ایسا نہیں کریں گے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: لیکن جناب سپیکر، ہر تقریر کے بعد مجھے یہ عندیہ دیا گیا کہ وزیر اعلیٰ صاحب کے جو خاص آدمی ہیں، وہ میرے والد صاحب اور محکمہ زراعت کے بلڈوزروں کے کیس کی پیروی کر رہے ہیں اور ایوان میں بھی کسی کو یہ ذمہ داری سونپنے کی کوشش کی گئی کہ اس کیس کو Highlight کیا جائے۔ جناب سپیکر! ممبران کی مہربانی ہے، کسی نے بھی اس طرف کوئی بات نہیں کی حالانکہ میں نے کسی سے درخواست نہیں کی تھی بلکہ یہ کہا تھا کہ اگر آپ اس کے متعلق کچھ کہنا چاہتے ہیں تو بالکل کہیں لیکن اگر بات کسی کے کردار کی جانب آئے گی تو بات نکلے گی تو پھر دور تلک جائے گی۔ جناب سپیکر! میں بتا تا چلوں کہ وہ کیس نہ صرف ہمارے حق میں فیصلہ ہو چکا ہے اور

درانی صاحب کو بھی یہ بتاتا چلوں کہ ان چار، پانچ سالوں میں میرا نہ ان کی ذات سے اختلاف تھا اور نہ ہے لیکن ان کے انداز حکمرانی سے اختلاف کل بھی تھا اور آج بھی ہے۔ میں سر، ان کی جماعتی مجبوریوں کو بھی سمجھتا تھا اور یہ بھی سمجھتا تھا کہ وہ ایک جماعت کے رکن بھی ہیں وزیر اعلیٰ کے ساتھ ساتھ اور اپنی جماعت کے فیصلوں کے برعکس اگر میرا ساتھ دیں گے تو مجھے پتہ تھا کہ وہ اپنا نام سنہرے الفاظ میں لکھوانے کے خواہشمند نہیں تھے بلکہ انہوں نے حکومت ہی کرنی تھی۔ مجھے اگر ان سے گلہ تھا تو وہ صرف یہ تھا کہ

کوئی کارواں سے ٹوٹا کوئی بدگماں حرم سے　　کہ امیر کارواں میں نہیں کوئی دل نوازی

شکریہ، سر۔　　(تالیاں)

<u>جناب انور کمال</u>: جناب سپیکر!۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب انور کمال خان۔

<u>جناب انور کمال</u>: ایک استدعا کرنا چاہتا ہوں، جناب سپیکر۔ یہ کل 23 تاریخ کا ایجنڈا آپ نے دیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ کل چونکہ ہفتے کا دن ہے، اکثر ہمارے ایم پی اے حضرات اپنے اپنے علاقوں میں جاتے ہیں۔ پچھلے سال بھی جناب سپیکر، ہم ایجنڈا 17 جون کو پیش کیا تھا اور ہم نے 30 جون تک سب کچھ مکمل کر دیا تھا تو اب بھی کل کی دو نشستیں آپ نے مقرر کی ہیں جو میرے خیال میں ہمارے اکثر ممبران کیلئے مشکلات کا باعث بنیں گی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں جائیں گے۔ آپ برائے مہربانی، ہاؤس کا موڈ بھی مجھے ایسے نظر آ رہا ہے کہ وہ کل ہفتے کا دن ہے، اس ایجنڈے کو Monday کیلئے کر لیں اور انشاء اللہ ہم بھی آپ کے ساتھ تعاون کریں گے جو کٹ موشنز کے حوالے سے ہوگا، جو ڈیمانڈ وغیرہ ہوں گی، وہ اس سے پہلے بھی ہوتی رہی ہیں اور آج۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: تو میرے خیال میں اگر تعاون کی ابتداء آج ہی سے کر لیں، فنانس منسٹر کو تقریر کرنے دیں۔

<u>سید مظہر علی قاسم</u>: سر! ہم نے بات کرنی ہے۔ ذرا بات کرنی ہے، کچھ ضروری چیزیں ہیں۔

<u>جناب انور کمال</u>: وہ اپنی جگہ پر کر لیں، اس میں کوئی قباحت نہیں ہے لیکن کل کی چھٹی کروا کر۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، اب اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا اگر آج شاہ راز خان تقریر کرتے ہیں تو جو کٹ موشنز کیلئے دو دن ہیں، اگر آپ وہ دو دن جو Mandatory ہیں، دیتے ہیں تو پھر آپ کا بجٹ یکم جولائی تک چلا جائیگا چونکہ 30 تاریخ تک آپ کی Last date ہے تو پھر آپ اس کو Extend نہیں کر سکتے کیونکہ دو دن تو آپ نے دینے ہی ہیں۔

سید مظہر علی قاسم: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: اگر آپ کہیں لیکن چھٹی آپ ہفتے کو دیں۔

جناب نثار صفدر جدون: جناب سپیکر! چھٹی ہفتے کی ہونی چاہئیے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کٹ موشنز۔۔۔۔۔۔

جناب نثار صفدر خان: اگر آپ کہتے ہیں تو میں اپنی تقریر چھوڑ دوں گا لیکن چھٹی ہفتے کو دیں کیونکہ ہفتہ اور اتوار، لوگ ہمارا انتظار کرتے ہیں Saturday کو اور ہمارا Sunday ایک دن ہوتا ہے، وہاں لوگوں کو Attend کرنا پڑتا ہے۔

جناب مظہر علی قاسم: آپ آج ہی ہمیں اگر تقریر کرنے دیں تھوڑا تھوڑا، ایک پوائنٹ ہے جو۔۔۔

جناب سپیکر: کیا؟

جناب مظہر علی قاسم: یہ جو تقریر کا آپ کہہ رہے ہیں کہ بھئی شاہ راز خان کو کرنے دیں۔ یہاں پر ہم آئے ہیں، یہاں پر کچھ مسائل ہیں جو لازمی طور پر بیان کرنے ہیں۔ ہمیں آپ تھوڑا تھوڑا وقت دیں تاکہ ہم آج ہی اس سے فارغ ہو جائیں۔

ڈاکٹر سمین محمود جان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: نہیں، پہلے۔۔۔۔۔

ڈاکٹر سمین محمود جان: جناب سپیکر صاحب! ہم نے بھی بجٹ پر تقریر کرنی ہے۔

جناب سپیکر: یہ دیکھیں، میرے خیال میں جو پروگرام آپ کو دیا گیا تھا کہ جو معزز اراکین اسمبلی تقریر کرنا چاہیں بجٹ پہ تو 18 جون بروز پیر تک، لیکن ابھی میرے پاس نام آرہے ہیں، ابھی بہت سارے نام آرہے ہیں کہ ہم تقریر کرنا چاہتے ہیں تو میرے پاس تو۔۔۔۔۔

ڈاکٹر سمین محمود جان: سر! میں نے تو 16 جون کو دے دیا تھا، 16 جون کو۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: آج شام تک جاری رکھیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں شام تک نہیں، میرے خیال میں جمعہ کا وقفہ کریں گے اور Continue رکھیں گے لیکن یہ ہے کہ ہفتے کی چھٹی کا آپ کہہ رہے ہیں۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! میرے خیال میں اگر شام کی نشست ہوئی جمعہ کی نماز کے بعد تو یہ آج ختم ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔ جی عبدالاکبر خان صاحب، تقریر۔

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ (تالیاں) میں مشکور ہوں جی۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکھیں جب ہم 2nd time پہ اجلاس رکھیں گے تو ممبران سے استدعا ہے کہ وہ بھی حاضری کو یقینی بنائیں۔ ہم رات دیر تک اجلاس کو جاری رکھ سکتے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں مشکور ہوں اور میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لونگا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں مہربانی ہوگی آپ کی۔

جناب عبدالاکبر خان: کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک Routine کی کارروائی ہے اور یہ سلسلہ چار سال سے نہیں بلکہ کافی سالوں سے اس طرح چلتا آ رہا ہے کہ ہم تقریریں کرتے ہیں، آپ سنتے ہیں، اخبار والے لکھتے ہیں اور باہر جو لوگ ہیں، وہ کل اخباروں میں دیکھیں گے دو، تین لائنوں میں کہ فلاں نے کیا کہا؟ اور اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ جناب سپیکر، میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ کسی ممبر نے یہاں پر اگر اچھی Suggestion بھی دی ہو اور وہ کبھی بجٹ میں Incorporate ہوئی ہو یا وہ اے ڈی پی میں Incorporate ہوئی ہو کیونکہ حکومت اس کو اپنی انا کا مسلہ بناتی ہے اور پھر وہ ہر حالت میں اس بجٹ کو پاس کروانا چاہتی ہے، اسلئے ایک Routine ہے لیکن افسوس اس بات پر ہے کہ اس بجٹ پر انگوٹھا تو ہم سے لگوایا جارہا ہے لیکن اس بجٹ کو بناتے وقت ہم سے کس نے بھی مشورہ نہیں کیا۔ بجٹ کو بناتے وقت میرے خیال میں، میں نہیں سمجھتا کہ اگر منسٹرز کو پتہ ہو تو ہو گا لیکن گورنمنٹ کے باقی ایم پی ایز کو بھی پتہ نہیں کہ بجٹ میں کیا ہو رہا ہے جناب سپیکر؟ اسلئے

میں سمجھتا ہوں کہ 1937 میں جب اسمبلی کا پہلا بجٹ پیش ہوا تھا، اس سے لیکر آج تک ایک RoutineکاBureaucratic Budgetاس اسمبلی میں پیش کیا جاتا ہے اور وہی بجٹ جو ہے ناں، صرف اس وقت جو تھا اب ہر سال الفاظ کے ہیر پھیر ہوتے ہیں یاYear changeہوتا ہے، باقی وہی طریقہ کار ہے جو 1937 میں تھا۔ اسلئے جناب سپیکر، جب عوام کے منتخب نمائندوں کو یعنی اس کا مطلب ہے کہ یہ عوام اس اسمبلی میں بیٹھے ہیں، یہ پتہ بھی نہیں کہ ان سے جو پیسہ لیا جا رہا ہے، وہ ان پر کیسے خرچ کیا جا رہا ہے؟ اور دوسری جناب سپیکر، یہاں پر 90% اور 80% اگرSpeechesہوئیں تو وہBasicallyاے ڈی پی کے متعلق ہوئیں، اے ڈی پیOne-third بھی نہیں ہےTotal Budgetکا، اگرOne-thirdبھی ہے توTwo-thirdکے متعلق کوئی زیادہSpeechesنہیں ہوئیں اور یہ تقریباً اسی ارب روپے وہ پیسہ ہے جس کا کسی کو پتہ نہیں کہ کیسے خرچ ہو رہا ہے؟ جس پر کسی کی بھی Interest نہیں تو وہ کیسے خرچ ہو رہا ہے؟ جناب سپیکر!Utility billsکے نام پر،Discretionary grantکے نام پر، مختلف چیزوں کے نام پر یہ اسی ارب روپے اس صوبے کے عوام کا خرچ ہوتا ہے لیکن نہ بجٹ سے پہلے ہمیں کوئی پتہ ہوتا ہے کہ کیسے خرچ ہوگا، نہ بجٹ کے بعد_ میں جی آپ کی توجہ چاہتا ہوں کہ اگر۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب، پلیز۔

جناب عبدالاکبر خان: اگر منسٹر صاحبان بھیDecorumکا خیال نہیں رکھتے، بہر حال جناب سپیکر، یہاں پر اے ڈی پی کی بھی باتیں ہوئیں، وہ میں بعد میں بات کروں گا جناب سپیکر، لیکن یہاں پر یہ دیکھنا ہے کہ کیا ڈیویلپمنٹ کا مقصد روڈز بنانا اور بلڈنگز بنانا ہے؟ جناب سپیکر! جو قومیں اپنے وسائل کو ان چیزوں پر خرچ کرتی ہیں اور جوMain factorکہ لوگوں کی بھوک اور افلاس، ان کی تعلیم، ان کی صحت اور ان کے روزگار کی طرف اگر توجہ نہیں دیتیں تو جناب سپیکر، میں نے اس اسمبلی میں خود دیکھا ہے کیونکہ اگر صرف ترقیاتی کاموں سے ووٹ ملنا ہوتا تو کوئی بھی پارٹی جو حکومت میں آج ہے، وہ کل اپوزیشن میں نہ ہوتی۔ کوئی بھی پارٹی آج اگر حکومت میں ہے تو وہ کل بھی حکومت میں ہوتی لیکن جب ہم تاریخ کو دیکھتے ہیں تو جو پارٹی آج حکومت میں ہوتی ہے، وہ کل حزب اختلاف میں ہوتی ہے اور آج جو حزب اختلاف میں ہوتے ہیں، وہ کل حکومت میں وہ

اسلئے کہ لوگوں کو اس سے اتنی غرض نہیں ہوتی، یہ 20 to 25% count کرتے ہیں کہ آپ نے روڈ بنایا کہ نہیں؟ لوگ بھوک کو دیکھتے ہیں جناب سپیکر، ایک بھوکے شخص کیلئے روٹی سب سے زیادہ ضروری ہے، کپڑا سب سے زیادہ ضروری ہے، اس کے بچے کا علاج اور اس کے بچے کی تعیم سب سے زیادہ ضروری ہے بجائے اس کے کہ آپ روڈز ان کیلئے بنائیں اور بلڈنگیں بنائیں۔ اسلئے جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ اس صوبے کے لوگوں کا جو معیار زندگی ہے، ہم نے اس کو Develop کرنے کیلئے کیا کیا؟ اس بجٹ میں اس کیلئے کیا ہے؟ اس صوبے کا ستر، پچھتر فیصد آبادی زراعت پیشہ ہے اور ستر، پچھتر آبادی زراعت کے پیشے سے وابستہ ہے لیکن جب جناب سپیکر، ہم بجٹ دیکھتے ہیں تو 0.8% آپ سارے ایگریکلچر کی ڈیویلپمنٹ کیلئے Allocate کرتے ہیں۔ اب جناب سپیکر، آپ اگر سارے ایگریکلچر کو جس سے لوگوں کی پچھتر فیصدی آبادی وابستہ ہے، ایک پرسنٹ بھی نہیں دیتے اپنے ٹوٹل اے ڈی پی کا تو وہ سیکٹر ترقی کیسے کریگا؟ اور جب وہ سیکٹر ترقی نہیں کریگا تو آپ کو Job opportunities کیسے مہیا ہوں گی، لوگوں کا معیار زندگی کیسے بلند ہوگا، لوگ کھانا کیسے کھائیں گے، علاج کیسے کریں گے، تعلیم کیسے حاصل کریں گے جب آپ ان کو اپنے اے ڈی پی کا اتنا معمولی حصہ دیتے ہیں؟ اور دوسری طرف جناب سپیکر، یہ اس صوبے کا پہلا موقع ہے کہ آپ نے ایگریکلچر کو Income generating کا ذریعہ بنادیا ہے کہ آپ اس سے پیسہ اکٹھا کریں گے اور وہ پیسہ آپ پھر Development پہ لگائیں گے۔ یہ تو کبھی ہوا نہیں، سر۔ ایگریکلچر کو آپ Develop کریں گے، اس سے آپ Job opportunities پیدا کریں گے، Fields بڑھائیں گے، لوگوں کو نئے نئے طریقے بتائیں گے تب ہی لوگ اس طرف آئیں گے۔ جناب سپیکر! آج جو Cities میں یہ اتنا رش بڑھ رہا ہے، سارے دیہاتی لوگ جو Cities میں Shift ہو رہے ہیں تو اس کی وجہ یہی ہے کہ وہاں پر ان کو Opportunities نہیں مل رہی ہیں تب ہی تو وہ ادھر آکے یہاں پر مزدوری کرتے ہیں۔ آپ دیکھیں جناب سپیکر، آپ یہاں سے حیات آباد جاتے ہیں تو راستے میں فٹ پاتوں پر رات کو کتنے لوگ سوتے ہیں؟ دیکھیں جو فٹ پاتوں پر سوتے ہیں، یہ وہی لوگ ہیں جو دیہاتوں سے آئے ہوتے ہیں اور شہروں میں مزدوری کرتے ہیں اسلئے جناب سپیکر، کہ وہاں پر انکو کوئی چیز نہیں ملتی۔ دوسری جناب سپیکر، ایگریکلچر کے

بعد Minerals اور Mines جو ہیں، وہ آپ کے صوبے کے سب سے زیادہ Assets ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس صوبے کو اتنے اچھے اچھے وسائل سے نوازا ہے کہ آپ یقین نہیں کر سکتے کہ کتنے وسائل ہیں لیکن جناب سپیکر، جب میں نے اے ڈی پی دیکھی تو سارے Mineral Department کو ایک کروڑ روپے دیئے گئے ہیں جناب سپیکر۔ 39 بلین میں یعنی 3900 کروڑ میں ایک کروڑ روپے آپ نے Mineral Department کی ڈیویلپمنٹ کیلئے دیئے اور وہ بھی پھر Maping کیلئے دیئے۔ جناب سپیکر! آپ خود اس علاقے سے تعلق رکھتے ہیں جہاں پر اللہ تعالیٰ نے یہ Minerals پیدا کیے ہیں۔ اب جناب سپیکر، اس صوبے میں کتنا Potential ہے؟ میں کہتا ہوں کہ آپ لاکھوں لوگوں کو روزگار دلا سکتے ہیں، لاکھوں لوگوں کو برسر روزگار کر سکتے ہیں اگر آپ نے اس سیکٹر کو Develop کیا، اگر آپ نے اس سیکٹر کو Properly develop کیا اور اس پر فنڈز لگائے لیکن پھر میں کہتا ہوں کہ آج Mineral development Department جو ہے، وہ Income generating Department بن گیا ہے۔ وہ آپ کو تیرہ، چودہ، پندرہ کروڑ روپے سالانہ دیتا ہے لیکن آپ اسکی ڈیویلپمنٹ پر ایک کروڑ روپے لگاتے ہیں یعنی یہ ڈیپارٹمنٹ تو آپ کیلئے پیسہ پیدا کرنے کی مشینری تھا، اس کو تو آپ نے Develop کرنا تھا تاکہ اور لوگ روزگار میں آئیں۔ جناب سپیکر! آپ کو پتہ ہے کہ بلوچستان میں حب کے متعلق قرارداد بھی پاس ہوئی ہے کہ اس کو سیمنٹ زون بنایا جائے تو ہمیں بھی اللہ تعالیٰ نے اتنے وسائل دیئے ہیں Calcium carbonate اور Limestone کے کہ میں کہتا ہوں کہ پانچ سو سے بھی زیادہ سیمنٹ فیکٹریاں اس صوبے میں لگ سکتی ہیں جناب سپیکر، لیکن اگر Properly اس کو Utilize کیا جائے۔ جناب سپیکر! آپ نے انڈسٹریز کو، منرلز اور ٹرانسپورٹ اور سب ملا کے 1.4، دیکھیں جی یہی تو پرابلم ہوتا ہے کہ جب آپ پہلے سے Discuss نہیں کرتے، دنیا کے ملکوں میں یہ واحد ملک ہے، پاکستان، میں اس صوبے کی بات نہیں کر رہا، سارا ملک، کہ اس میں بجٹ اس طریقے سے بنتا ہے۔ باقی دنیا کے سارے ممالک میں بجٹ پیش ہونے سے پہلے Discuss ہوتا ہے۔ یہ آپ نے اسمبلی میں جو Standing Committees بنائی ہیں، ہر ڈیپارٹمنٹ کیلئے Standing Committee بنائی ہے، اسکا مطلب ہی یہی ہے کہ سوائے فنانس بل کے، سوائے ٹیکسیشن کے جسے

حکومت خفیہ رکھتی ہے، باقی جو بجٹ ہوتا ہے، وہ Standing Committee concerned میں ایک دو مہینے Discuss ہوتا ہے اور پھر اس میں Proposals and Suggestions گورنمنٹ کے پاس آتی ہیں لیکن پرابلم یہ ہے کہ پہلے تو Discuss ہوتا نہیں، جب بجٹ بن جاتا ہے تو پھر گورنمنٹ کی انا کا مسلہ بن جاتا ہے اور گورنمنٹ پھر اس کو پاس کرنے پر تلی رہتی ہے کہ اس کو پاس کردے۔ جناب سپیکر! آپ نے بجٹ دیکھا ہوگا، ہمارا 6 Billion انہوں نے Show کیا ہے، 6 billion total provincial resources ہیں۔ جناب سپیکر! آج سے چار، پانچ سال پہلے ہمارے جو اپنے Resources تھے، وہ Total budget کے 10% ہوا کرتے تھے، آج میں نے حساب لگایا تو یہ 5% تک آ گئے یعنی سارے بجٹ میں 95% باہر سے اور صوبے کے جو اپنے Resources ہیں، ان سے 5% آپ کو ملتا ہے، جو Shrink ہو رہا ہے، 10% سے آ کے آ کے وہ 5% تک آ گیا۔ جناب سپیکر! میں نے جس طرح ایگریکلچر کے متعلق کہا، وہ تو ڈیویلپمنٹ کے بارے میں تھا، اب میں اس کا ریونیو بجٹ بتاتا ہوں کہ جناب سپیکر، پچھلے سال، ریسرچ' ایگریکلچر یونیورسٹی کے ساتھ تھا لیکن اس اسمبلی نے وہ بل پاس کیا تو ریسرچ بھی Extension کے پاس آ گیا۔ اب پچھلے سال جب ریسرچ، اگریکلچر کے ساتھ Extend نہیں تھا، اس وقت اس کا 152 ملین یعنی پندرہ کروڑ روپے ریونیو تنخواہوں کا بجٹ تھا اور اس سال اس کیلئے 116 ملین یعنی گیارہ کروڑ روپے رکھے گئے۔ جب آپ کا سارا ریسرچ بھی اب Extension کے ساتھ مل گیا ہے اور اب ایک ہو گیا ہے تو 152 کی بجائے تو یہ 200 ملین سے زیادہ ہونا چاہئے تھا۔ میں نہیں سمجھتا، منسٹر صاحب بیٹھے ہیں اور میں کٹ موشن میں بھی اس پر Detail سے بات کروں گا کہ یہ کیسے Cope up کریں گے کہ جب Only extension تھا تو 152 ملین تھے، اب جب ریسرچ اور Extension ایک ہو گئے تو گیارہ کروڑ روپے آ گئے جناب سپیکر۔ اچھا جناب سپیکر، یہ میرے پاس Figures ہیں کہ جی یہ کہتے ہیں کہ ہم نے آبیانہ کوئی ٹیکس نہیں لگایا چونکہ۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: مظہر علی قاسم! اب اس کے بعد میں آپ کو تقریر کرنے کی دعوت دونگا۔

جناب عبدالاکبر خان: سر! انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکس فری بجٹ دیا ہے، ٹھیک ہے لیکن جناب سپیکر، جب ٹیکس فری بجٹ ہے کہ انہوں نے کوئی اور ٹیکس نہیں لگایا ہے تو مجھے یہ بتائیں کہ یہ جو لینڈ ریونیو ہے، یہ 38 کروڑ سے 60 کروڑ روپے انہوں نے پروجیکٹ کیا ہے تو یہ کدھر سے آئے گا؟ یہ تو Almost 100% increase ہے۔ جب انہوں نے اس کو زیادہ نہیں کیا، آبیانے کو زیادہ نہیں کیا تو پھر یہ پیسہ کیونکہ زمین تو وہی ہے بلکہ زمین سکڑ رہی ہے، آبادی سے اور کم ہو رہی ہے لیکن یہ ٹیکس 38 کروڑ کی بجائے 60 کروڑ جب آپ Propose کر رہے ہیں یا تو پھر آئندہ سال ٹیکس لگا رہے ہیں کیونکہ یہ اگر increase 10% ہوتا تو ہم سمجھتے کہ جی پٹواریوں نے کوئی Reform کر کے 10% کر دیا ہے لیکن یہ تو Almost 100% increase ہے۔ باہر جو کسان ہیں اور جو زمیندار ہیں، وہ حیران ہیں کہ یہ یا تو حکومت ایک نئی مصیبت ہم پر ڈالنا چاہتی ہے سال کے دوران، دوسری جناب سپیکر، صوبہ سرحد اس ملک کا واحد صوبہ ہے جناب سپیکر، کہ باقی تینوں صوبوں میں Flat rates ہیں لیکن یہ واحد صوبہ ہے کہ جہاں پر Flat rates نہیں ہیں، Different crops پر Fix کئے گئے ہیں اور باقی سارے صوبوں میں وہ فی ایکڑ Flat rates لیتے ہیں تو اس سے حکومت کو بھی آسانی ہے۔ ہم نے کئی دفعہ سراج صاحب کو بھی کہا کہ آپ کے پاس سارا جو Cultivated land ہے، اس کا ڈیٹا موجود ہے، آپ صرف جو فی ایکڑ لگاتے ہیں، اس میں ضرب دے دیں تو آپ کو آسانی سے پتہ لگ جائے گا کہ کتنا ریونیو آپ کا آتا ہے؟ اب تو وہاں پر پٹواری لوگوں پر جو عائد کرتے ہیں، وہ سب کو معلوم ہے، اسلئے باقی صوبوں نے اس کو Flat rate کر دیا ہے بجائے Crop پر انہوں نے زمین کے اس پر ٹیکس لگا دیا ہے۔ جناب سپیکر!۔۔۔

جناب سپیکر: مختصر کریں، کٹ موشنز کیلئے کچھ چھوڑیں ناں۔

جناب عبدالاکبر خان: اب جناب سپیکر، چلیں جی آپ کہتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس صوبے کا سارا جو ریونیو بجٹ ہے، وہ ایجوکیشن پر سب سے زیادہ بجٹ لگتا ہے لیکن منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں یہ نہیں کہتا، یہ خود اندازہ کریں کہ آپ کے اس ملک کی، اس صوبے کی ایجوکیشن کی کیا حالت ہے؟ آج جو Private institutions، جو پرائیویٹ ادارے ہیں، وہ اتنی سپیڈ سے بڑھ رہے ہیں اور لوگ اپنے بچوں کو جن کا کچھ نہ کچھ گزارہ ہوتا ہے، سرکاری سکولوں میں داخل نہیں

کرانا چاہتے، وہ ان کو پرائیویٹ سکول میں داخل کرانا چاہتے ہیں، اسلئے کہ ان کی Quality of education اتنی گر گئی ہے تو آپ جب اتنا بلین روپے خرچ کرتے ہیں اس صوبے کا تو کم از کم اس کی جو کوالٹی خراب ہو رہی ہے، اس پر بھی کچھ توجہ دینی چاہئے کہ یہ کیوں خراب ہو رہی ہے، کیوں لوگ Drip ہو رہے ہیں From the Government Schools to the Private Schools? پرائیویٹ سکول میں وہ بیچارے زیادہ فیس بھی دیتے ہیں لیکن ان کی مجبوری ہے کہ وہ ادھر جائیں اور اب جناب سپیکر، منسٹر صاحب کو بھی پتہ ہے کہ انہوں نے تو وائٹ یونیفارم سکول میں Allow کیا ہے کہ وائٹ یونیفارم پہنیں گے، وائٹ کپڑے پہنیں گے لیکن آج سے تیس سال پہلے سکولوں میں بنچ اور کرسیاں ہوا کرتی تھیں، بنچ کم از کم ہوا کرتی تھی، جناب سپیکر، میں تو کم از کم اپنے حلقے کی بات کرتا ہوں کہ آج تو ٹاٹ بھی نہیں ہے اور ٹاٹ ہائر سیکنڈری سکولز میں یعنی یہ پرائمری سکول تو چھوڑیں، ہائر سیکنڈری سکولز میں ٹاٹ بھی نہیں ہے اور بچے اپنے گھروں سے خالی بوریاں لا کے وہ ادھر ڈالتے ہیں، ادھر آپ نے سفید کپڑے لازمی کر دیئے، ادھر نیچے بیٹھنے کیلئے جگہ نہیں ہے تو وہ بوریاں لا کے اس پر بیٹھتے ہیں۔ اب جناب سپیکر، جب آپ اتنا پیسہ خرچ کرتے ہیں تو لوگ آپ سے توقع کرتے ہیں کہ آپ اس کی حالت کو بہتر بنائیں گے بجائے اس کے کہ اس کو ابتر بنانا شروع کر دیں اور میں سمجھتا ہوں اور آپ سب ایم پی ایز اپنے اپنے حلقوں میں جانتے ہوں گے کہ وہاں پر بنچز اور فرنیچر کی کتنی کمی ہے؟ اور اس کے علاوہ جناب سپیکر، سکولز تو گورنمنٹ بناتی ہے اور پھر میں یہ سارے ممبران سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ دیکھیں کہ کم از کم 70% مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولز میں جناب سپیکر، اساتذہ کی تعداد پوری نہیں ہے، کسی میں دو کم ہیں، کسی میں پانچ کم ہیں، کسی میں چھ کم ہیں اور بعض ایسے ہائر سیکنڈری سکول ہیں کہ جن میں ایک ایک استاد ہے یا دو دو، تو کیسے لوگ ان میں پڑھیں گے؟ گورنمنٹ ایک طرف اربوں روپے بلڈنگوں کے بنانے پر خرچ کرتی ہے اور دوسری طرف جب آپ ان کو اساتذہ نہیں دیتے تو جناب سپیکر، ان میں لوگ کیسے پڑھیں گے؟ اور جب لوگ نہیں پڑھیں گے تو پھر آپ جو پیسہ وہاں پر خرچ کر رہے ہیں، یہ تو ضائع ہو جائے گا۔ دوسری طرف Foreign aid سے آپ کے یہ سکول بن رہے ہیں اور وہ Interest بھی دے رہے ہیں، مارک اپ بھی دے رہے ہیں، بلڈنگ بھی بنا رہے ہیں، اساتذہ

جب نہیں دیں گے تو اس سکول میں کون پڑے گا اور وہاں تو کوئی پڑھنے کیلئے نہیں آئے گا۔ جناب سپیکر! یہی حال ہیلتھ کا اور سب کا ہے۔ میں بس سر، دو تین باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر! آپ بھی ماشاء اللہ 1985 سے اس اسمبلی کے ممبر چلے آرہے ہیں، 1985 میں تو دو ارب یا تین ارب کی ساری اے ڈی پی تھی، اس کا سائز میرے خیال میں آپ کے اسمبلی سیکرٹریٹ میں اگر 1985 کا نہیں ہو گا تو 1990 کا ہو گا، جب چار، پانچ ارب روپے کی یہ اے ڈی پی تھی تو اس کا سائز اتنا تھا، اب جب 39 ارب روپے کی اے ڈی پی آئی ہے تو اس کا یہ سائز سکڑ، سکڑ، سکڑ کے اس حد تک آ گئی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: شاید یہ عملی معلوم ہو رہی ہے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: اور مجھے جوڑ رہے جناب سپیکر، اگر ان کی حکومت تین سال یا دو سال اور رہتی تو میرے خیال میں پھر ایک کاغذ پر بجٹ ہوتا کہ اتنے Receipts اور اتنے Expenditure۔ جناب سپیکر! یہ کرتے ہیں لیکن جہاں پر ڈکٹیٹر شپ ہو، یہ وہ لوگ کرتے ہیں جو عوام کی ووٹوں سے منتخب ہو کے نہیں آتے۔ یہ روس میں ہو سکتا ہے، چین میں ہو سکتا ہے، جہاں پر پارلیمنٹ ہوتے ہیں لیکن وہاں پر جو بڑا ہوتا ہے، بس وہ بھیج دیتا ہے کہ یہ بجٹ ہے، بس وہ دستخط کر لیتے ہیں۔ اب جناب سپیکر، جس طرح ہم وسائل کی تقسیم آبادی کی بنیاد پر اس صوبے کا اپنا حق سمجھتے ہیں کہ ہمارے صوبے کو آبادی کی بنیاد پر وسائل دیئے جائیں مرکز سے، جناب سپیکر، اسی طرح ہم یہ بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ صوبے کے وسائل بھی نیچے آبادی کی بنیاد پر تقسیم ہوں اور ان کی حکومت کے آنے سے پہلے آپ سارے اے ڈی پیز کو نکال کے دیکھیں، وہ سیکٹر وائز اور پاپولیشن وائز جو دیتے تھے۔ اگر انہوں نے ورکس اینڈ سروسز کو یا ایجوکیشن کو پیسہ دینا ہوتا، اگر انہوں نے ایجوکیشن کو ڈیویلپمنٹ کیلئے پیسہ دینا ہوتا تو وہ پیسہ پاپولیشن کے حساب سے ڈسٹرکٹ وائز تقسیم ہوتا۔ اگر ایک ڈسٹرکٹ کی پاپولیشن پانچ فیصد تھی اور ایجوکیشن کو چالیس ارب روپے دیتے تو وہ پانچ پرسنٹ کے حساب سے اس ضلع کو ملتا تو جسطرح جس ضلع کی اگر دس پرسنٹ ہوتی تو اس ضلع کو اس حساب سے ملتا۔ ابھی بھی باقی صوبوں میں یہی طریقہ کار ہے کہ وہ سیکٹر وائز، پاپولیشن وائز Allocation کرتے ہیں۔ یہاں پر تو جناب سپیکر، بس سب یہ بتایا جاتا ہے کہ جی کتنا اے ڈی پی ہے؟ جی انتالیس ارب اے ڈی پی ہے۔ اچھا جی، میرا تو اتنا، تو جو اوپر والا ہے، ادھا تو وہ لے جاتا ہے پھر

منسٹر صاحبان جو ہیں ناں، وہ دو دو تین تین سکیموں کیلئے بھاگتے ہیں، گورنمنٹ کے ایم پی اے ایک ایک سکیم کیلئے بھاگتے ہیں اور اپوزیشن والے تو ایسے ہی رہ جاتے ہیں جناب سپیکر۔ تو یہ ناانصافی ہے۔ جناب سپیکر! اب اگر ایک حلقہ خواہ وہ حکومت کا ہے یا اپوزیشن کا، اگر ایک ضلع میں حکومت کی پارٹی ہے یا اپوزیشن کی، آپ اس ضلع کو Ignore نہیں کر سکتے۔ آپ فنڈز مرکز سے پاپولیشن کے حساب سے مانگتے ہیں تو پھر ضلع میں بھی آپ پاپولیشن کے حساب سے نیچے تقسیم کریں گے۔ اگر نہیں کریں گے تو یہ ناانصافی ہوگی جناب سپیکر۔ اور یہی ناانصافیاں بڑھتے بڑھتے پھر نفرت میں تبدیل ہو جاتی ہیں اور جب نفرتیں بڑھتی ہیں جناب سپیکر، تو پھر ہنگامے ہوتے ہیں، پھر انقلابات آتے ہیں، پھر لوگوں کا کچھ پتہ نہیں ہوتا جناب سپیکر۔ (تالیاں) جناب سپیکر! بس دو باتیں میں اور کرنا چاہتا ہوں۔ ابھی اس پر اسرار اللہ خان نے بھی بات کی جناب سپیکر، نٹ پرافٹ کی میں بات کرنا چاہتا ہوں۔ Constitution واضح ہے کہ آرٹیکل 161(2) کے تحت نٹ پرافٹ ملے گا۔ سراج صاحب تو اب نہیں ہیں، شاہ راز صاحب جواب دیں گے کہ یہ Arbitration پہ کیوں گئے جناب سپیکر؟ خدارا ہمیں یہ بتائیں کہ کس سے انہوں نے پوچھا؟ دیکھیں ناں جی جب بھی بات آئی، ہم نے ان کو سپورٹ کیا، جب بھی اس کے متعلق قرارداد آئی، ہم نے ان کو سپورٹ کیا، جب انہوں نے جرگہ بنایا، ہم اس جرگے میں جا کے بیٹھ گئے اس صوبے کیلئے لیکن The moment جنہوں نے Constitution deviation کی، آئین سے انحراف کیا تو پھر ہم نے کہا کہ ہم اس جرگہ میں نہیں بیٹھتے لیکن جناب سپیکر، آپ نے ایسی بڑی غلطی کی ہے، اسلئے کہ آپ نے Constitution کو Deviate کر کے آپ ایک اور فورم میں چلے گئے تھے، ایک اور دوسری بات یہ ہے کہ واپڈا کے ساتھ آپ فریق کیسے بنے؟ آپ فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ فریق بنتے کیونکہ فیڈرل گورنمنٹ Responsible تھی آپ کو پیسے دینے کی، دو، اور تیسری جو اہم بات ہے کہ اب یہ Matter جو ہے، وہ سول جج کی عدالت میں لے گئے، اب جناب سپیکر، آپ تو سپریم کورٹ میں گئے، وہ سول جج کی عدالت میں چلے گئے اور آپ یاد رکھیں یہ پچاس سال گزر جائیں گے لیکن یہ ان کی پنجاب کی عدالتیں آپ کے اس کیس کا فیصلہ نہیں کریں گی۔ دس سال سول جج لے گا، دس سال سیشن جج لے گا، دس سال ہائیکوٹ لے گا اور پھر پتہ نہیں کس کی بادشاہی ہوگی؟

توانہوں نے تواپنے آپ کو پھنسا دیا، اب یہ ڈیمانڈ کیسے کریں گے؟ جب یہ ڈیمانڈ کریں گے تو وہ کہیں گے کہ یہ Subjudice ہے۔ یہ جب ڈیمانڈ کریں گے تو وہ کہیں گے کہ کورٹ میں ہے۔ یہ ڈیمانڈ کریں گے تو یہ کہیں گے کہ اب سپریم کورٹ میں ہے۔ یہ ڈیمانڈ کریں گے تو وہ کہیں گے کہ واپڈا سول جج کے پاس ہے تو آپ نے Subjudiced matter اس کو بنا کے اب اس کو اتنا چکرا دیا ہے کہ اب میرے خیال میں مجھے نظر نہیں آتا کہ، مطلب یہ ہے کہ اس صوبے کا جو ایک سب سے بڑا ذریعہ تھا منافع کا، وہ آپ لوگوں نے کھو دیا۔ دوسری جناب سپیکر، آپ کے چیف منسٹر نے، میں سمجھتا ہوں کہ اگر باقی تین چیف منسٹر کرتے تو ہم سمجھتے کہ وہ تو گورنمنٹ پارٹی کے چیف منسٹر ہیں لیکن جناب سپیکر، یہ وائٹ پیپر میں آپ دیکھیں، اچھا سر، اس سلسلے میں میں یہ بات کروں کہ انہوں نے Claim 1991-92 کے بعد کیا ہے، اب 1973 کے Constitution میں جب یہ Establish ہو گیا کہ Province کا حصہ ہے تو 1973 سے 1991 تک وہ ہمارا پیسہ کدھر گیا، بمعہ سرچارج اور بمعہ انٹرسٹ 1973 سے 1992 تک وہ پیسہ ہمارا کدھر گیا؟ جب آپ نے Claim ہی نہیں کیا تو آپ کو ملے گا کیسے؟ اور اسی لئے Solicitor Tribunal میں اس پر کوئی فیصلہ نہیں ہوا، یہ تو ایک الگ Deviation انہوں نے کر دی لیکن جناب سپیکر، اس میں آپ دیکھیں، یہ بہت اہم ہے۔ چلیں میں زبانی بول لونگا جناب سپیکر، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ صاحب نے صدر صاحب کو کہا کہ ہم این ایف سی کی سفارشات پر متفق نہیں ہیں، اسلئے چاروں وزرائے اعلیٰ نے صدر کو یہ اختیار دے دیا کہ برائے مہربانی آپ این ایف سی ایوارڈ کا اعلان کریں۔ یہ آپ کی کتاب میں لکھا ہے۔ جناب سپیکر! چلیں اب یہ چیلنج کرتے ہیں، میں اسلئے لایا تھا سر، کہ یہ۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: 'Flag' نہیں کیا ہے۔ آپ نے 'Flag' نہیں کیا ہے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: ہاں، یہ بھی ہو سکتا ہے۔

<u>قاضی محمد اسد خان</u>: یہ چیلنج کون کرتا ہے؟

<u>جناب سپیکر</u>: چلیں یہ Reserve رکھیں کل پرسوں کیلئے۔

جناب عبدالاکبر خان: No Sir, انہوں نے یہ لکھا ہے اس میں کہ چیف منسٹرز نے، سارے صوبائی وزرائے اعلیٰ نے صدر کو یہ اختیا دیا کہ آپ اس کا فیصلہ کریں اور صدر نے پھر ایک Amended order نکالا، نہیں جناب سپیکر، یہ تو ایک الگ بات ہے کہ آپ کو نہیں کرنا چاہئے تھا۔ جب اس اسمبلی نے قرار دادیں پاس کیں کہ ففٹی ففٹی سے آپ نے کم نہیں ہونا ہے اور پھر Constitution میں یہ کدھر لکھا ہے کہ Consensus پیدا کریں؟ کہیں بھی یہ نہیں لکھا گیا ہے کہ Consensus کے بغیر این ایف سی ایوارڈ کا اعلان نہیں ہو سکتا۔ یہ اس آئین میں نہیں لکھا ہے کہ آپ نے Consensus پیدا کرنا ہے اور جب چار صوبے جن کے آٹھ ممبر تھے، ایک طرف تھے اور فیڈرل گورنمنٹ کیلئے ایک طرف تھی تو تناسب آٹھ اور ایک کا تھا تو وہ سیدھے آپ جیت سکتے تھے لیکن جو اس ملک پر سب سے بڑی مصیبت آئی جناب سپیکر، وہ یہ تھی کہ انہوں نے Article 160, sub-Article (6) کے تحت President صاحب کہتے ہیں کہ میں نے Amended award نکالا، میں صرف اس کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں، یہ ہے آرٹیکل 160، آپ سر، دیکھیں کلاز (6) جس کے تحت وہ Amended order نکالا گیا۔ 1996 کا جو ایوارڈ تھا، اس کو Amend کر کے 2006 میں ایک Amended order نکالا Under clause (6) of Article 160 آپ یہ دیکھیں کہ "At any time before an Order under clause (4) is made," سر، یہ لفظ ہے 'Before'، اور 'Before' جہاں تک میں اردو سمجھتا ہوں، 'پہلے'، اب دیکھیں "At any time before an Order under clause (4) is made, the President may, by Order, make such amendments or modifications in the law relating to the distribution of revenues between the Federal Government and the Provincial Governments as he may deem necessary."

اب جناب سپیکر، 1996 میں ایک ایوارڈ ہوا، ٹھیک ہے سر؟ 2006 میں چیف منسٹرز کہتے ہیں کہ جی اس کو آپ خود حل کریں۔ وہ ایک Amended order نکالتا ہے اور Amended order نکالتا ہے آرٹیکل 160، کلاز 6 کے تحت لیکن یہاں پر تو "Before an Order is made" تو 'Before an order' کا مطلب ہے کہ ایک آرڈر ہونے سے پہلے آپ اس

میںAmendment کر سکتے ہیں۔ Once an award is made, it is announced, اس کے بعد آپ کے پاس اختیار نہیں ہے، تو پھر آپ 1996 کے ایوارڈ میں کیسے ترمیم کر سکتے ہیں؟ وہ ایوارڈ تو تقریباً دس سال تک چلتا رہا۔ تو وہ تو 'After' کا ذکر یہاں پر نہیں ہے، یہاں پر تو ذکر 'Before' کا ہے یعنی "Before an award is made" تو یہاں پر ایوارڈ Already تھا، آپ ایک Already announced award جو دس سال چلا، اس میں آپ کو Amendment کا اختیا کس نے دیا؟ آپ کو اختیار اس وقت تک ہے کہ جب تک ایوارڈ آرڈر نہیں ہوا ہے تو آپ اسے Before اور 'Before' کا جہاں تک میں مطلب لیتا ہوں تو 'Before' کا مطلب یہ ہے کہ جب ایوارڈ نہیں ہوا ہو، جب آرڈر نہیں ہوا ہو تو آپ اس میں Amendment کر سکتے ہیں۔ Under 6 تو وہ کہتے ناں کہ When order is made، سر، وہ دیکھیں یہ-----

<u>جناب سپیکر</u>: Conclude کریں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: سر! میں سمجھتا ہوں کہ اس صوبے کے ساتھ آپ کے چیف منسٹر نے اور آپ کی حکومت نے اتنا ظلم کیا کہ ایک تو ایک مارشل لاء ایڈ منسٹریٹر کو یہ اختیار دیا کہ اب ہم این ایف سی نہیں کر سکتے۔ ٹھیک ہے، وہ نہیں مان رہا تھا تو آپ Resign کرتے، آپ نہ جاتے، آپ نہ مانتے لیکن جب آپ نے اس کو اختیار دیا تو اس نے اس اختیار کا ناجائز استعمال کر کے ایک غیر آئینی اور غیر قانونی ایوارڈ نکالا جس کے مطابق آپ کے اس صوبے کو کم از کم تیس، پینتیس بلین کا نقصان ہوا، کم از کم تیس، پینتیس بلین، تھینک یو، جناب سپیکر۔

<u>جناب محمد ادریس (وزیر بلدیات)</u>: جناب سپیکر! ایک اس میں وضاحت کرتا چلوں کہ----

<u>جناب شاہ راز خان (وزیر خزانہ)</u>: لږ اجازت راکړئ جی زه لږ وضاحت کوم د عبدالاکبر خان----------

<u>جناب سپیکر</u>: نو تاسو تقریر خو به-----

وزیر خزانہ: نه تقریر به بیا اوکړم خو اوس لږ وضاحت کومه. عبدالاکبر خان اکثر کتابونه اړوی راړوی خو خبره د دوئ لږه داسے هغه نه وی چه کومه کتاب کښ وی نو زه وایم د دے خبرے پکار ده چه زه لږ وضاحت اوکړمه. زه عرض کومه جی-----

جناب عبدالاکبر خان: نه نه جناب سپیکر، ما چه کتاب راا ویستو-----

وزیر خزانہ: زه عرض کومه جی-----

جناب عبدالاکبر خان: نو زما د خبرے په تفصیل ما له جواب راکړئ کنه----

وزیر بلدیات: شاہ راز خان، ایک منٹ------

جناب عبدالاکبر خان: ما له به جواب راکوئ. دا جی تاسو اوګورئ، "1996 کے قومی مالیاتی ایوارڈ کی معیاد 2001-2002 میں اختتام پذیر ہوئی۔ صدر پاکستان کی جانب سے 22 جولائی 2000 کو قائم کردہ اور 13 نومبر 2003 کو از سر نو تشکیل کردہ قومی مالیاتی کمیشن کسی حتمی نتیجے پر نہ پہنچ سکا، لہذا یہ مسئلہ صدر پاکستان کے سامنے اس درخواست سے پیش کیا گیا کہ وہ ایک منصفانہ اور مساویانہ ایوارڈ کا اعلان کریں"۔ دا اوس راځئ جی، صدر پاکستان نے آئین کی دفعہ (6) 160 جس کا میں نے ذکر کیا، صدر پاکستان نے آئین کی دفعہ 160 (6) کے تحت ایک حکمنامہ جاری کیا۔ کیا کیا؟ Distribution of Revenue and Grant-in-aid (Amendment) Order, he can make amendment only before the order. یہ لکھا ہے (6) 160 میں کہ وہ اگر Amendment کرنا چاہتے ہیں تو آرڈر سے پہلے کریں گے۔ یہاں پر تو آرڈر سن 1996 میں ہوا، دس سال تک چلا۔ Constitution میں 'After' کا ذکر نہیں ہے، اس میں تو 'Before' کا ذکر ہے-------

جناب سپیکر: شاہ راز خان۔

وزیر خزانہ: زه دا عرض کومه چه دوئ دا وئیلے وو چه څلور واړو چیف منسټرانو درخواست کړے وو صدر پاکستان ته، نو زه دا په ریکارډ باندے راوستل غواړم جی چه څلورو واړو چیف منسټرانو دا درخواست نه

وو کړے۔ مونږ ته چه دا خبره اوشوه چه صدر پاکستان به په دے کښ فیصله اوکړی نو د صوبہ سرحد وزیر اعلیٰ د هغے نه انکار کړے وو۔ هغوی وئیلے وو چه څمونږه په دے باندے اعتماد نشته چه صدر پاکستان د دا آرډر جاری کړی۔

جناب عبدالاکبر خان: دا چه جی کوم دی، دا خو تاسو لیکلی دی، دا خو ستاسو کتاب دے۔

وزیر خزانہ: مونږ دا نه دی لیکلی چه----------

جناب عبدالاکبر خان: نه، نه تاسو لیکلی دی----

وزیر خزانہ: مونږ دا نه دی لیکلی چه څلورو واړو وزرائے اعلیٰ دا فیصله اوکړه چه تاسو لاړ شئ او صدر پاکستان ته---

جناب عبدالاکبر خان: یہ توآپ کے الفاظ ہیں، میرے تو نہیں ہیں۔ نا، نا یہ صدر پاکستان کو مسئلہ کس نے پیش کیا؟----------

وزیر خزانہ: یہ چاروں وزرائے اعلیٰ کی بات نہیں ہے میرے بھائی۔ چاروں وزرائے اعلیٰ کی بات نہیں ہے۔ تینوں وزرائے اعلیٰ نے یہ لکھ کر دیا ہو گا، ہمارے وزیر اعلیٰ نے اس کو-----

جناب عبدالاکبر خان: آپ اس میں لکھ لیتے کہ ہماری درخواست نہیں ہے۔ یہاں پہ لکھا گیا ہے-----

وزیر خزانہ: یہ کہاں پہ لکھا گیا ہے کہ چاروں وزرائے اعلیٰ نے اسکو وہ کیا ہے----

جناب عبدالاکبر خان: جب یہ مسئلہ-------

وزیر خزانہ: آپ نے وہ بات کی، جو غلط ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! یہ آپ پر ہے-------

جناب سپیکر: جی مظہر علی قاسم۔

محترمہ نعیم اختر: جناب سپیکر! یہ ریکارڈ پہ ہے کہ صدر صاحب نے اپنی تقریر میں کہا تھا کہ مجھے سرحد کے وزیر اعلیٰ نے اختیار نہیں دیا، باقی تینوں چیف منسٹرز نے دیا ہے، اس وجہ سے یہ متفقہ نہیں ہے۔ یہ ریکارڈ پہ ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں تو یہاں پر ان کے الفاظ دوہرا رہا ہوں، "لہذا یہ مسئلہ صدر پاکستان کے سامنے اس درخواست پہ پیش کیا گیا"، یہ کہہ دیتے کہ ہماری درخواست نہیں ہے۔

(شور)

محترمہ نعیمہ اختر: درخواست تو ہے لیکن ہمارے وزیر اعلیٰ نے اختیار نہیں دیا۔

وزیر خزانہ: عبدالاکبر خان، کہاں پہ لکھا ہے کہ چاروں وزرائے اعلیٰ نے یہ بات کی ہے؟ یہ غلط بات ہے جو کتاب سے پیش کر رہے ہیں۔ کتاب اٹھا کر غلط بات بتا رہے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: آپ غلط کہہ رہے ہیں۔

جناب سراج الحق: جناب سپیکر صاحب! د دوئ دواړو صلح به اوکړم ستاسو په اجازت باندے۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔ مظہر قاسم صاحب۔

جناب سراج الحق: ځکه چه زه هغه وخت کښ عینی ګواه یم او ستاسو په خدمت کښ به ریکارډ پیش کول غواړم۔

جناب سپیکر: مظهر قاسم، سراج صاحب نه روستو به تاسو له ټائم درکوم۔۔

جناب سراج الحق: د خپل رور نه اجازت غواړم جی۔ درے واړو صوبو ورله لیکل ورکړی وو، ما او درانی صاحب، وزیر اعلیٰ صاحب ئے هم راوغوښتو، او وئیل ئے چه درے واړو لیکل کړی دی او تاسو هم په دے باندے دستخط اوکړئ۔ مونږه د هغے نه انکار اوکړو او بیا ورله مونږه خپل یو علحیده یو تجویز ورکړو چه مونږه دا څیز په خپل Consensusغواړو چه څلور واړه صوبے په دے باندے اتفاق اوکړو۔ که اتفاق نه کیږی نو د هغے نه پس هم مونږه دا غواړو چه د آئین مطابق د دے

فیصله اوشی او څنګه چه زمونږه خور اووئیل هغه ګله زمونږ نه صدر پاکستان په ټی وی تقریر کښ اوکړه که چرته دوئ هم ماله اختیار راکړے وے نو مابه د دے نه هم ښه فیصله کړے وے او دا په ریکارډ باندے موجود ده، سر۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! دا انکار به ئے په دے کښ لیکلے وو چه مونږه دا نه منو یا زمونږه انکار دے یا به دوئ په هغه وخت کښ وئیلے وو چه مونږه ته دا نه دے منظور۔ جناب سپیکر! جب وہ کہتا ہے کہ Consensus نہیں ہوا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: که تاسو وایئ نو هغه ریکارډ به درته راوړی۔

جناب عبدالاکبر خان: د څه دپاره ریکارډ راوړی؟ دالیکی دی چه هغه مسئلہ حل ہوا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مظہر قاسم صاحب۔ مظہر قاسم! آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں؟

جناب مظہر علی قاسم: شکریہ جناب سپیکر، کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ بجٹ 2008-2007 زیر بحث ہے۔ اتفاق ایسا ہے کہ اس بجٹ کے اندر، جو زلزلہ سے متاثرہ علاقے ہیں اور خصوصاً تحصیل بالاکوٹ، اس کا ذکر کہیں پر نہ آسکا سوائے وزیر خزانہ کی تقریر کے کہ دو سال پہلے وہاں پر زلزلہ آیا تھا۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: آرڈر، پلیز۔ جی!

جناب مظہر علی قاسم: جناب سپیکر! اس بجٹ کے متعلق ممبران اسمبلی نے جو معروضات پیش کی ہیں اور جو معاملات کئے ہیں، اسکو۔۔۔۔ (قطع کلامیاں)

جناب مظہر علی قاسم: ہاؤس ان آرڈر ہو جائے گا؟

جناب مظہر علی قاسم: جب آپ لوگ دلچسپی نہیں لے رہے ہیں تو پھر اس بیٹھنے کا فائدہ کیا ہے؟ نہیں اگر یہ کراس ٹاکنگ ہو رہی ہے۔ میرے خیال میں اگر آپ دونوں باہر نکل جائیں، باہر نکل جائیں بات کریں آپس میں۔ یہ ہاؤس ہے، دیکھیں یہ کیا ہو رہا ہے؟ نہیں باہر آپ جا سکتے ہیں، کوئی پابندی نہیں ہے۔ میں تمام سے استدعا کروں گا کہ اگر موڈ نہیں ہے چلانے کا تو میں بھی تھک گیا ہوں۔ جی مظہر!

جناب مظہر علی قاسم: شکریہ، جناب سپیکر۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا جی کہ اس کے اندر چونکہ تحصیل بالا کوٹ کا As such ذکر نہیں آسکا اور اس کی وجہ یہ نظر آتی ہے کہ اس سے پہلے جب چیف منسٹر صاحب اور وزیر خزانہ صاحب سے میری ملاقات ہوئی تو میں نے ان سے پوچھا کہ جی آپ اس سلسلے میں کیا کریں گے؟ تو انہوں نے کہا کہ یہ جو تحصیل بالا کوٹ یا جو زلزلہ سے متاثرہ علاقہ جات ہیں، ان کا جو تعمیر نو کا کام ہے یا جو ترقیاتی کام ہے، وہ 'ایرا' کے سپرد ہیں اور ایرا کے ذیلی ادارہ 'پیرا' اور اس کے بعد ڈی آر یو، جناب سپیکر، اکتوبر 2005 میں زلزلہ آگیا، اس کے بعد پلاننگ کا نہ ختم ہونے والا ایک سلسلہ شروع ہوا، Strategy book بک بنی، مختلف کانفرنسز ہوئیں، مختلف میٹنگز ہوئیں۔ جناب سپیکر! میں یہ یہاں پہ ضرور کہنا چاہونگا کہ اس ہاؤس میں اس سلسلے میں اپنی ایک Firm commitment کا ہمیشہ اظہار کیا صوبائی حکومت نے، منسٹرز نے، وزیر اعلیٰ نے، وفاقی حکومت نے، وزیر اعظم نے اور خصوصاً صدر پاکستان نے اور باقی پورے پاکستان کے جتنے عوام ہیں، جتنے این جی اوز ہیں، جتنے لوگ ہیں، انہوں نے ایک جذبہ خیر سگالی کی طور پر اور اپنے انتہائی اہم باقی معاملات کو پیچھے چھوڑ کر اس کیلئے کام کیا اور بہت بڑا کام ہوا جناب سپیکر۔ میں نے ہمیشہ یہاں پر یہ کہا ہے کہ بہت زیادہ کام ہوا۔ اس میں بہت لوگوں کی کاوش شامل ہے لیکن جناب سپیکر، اب یہ ہے کہ وہ علاقہ جس میں مثال کے طور پر تحصیل بالا کوٹ جو کہ سب سے زیادہ متاثرہ علاقہ ہے، چودہ ہزار لوگ لقمہ اجل بنے، ہزاروں زخمی ہوئے، سارے سکول ٹوٹ گئے، سارے ہسپتال، بی ایچ یوز ٹوٹ گئے، پل ٹوٹ گئے، پانی کی سکیمیں ٹوٹ گئیں اور جتنے ترقیاتی معاملات ہوتے ہیں، وہ سارے کے سارے ختم ہو گئے۔ آج دو سال گزر گئے جناب سپیکر، اور باوجود انتہائی کوشش کے وہ چیز ایک انچ آگے بڑھ نہ سکی۔ آج صوبائی بجٹ میں ہمارے لئے کچھ نہیں ہے جی کیونکہ ایک

انتہائی زبردست چینل بنا ہوا ہے جی ایرا، ڈی-آر-یو، اس کے اندر بھی بڑے Committed لوگ بیٹھے ہوئے ہیں جو دن رات ایک کر رہے ہیں، اب میری سمجھ میں یہ بات نہیں آ رہی ہے کہ دن رات ایک ہو رہا ہے اور اربوں روپے، انٹرنیشنل کانفرنس کی صدر مشرف صاحب نے، 6.2 بلین ڈالر کے انکے ساتھ وعدے ہوئے، بہت سارے پیسے یہاں پہ آ ئے، Distribute بھی ہو رہے ہیں مختلف مدوں میں لیکن یہ Construction of Public offices or Public property, جو ہے، جس کے اندر سکول، بی-ایچ-یوز وغیرہ شامل ہیں، These could not get started اب ہم ان عوامل کی طرف تھوڑا سا آتے ہیں کہ صدر مشرف نے جو کانفرنسز کیں، ہم ان کے انتہائی شکر گزار ہیں اور ممنون ہیں کہ ساری دنیا کو انہوں نے جمع کیا لیکن ہمارے وزیر اعلیٰ نے باوجود اس کے کہ ان کے اپنے اختلافات ہیں، اس میں شرکت کی۔ نیشنل سیکورٹی کونسل میں وزیر اعلیٰ نے شرکت کی، اس سے پہلے وہ شرکت نہیں کر رہے تھے۔ انہوں نے اپنے جماعتی اختلاف کے باوجود، شاید اپنے صوبے کے اتنے متاثرین کیلئے اپنی اس چیز کو چھوڑا اور وہاں پر گئے کہ ان کے مسائل حل ہونے کیلئے کوئی بحرانی کیفیت پیدا نہ ہو۔ ہم ان کے بھی بہت مشکور ہیں، جناب۔ حکومت نے پچاس ہزار روپیہ، ایک گھر جو ٹوٹ گیا، اس کے اندر لوگ فوت ہو گئے اور وہ لوگ بے سر و سامانی کی پوزیشن میں آ گئے، ان کیلئے پچاس ہزار روپیہ کا اعلان کیا۔ اس ہاؤس میں ایک لاکھ روپے کا یا اس سے زیادہ کا یہاں پہ ریزولیوشن بھی پاس ہوا۔ وزیر اعلیٰ صاحب سے میں نے تین دفعہ ملاقات کی اور اس ایک مسئلے کیلئے وزیر اعلیٰ تین دفعہ صدر مشرف کے پاس گئے۔ ہم وزیر اعلیٰ صاحب کے بھی مشکور ہیں، ہم صدر کے بھی مشکور ہیں کہ انہوں نے اس پچاس ہزار کو ایک لاکھ پچھتر ہزار کیا۔ اب ایک لاکھ، پچھتر ہزار جو لوگوں کو ملنا تھا جناب سپیکر، اس کے اندر اتنی مشکلات ہوئیں، اتنی مشکلات پیدا ہو گئیں کہ جو Highest level ہے، وہاں ان کے اوپر Commitment اور اس کے اوپر آرڈر ایشو کرنا، وہ لوگ اپنی ذمہ داری سمجھ رہے ہیں لیکن جب ہم نیچے گراونڈ میں جاتے ہیں تو لوگوں کے آئے دن جلوس ہیں، کسی کو پچھتر ہزار نہیں ملا، کسی اس کی اگلی قسط نہیں مل رہی ہے، کسی کو نقشے کا پرابلم ہے، کسی کو فارم کا پرابلم ہے اور آج دو سال ہو گئے، لوگ چکر لگا رہے ہیں۔ ہماری حکومت کے صوبائی وزراء وقتاً فوقتاً وہاں پر چکر لگاتے

ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے سراج الحق صاحب لے گئے تھے۔ ان کے بعد آصف اقبال داود زئی صاحب تشریف لے گئے تھے۔ ان کیلئے باقاعدہ بریفنگ کا انتظام کیا جاتا ہے۔ ان کو بتایا جاتا ہے کہ یہ، یہ ہماری Strategy ہے، یہ، یہ ہماری پلاننگ ہے اور یہ، یہ ہم نے کام کیا ہے جس کے اندر کوئی کام نہیں ہوتا اور یہ یہ لوگوں کے ایشوز ہیں۔ ہر دفعہ ہر معاملے کے ساتھ ایک نیا بہت بڑا مسئلہ ہے۔ اس کے اوپر پٹی لگانا چاہیے لیکن جناب، ایک چیز جب شروع کرتا ہے آدمی اور دو سال گزر جائیں اور اتنی اس کے اندر Commitment ہو Highest level کے اوپر لیکن چیز آگے Move نہ کرے، تو وہ لوگوں کیلئے بھی پریشانی کا ایک ذریعہ ہے، حکومت کی بدنامی کا بھی وہ ایک ذریعہ ہے اور لوگوں کا اپنی حکومت پاکستان سے یا صوبائی حکومت سے اعتماد اٹھنے کا بھی بہت اندیشہ ہے۔ پچاس ہزار، ایک لاکھ پچھتر ہزار کئے گئے، جس طرح میں نے کہا بہت سارے کام ہوئے ہیں۔ وفاقی حکومت نے ایک کیش گرانٹ کا پروگرام شروع کیا تین ہزار روپیہ کا، جو بہت سارے لوگوں کو ملا لیکن بہت سارے جائز حقدار ایسے ہیں جنکو آج تک نہیں مل سکا۔ اس کیلئے اپیل کا ایک سلسلہ شروع کیا گیا۔ ایک اس کیلئے الگ آفیسر وہاں پہ بٹھایا گیا اور لوگ ان کو درخوستیں دے دے کر، وہ کاغان کی پہاڑیوں سے کرایہ لگا کر مانسہرہ آتے ہیں، یہاں پہ Application دیتے ہیں اور واپس جاتے ہیں۔ پھر دو مہینے کے بعد آ گیا، پھر پتہ کرتے ہیں اور کچھ نہیں ملتا۔ حکومت پنجاب نے تحصیل بالاکوٹ کے اندر معذروں کیلئے چھ ہزار کا کیش گرانٹ کا ایک پروگرام پیش کیا۔ الحمد للہ بہت سے لوگوں کو اس سے فائدہ ہوا لیکن بہت سارے لوگ اس میں بھی رہ گئے، جس طرح میں نے کہا کہ بہت کچھ ہوا جی۔ اب حالیہ یہ جو دورہ ہوا صدر مشرف کا، وہ بالاکوٹ بھی تشریف لے گئے، وہ آگے مانسہرہ بھی گئے، وہاں پہ انہوں نے ضلع مانسہرہ کیلئے الحمد للہ تمام زرعی قرضہ جات کی معافی اعلان کیا، اس کا نوٹیفکیشن بھی ایشو ہو گیا ہے۔ ہم وفاقی حکومت کے، صدر مشرف کے اس سلسلے میں بہت زیادہ مشکور ہیں۔ اسی طرح انہوں نے نیو بالاکوٹ سٹی کا جناب سپیکر، افتتاح کیا۔ یہ 'نیو بالاکوٹ سٹی' ریڈ زون کے لوگوں کیلئے بنانے کا پروگرام بنایا گیا تھا، اسکا فتتاح ہو گیا ہے۔ اس کے اندر کچھ زمین جو ہے، وہ خرید لی گئی ہے، کچھ زمین محکمہ جنگلات کی ہے، وہ بھی صوبائی حکومت نے دی ہے۔ اس کی خریداری کی اندر صوبائی حکومت کے پاس پیسے نہیں تھے۔ وزیراعلیٰ صاحب کے ساتھ میٹنگ ہوئی،

وہ وہاں پر نیشنل سیکورٹی کونسل کے اندر اس معاملے کو لیکر گئے اور وہاں سے ڈیڑھ ارب روپے لیکر آئے۔ڈیڑھ ارب روپیہ آگیا، سرحد گورنمنٹ کی Commitment بھی آگئی، صوبائی حکومت کی بھی Commitment آگئی،اب میں یہ چاہتا ہوں،اس بات کو نوٹ کیا جائے اور اس بات کا پوچھا جائے اور کل پرسوں جب یہ وزیر خزانہ تقریر کریں گے، یہ ہمیں، ہاؤس کو بتائیں کہ جو گیارہ ہزار کنال۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>:آج کریں گے،آج سیکنڈ ٹائم میں۔آپ کو ہونا چاہیے۔آج وہ اپنی Winding up speech کریں گے، آپکو موجود ہونا چاہیے۔

<u>جناب مظہر علی قاسم</u>: سر! ہم موجود ہونگے،ہمیں یہ پھر اس کے اندر یہ بتائیں کہ صوبائی حکومت نے جو ڈیڑھ ارب روپے وفاقی حکومت سے لیکر نیچے اپنے محکمے کو دیے تھے اور گیارہ ہزار کنال زمین خرید کرنی تھی،اس کے اندر کتنی زمین خریدی ہوئی ہے اور باقی کیوں خریدی؟ یہ ہمیں بتائیں۔ ہم ان کے بہت مشکور ہیں جی، بہت محنت کرتے ہیں سارے لوگ لیکن یہ ہمارا ایک بڑا مسئلہ ہے۔وزیراعلیٰ صاحب بالاکوٹ تشریف لے گئے،وہاں پر انہوں نے بچوں کی فیس کی معافی کا اعلان کیا اور اس سال انہوں نے محکمے کو ہدایت کی کہ فوراً دے۔ پراونشل ریلیف کمشنر نے،پورا کیس ان کے پاس نہ پہنچ سکا اور انہوں نے تین سو بچوں کی فیفٹی پرسنٹ فیس کو ساتھ ہی ادا کر دیا۔ جناب سپیکر! یہ دوسرا سوال ہے اس کے بعد_ ان تمام بچوں کو کہ جن کی پچھلے سال کی فیس ادا کی گئی تھی یا وہ بچے جو اس وقت لسٹ سے رہ گئے تھے،ان سب کو سکول والے نہ Exams دینے دے رہے ہیں، نہ انکو Leaving Certificate دے رہے ہیں اور وہ انتہائی پریشانی کے عالم میں ہیں کہ فیس صوبائی حکومت کے اعلان کے باوجود، Summery pproval، ہر چیز ہوئی ہے، ساری لسٹیں، Every thing has been completed. The money is not going from the Provincial Government to the D.R.O. and to those schools (تالیاں) یہ سب کچھ وہی ہوا ہے جی لیکن اس کے اندر ایسے ایسے Hiccups پڑے ہوئے ہیں کہ جو سمجھ میں نہیں آرہا ہے۔اس کے اندر صوبائی حکومت کی ایک بڑی فراخدلی ہے کہ انہوں نے یہ اقدام ہمارے ساتھ کیا ہے لیکن وہاں پہ ہوتا ہی نہیں ہے،

یہاں سے ہو کر ساری چیزیں، ابھی اس سے کچھ دن پہلے وزیر اعلیٰ صاحب تشریف لے گئے تھے مانسہرہ، وہاں پہ ہم ممبران اسمبلی بھی بیٹھے ہوئے تھے، وہاں پہ پیرا کے چیف انجینئیر بھی تھے، انہوں نے اس بات پر بڑی برہمی کا اظہار کیا کہ یہ کام کیوں شروع نہیں ہو رہا ہے؟ چیف انجینئیر نے ان کو کہا کہ سر، ہمارے پاس سٹاف کی کمی ہے، ہمارے پاس یہ مسئلہ ہے، ہمارے پاس یہ مسئلہ ہے، ہم آپ کے آگے سمری Put up کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے آگے سمری Put up نہ کریں بھائی، آپکو میں ہر چیز Relax کرتا ہوں، آپکو جو مسئلہ درپیش ہے، آپ اس کو حل کریں اور بس صوبائی حکومت اس کی ذمہ دار ہو گی۔ آپ اپنا کام شروع کریں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ ابھی وزیر خزانہ صاحب پتہ کریں اور پھر اس ہاؤس کو بتائیں کہ وزیر اعلیٰ کی اس فراخدلانہ آفر کا کتنا فائدہ اٹھایا گیا اور اب بھی اگر کام میں کوئی پرابلم ہے تو وہ کس وجہ سے ہے؟ روڈز کھولنے کیلئے صوبائی حکومت نے فنڈز فراہم کئے تھے اور بہت ساری روڈز کھل گئی ہیں جناب سپیکر۔ اب وہاں پر جو ٹھیکہ دار تھے یا ورکس اینڈ سروسز، ان کے ساتھ ہمارا As such کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہمارا کام یہ ہے کہ یہاں پر ہم ہاؤس کے اندر آپ کے توسط سے صوبائی حکومت کے علم میں چیزیں لائیں یا ڈائریکٹ چیف منسٹر سے یا جو بھی متعلقہ وزیر ہوں، ان کے ساتھ بات کر کے ان کو مسئلہ بتائیں۔ روڈز بہت ساری کھولی گئیں، جو روڈز رہ گئیں، ان کے بارے میں Clear cut instructions تھیں صوبائی حکومت کی کہ بھئی انکو ہر حال میں کھولیں، وہ آج تک نہیں کھولی گئیں۔ جناب! بہت ساری کھول دی گئی ہیں لیکن بہت ساری ایسی ہیں کہ وہ ابھی تک نہیں کھولی گئیں۔ جس وقت پوچھوں ان سے کہ بھئی آپ کیوں نہیں کھولتے ہو، وہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس فنڈز کی کمی ہے اور میرے سامنے کتنی دفعہ صوبائی حکومت نے، وزیر اعلیٰ نے ان لوگوں کو کہا ہے کہ بھئی آپ فنڈز کو چھوڑیں، جتنا فنڈ لگے گا، ہم دیں گے لیکن جناب سپیکر، کام آگے نہیں ہو رہا ہے۔ ہمیں بتایا جائے کہ آگے کام کیوں نہیں ہو رہا، کیا کوئی آدمی جان بوجھ کر ان کاموں کو روک رہا ہے یا وہ صوبائی حکومت کی بدنامی کا باعث بنا رہا ہے؟ اس چیز کا پتہ کیا جائے اور ہمیں بتایا جائے۔ جناب سپیکر! اسی طرح ہمارے وہاں پر چونکہ سارے سکولز ٹوٹ گئے تھے، اس کے اندر بڑی پلاننگ ہوئی، بڑے معاملات ہوئے پھر آخر میں کہیں جا کر ایک کنسلٹنٹ نیسپاک کو رکھا گیا۔ نیسپاک کو کہا گیا کہ جا کر سروے کرے اور جلدی

کرے، جلدی کرے۔ وہ گئے، سروے کر کے انہوں نے کہا کہ جی یہ چھیاسٹھ سکول ہیں اور یہ سکولز جہاں واقع تھے، وہ جگہ Slide ہو گئی ہے، اس کیلئے نئی جگہ لینی پڑے گی۔ وزیر اعلیٰ کے نوٹس میں ہم بات لائے۔ انہوں نے غالباً اے سی ایس کو بتایا، اے سی ایس نے محکمے کو بلایا جناب، محکمہ تعلیم کو بلایا اور ان کو کہا کہ بھئی جتنے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شاہ صاحب! آپ میری ایک تجویز سنیں کہ اگر 30 جون کے بعد پورا دن اس کیلئے ہم رکھیں، چونکہ یہ تو بجٹ تقریر نہیں ہے، مطلب ہے کہ اگر پورا دن اس کیلئے رکھیں۔

<u>جناب مظہر علی قاسم:</u> بس جی ختم کرتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> بس ٹھیک ہے۔

<u>جناب مظہر علی قاسم:</u> ختم کرتا ہوں۔ اس سلسلے میں انہوں نے بلایا۔ سر! یہ اصل میں، بجٹ تقریر تو بے شک اس میں چونکہ بجٹ کے اندر تحصیل بالا کوٹ کا ذکر نہیں ہے۔ ہمارے فنڈز جو ہیں، وہ کہیں اور سے آ رہے ہیں۔ ترقیاتی پروگرام کا ذکر میں آپ سے کر رہا ہوں۔ ترقیاتی کا بھی نہیں کر رہا ہوں، میں آپکو تعمیر نو کا پروگرام بتا رہا ہوں کہ جو ٹوٹا ہوا تھا، اس کے بننے کی بات کر رہا ہوں۔ یہاں پر جو بات ہے، وہ بجٹ سے Related اس طرح آ جاتی ہے کہ وہ وہاں سے، فیڈرل گورنمنٹ سے پراونشل گورنمنٹ کے پاس آتا ہے اور وہاں سے وہ جاتا ہے۔ پراونشل گورنمنٹ ہر چیز کی ذمہ دار ہے اور ہونا بھی چاہیئے۔ اس ہاؤس کے ہم ممبر ہیں اور پراونشل گورنمنٹ ذمہ دار ہے۔ اے سی ایس نے محکمہ تعلیم کو بلایا، ان کو بولا کہ بھئی کتنے Slides ہوئی ہیں، اس کی جگہ صوبائی حکومت پیسے دیتی ہے، آپ Site لیں۔ ایک دم ایک کمیٹی بنی وہاں، میں نے وہاں پر محکمے کو کہا کہ جلدی کریں۔ جناب سپیکر! میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کتنی Sites کا سروے ہوا ہے؟ کتنی نئی جگہوں کی بات ہوئی ہے؟ ایک بھی نہیں۔ اس بات کو دو مہینے گزر گئے، وزیر اعلیٰ کا آرڈر ہے، اے سی ایس کا آرڈر ہے، ڈیویلپمنٹل ورکس ہیں لیکن کوئی آدمی نہ جا رہا ہے، نہ آدمی کوئی دیکھ رہا ہے۔ وزراء بھی جاتے ہیں اور بس پھر واپس آ جاتے ہیں۔ اسی طریقے سے جناب سپیکر، لینڈ سلائیڈنگ کا معاملہ ہے، آج تک کوئی کمیٹی انفارم ہوئی ہے کہ جن لوگوں کو پیسے مل رہے ہیں لینڈ سلائیڈنگ کے پچھتر ہزار روپیہ، آج تک وہاں پر کوئی کمیٹی گئی نہیں ہے کہ جو جا کر اس چیز کو دیکھ سکے۔ اب ہمارا تو

اے۔ڈی۔پی کے اندر نام نہیں ہے اور اے۔ڈی۔پی کی طرح کا ایک اور Document ہے جس کا نام ہے Strategy document، یہ 'ایرا' اور 'پیرا' جس کو Follow کرتے ہیں۔ جناب سپیکر! اس Strategy کے اندر جو چیز رہ گئی ہے، جو ٹوٹی بھی ہے اور رہ گئی ہے، وہ آج بھی اس کے اندر شامل نہیں ہو سکی۔ اب مجھے نہیں سمجھ آ رہا ہے کہ میں یہ کس کے سامنے سوال کروں کہ بھئی تم اس چیز کو کسی لیول کے اوپر اٹھاؤ اور وہ جو سکیمز رہ گئی ہیں، انکو کسی طریقے سے Strategy میں ڈلواؤ۔ اسی طریقے سے بجلی کے معاملات ہیں اور دوسرے معاملات ہیں جناب، ان کو بھی کوئی دیکھنے والا نہیں ہے۔ کوئی ایسا آدمی نہیں ہے کہ جس کو ہم کہیں کہ بھئی یہ چیزیں ہماری پرابلمز ہیں، ان کو آپ Solve کریں۔ وہ سارا علاقہ اسی طرح ٹوٹا ہوا ہے، اس کے اندر نہ سکولوں کی آپ گریڈیشن ہے، نہ ادھر New schemes of roads ہیں، نہ کوئی چیز ہے۔ ہم نہیں مانگتے نئی چیزیں، ہم یہ چاہتے ہیں کہ جو چیزیں ہماری ٹوٹی ہوئی ہیں، صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے، اس نے اپنے اے۔ڈی۔پی میں اسے نہیں ڈالا۔ اس نے اس کیلئے الگ محکمے بنائے ہوئے ہیں، ان محکموں کو وہ بلائے اور ان سے پوچھے کہ بھئی یہ کیوں نہیں ہو رہا ہے؟ بہت شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you. Janab Siraj-ul-Haq Sahib. Janab Siraj-ul-Haq Sahib! Please.

<u>جناب سراج الحق:</u> بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ محترم سپیکر صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جمعے کا دن ہے۔ میں چند منٹ آپ کے لینا چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> اس کے بعد میں لیڈر آف دی اپوزیشن کو دعوت دوں گا۔ یہ امامت بھی کریں گے اور جمعہ ادھر پڑھائیں گے۔

<u>جناب سراج الحق:</u> امامت کون کریں گے جی؟

<u>جناب سپیکر:</u> لیڈر آف دی اپوزیشن۔

<u>جناب سراج الحق:</u> لیڈر آف دی اپوزیشن!

<u>جناب سپیکر:</u> وہ خطبہ بھی دیں گے۔

جناب سراج الحق: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ سپیکر صاحب! آپ نے اشارہ قریب کی طرف کر دیا،اسلئے مجھے تھوڑا_ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بجٹ میں خوبیاں بھی ہیں اور خامیاں بھی لیکن شاید یہ تاریخ کا پہلا بجٹ ہے کہ پہلا بجٹ جو ایم ایم اے نے پیش کیا تھا، وہ 42 بلین کا تھا اور اس سال کا بجٹ جناب سپیکر صاحب، ایک کھرب اور چودہ بلین کا ہے، نہ پنجاب میں یہ اضافہ ہوا ہے، نہ سندھ میں یہ اضافہ ہوا ہے، نہ بلوچستان میں یہ اضافہ ہوا ہے اور نہ صوبہ سرحد کی تاریخ میں یہ اضافہ ہوا۔ یہ سو فیصد اضافہ بھی نہیں ہے، یہ ایک سو چودہ فیصد اضافہ ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سب سے پہلی بات تو ذرائع آمدن کی ہے۔ آمدن ہو تو تجاویز پر بھی اس طرح عمل ہو سکتا ہے۔ آمدن اگر آپ کی نہ ہو اور آمدن کا سب سے بڑا ذریعہ تو وہ فار مولا ہے جو اس وقت NFC کے نام سے لوگ جانتے ہیں اور یہ جو فار مولا ہے، یہ ظلم پر مبنی ہے، بے انصافی پر مبنی ہے اور جب تک NFC کا فار مولا تبدیل نہ کیا جائے اور پاکستان کے وسائل کو انصاف پر تقسیم نہ کیا جائے، نہ سرحد ترقی کر سکتا ہے، نہ بلوچستان ترقی کر سکتا ہے، نہ پاکستان کے غریب علاقے ترقی کر سکتے ہیں۔ میں نے بہت زیادہ کوشش کی اس فار مولے کو تبدیل کرنے کی اور یہاں تک میں نے یہاں بات کی، بعض لوگ اس پہ بہت زیادہ پریشان ہو گئے اور میں نے اس وقت بھی یہ عرض کیا تھا کہ اسلام آباد میں جو چراغاں ہیں اور جو قمقمے ہیں، ان میں صوبہ سرحد کے لوگوں کا خون جل رہا ہے اور وہ مجھے نظر آتا ہے۔ لوگ بڑے پریشان بھی ہو گئے لیکن میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ پانچ سال جو میں نے قریب سے اسلام آباد کے ایوانوں کو دیکھا ہے، حکمرانوں کو دیکھا ہے، سچی بات یہ ہے کہ وہ لوگ وہاں بیٹھے ہیں جن کے کرتوت، جن کے اقدامات پاکستان کو کمزور کرنے کیلئے ہیں، اس کو مستحکم کرنے کیلئے نہیں ہیں۔ اسلئے میں آپ کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ ایک لمحہ ایسا تھا کہ پرویز مشرف کو ہم نے قائل کر دیا کہ وسائل کو اس بنیاد پر تقسیم کیا جائے کہ محروم علاقوں کو زیادہ سے زیادہ حصہ ملے اور اس میں غربت کو بنیاد بنایا جائے اور پرویز مشرف صاحب بیٹھے تھے، انہوں نے شوکت عزیز صاحب سے پوچھا کہ آپ اسکا جواب دے دیں کہ ہمارا جو جنم ہے اور تاریخ پیدائش ہے پاکستان کی، وہ ایک ہی دن ہے، پنجاب، سرحد، بلوچستان اور سندھ پھر صوبہ سرحد غریب کیوں ہے اور پنجاب اور کراچی میں مال زیادہ کیوں ہے؟ وہ جواب نہیں دے سکے، وہ خاموش

ہو گئے اور پھر انہوں نے خود کہا کہ یقیناً اس پر دوبارہ نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے لیکن مجھے یاد ہے کہ جب پرویزالٰہی نے ان کے کام میں چند الفاظ کہے اور ان سے یہ عرض کیا کہ اگر آپ نے اس فارمولے کو تبدیل کیا تو آئندہ بلدیاتی الیکشن ہمارے لئے جیتنا مشکل ہے اور اس کے بعد پرویز مشرف نے تھوڑا سارد و بدل کر کے اسی فارمولے کو دوبارہ ایک حکمنامے کے ذریعے نافذ کیا۔ میں اب بھی یہی مطالبہ کرونگا کہ پاکستان کے مستقبل کیلئے بہتر ہے، ہم فیڈریشن کے مخالف نہیں ہیں، ہم وفاق کو مستحکم دیکھنا چاہتے ہیں لیکن اگر جسم کا ایک حصہ کمزور ہو اور لاغر ہو تو باقی جسم بھی ترقی نہیں کر سکتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ صوبہ سرحد میں وسائل کی کمی نہیں ہے لیکن اگر یہ وسائل جو اس وقت مرکز کے ساتھ ہیں، جو ہماری طرف سے وہاں جا رہا ہے اور جو پول انہوں نے بنایا ہے، اگر اسکو مساوی بنیاد پر تقسیم کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم صوبہ سرحد دینے والے بن سکتے ہیں، لینے والے ہم نہیں رہیں گے۔ (تالیاں)

جناب سپیکر صاحب! یہ بجلی کے خالص منافع کا جو کیس ہے، میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں اللہ کو حاضر و ناظر جان کر کہ ہم نے اس کو سیاسی سکور کیلئے استعمال نہیں کیا ہے اور جو ہم نے جرگہ بنایا تھا اور میں اس فلور پہ شکریہ ادا کرتا ہوں جناب اسفندیار خان صاحب کا، جناب مولانا فضل الرحمان صاحب کا، جناب قاضی حسین احمد صاحب کا اور Even میں شکریہ ادا کرتا ہوں امین فہیم صاحب کا بھی اور نثار خان کا بھی، ان تمام سیاسی لیڈروں نے مرکز میں ہمیں سپورٹ کیا ہے اور انکے دباؤ کا یہ نتیجہ تھا کہ بالآخر مرکز ایک سیاسی، ایک ثالثی ٹریبونل پہ راضی ہو گیا۔ وجیہہ الزمان صاحب یہاں پہ تشریف فرما ہیں، ان کی والدہ محترمہ نے جو ہمیں سپورٹ کیا ہے اور انہوں نے بارہا مجالس میں کہا ہے کہ گو کہ میرا تعلق سرکاری بنچ سے ہے لیکن میں صوبہ سرحد کو سپورٹ کرنا چاہتی ہوں اور ان کی ہماری مجلس میں شمولیت سے ہمیں ایک زبردست تقویت ملی تھی۔ (تالیاں) اسکا نتیجہ یہ نکلا کہ تاریخ میں پہلی بار یہ فیصلہ ہوا، جسٹس اجمل میاں نے دیا کہ چوبیس بلین ان کو دینا چاہیئے سالانہ اور میں کہتا ہوں کہ اگر ثالثی ٹریبونل کے فیصلے پہ عملدرآمد کیا جائے، ایک سو دس بلین ہمیں مل جائیں گزشتہ سولہ سال کے اور چوبیس بلین ہمیں دیے جائیں سالانہ کے حساب سے تو اس ایوان کے سامنے ایسی تجاویز نہیں ہو سکتیں کہ جن کو خرچ کرنے کیلئے ہمارے ساتھ راستے

نہیں ہونگے۔ اسلئے میں اب بھی یہ تجویز کروں گا جناب سپیکر صاحب، حکومت بنچز کو بھی اور اپوزیشن بنچز کو بھی کہ جس طرح ہم نے مل کر اس مسئلے کو ایک نتیجے تک پہنچایا ہے، لہذا اس کو مزید بھی بڑھانے کی ضرورت ہے تاکہ ہم اپنا حق مرکز سے لینے کے قابل ہو سکیں اور جب ہم لیں گے انشاءاللہ تعالیٰ تو چترال سے لیکر ڈی آئی خان تک اور بالاکوٹ تک کوئی جگہ ایسی نہیں رہے گی جس کا مسئلہ ہو اور حل نہ ہو۔ جناب سپیکر صاحب! میں بالکل آخری بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے جو بجٹ تین حصوں میں تقسیم کرنے کی کوشش کی، سچی بات یہ ہے کہ یہ بھی تاریخ کا ایک حصہ ہے کہ ہم نے اپنے بجٹ کو زیادہ سے زیادہ فلاحی بنانے کی کوشش کی اور میں امید کا اظہار کرتا ہوں کہ آج وہ لوگ ہم پہ اعتراض کرتے ہیں اور اعتراض کرنا اپوزیشن کا حق ہے، جنہوں نے اپنے ادوار میں ہمارے صوبہ سرحد کے بچوں کو ایک چاکلیٹ تک مفت نہیں دی ہے۔ میرے محترم سپیکر صاحب، آج ہم پینتیس لاکھ طلبا کو مفت تعلیم دے رہے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! آج ہم گریجویٹس، ایم۔اے اور ایم ایس سی ڈگری ہولڈر بے روزگاروں کو الاؤنس دے رہے ہیں اور میں اس امید کا اظہار کرتا ہوں کہ اگر رب ذالجلال نے ہمیں ایک اور Term دے دیا اور ایک اور موقع ہمیں اللہ نے عطا کر دیا تو اس صوبہ سرحد میں جتنے بھی بوڑھے مرد یا خواتین ہیں، ان کو ہم گھر پر اسی طرح الاؤنس دیں گے جس طرح ہم نے بٹگرام، کوہستان اور شانگلہ میں دینے کا فیصلہ کیا۔ بے شک پانچ سو روپے ہیں (تالیاں) لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وہ انشاءاللہ زیادہ ہو جائیں گے۔ جی، پیر محمد صاحب بھی بیٹھے ہیں اور انشاءاللہ آئندہ جب وقت آئیگا تو میں امید رکھتا ہوں کہ انشاءاللہ ہم بقیہ صوبوں میں بھی اس طرح الاؤنس دینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے بے شک وہ کام نہیں کئے جو ہم کرنا چاہتے ہیں۔ ہم عدالتی نظام کو تبدیل کرنا چاہتے تھے، ہم ریڈیو اور ٹیلی ویژن کا قبلہ درست کرنا چاہتے تھے لیکن نہ کر سکے، اسلئے کہ ہم نے اس ایوان میں خود ایک حسبہ بل منظور کیا اور ہمیں افسوس ہے کہ تاریخ میں پہلی بار صدر پاکستان ایک صوبائی اسمبلی کے پاس کردہ بل کے خلاف وہ عدالت میں گئے ہیں اور سپریم کورٹ کے ذریعے، آج شاید وہ جو دونوں بڑے آپس میں لڑ رہے ہیں، اس میں شاید ہمارے حسبہ بل کا بھی کچھ خون شامل ہو گا کہ انہوں نے وہاں ان کا خون کر دیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اب ان پر

ایک عذاب نازل کر دیا ہے کہ آپس میں لڑ رہے ہیں اور الجھ رہے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ شاید پاکستان کی تاریخ میں پہلی صوبہ سرحد کی حکومت ہے جس میں وزراء کی تنخواہ سکول کے استاد کے برابر ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: اور ممبران کی؟

<u>جناب سراج الحق</u>: اور ممبران کی تنخواہ اس سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر صاحب! آج میں تھوڑا سا عرض کرنا چاہوں گی کہ انہوں نے تو ہر ایک کو Facilitate کر دیا لیکن وہ ممبر، آپ کے وہ ممبر یہاں پہ موجود ہیں، میں آپ کی وساطت سے سراج الحق صاحب سے یہ بات کرنا چاہتی ہوں کہ پانچ سال میں آپ مجھے یہ بتائیں کہ پورے پاکستان میں انہوں نے اپنے ممبران کیلئے تنخواہیں بھی زیادہ کی ہیں؟ یہ صرف یہ کریڈیٹ کیلئے کہ ہم تنخواہیں نہیں لے رہے ہیں جبکہ تمام وہ سرکاری وسائل استعمال کر رہے ہیں لیکن اپنے ممبران کی تنخواہیں سراج الحق صاحب نے رکوائی ہیں کہ ان ممبران کی تنخواہیں زیادہ نہ ہوں اور ایک اور بات کرنا چاہونگی کہ انہوں نے جب پرویز الٰہی صاحب کا نام لیا کہ انہوں نے کان میں صدر پرویز مشرف کے کہا، کیا ان کے سامنے، تو کیا ان کو شوق ہے کہ کانا پھوسی سنیں کہ کوئی کیا کہہ رہا ہے؟ اور کیا پرویز الٰہی اس پاکستان کے باسی نہیں ہیں، اس پاکستان کے وہ شہری نہیں ہیں، اس پاکستان کے وہ چیف منسٹر نہیں ہیں جو سرحد کے لوگوں کے ساتھ غداری کریں گے؟۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: آواز پہنچ گئی، آواز پہنچ گئی۔ آواز پہنچانا چاہتی تھیں، پہنچ گئی۔

<u>جناب سراج الحق</u>: جناب سپیکر صاحب! میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے وہ کلچر یہاں دیا ہے، جمہوری کلچر یعنی میں بول رہا ہوں اور میری گفتگو کے دوران میری بہن اگر بات کر سکتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ جمہوری کلچر کا حصہ ہے۔ (تالیاں)

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جمہوریت مجھے جناب سپیکر صاحب نے دی ہے، آپ نے نہیں دی ہے۔ آپ تو کسی کو برداشت بھی نہیں کر سکتے ہیں اور یہ جمہوریت صدر جنرل پرویز مشرف نے دی ہے کہ اس اسمبلی نے پانچ سال گزار دیئے ہیں۔ (اوہ، اوہ کی آوازیں)

جناب سراج الحق: جناب سپیکر صاحب! بہر حال میں نگہت صاحبہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ انہوں نے جو بات کی ہے، میں تمام اداروں سے درخواست کرتا ہوں کہ ان کی وہ بات جو پرویز مشرف کی تعریف کے حوالے سے ہے، ان تک ضرور پہنچائی جائے تاکہ کم از کم کچھ ------

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! ان تک میری آواز ویسے بھی پہنچی ہوئی ہے اور قرآن مجید میں یہ ہے کہ "**ھل جزاء الاحسان الا الاحسان**"، ہم پہ جو اللہ تعالیٰ کے بعد، یہ آج آپ کی لیڈیز اور ہم یہاں پہ اگر یونین کونسل سے لے کر سینیٹ تک جو بیٹھے ہوئے ہیں تو اسلام کے بعد اگر ہمیں کسی نے بھی حق دیا ہے تو وہ صدر جنرل پرویز مشرف نے ہمیں یہاں بٹھایا ہے ورنہ دو حکومتیں، بی بی کی بھی گزر چکی ہیں اور جناب نواز شریف کی بھی گزر چکی ہیں، کسی نے یہاں کسی عورت کو یہ حق نہیں دیا تھا کہ وہ اس ایوان میں کھڑے ہو کر آپ جیسے Elected لوگوں سے بات کرے۔

جناب سراج الحق: جناب سپیکر صاحب! میں بہت شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس پر اپنی بات ختم کرتا ہوں۔

قاری عبداللہ: جناب سپیکر! -----

جناب سپیکر: قاری عبداللہ صاحب! کل آپ نہیں تھے۔

قاری عبداللہ: جی میں معذرت چاہتا ہوں کہ میں نہیں تھا۔ آپ نے میرا نام لیا تھا۔

جناب سپیکر: ابھی تو لیڈر آف اپوزیشن اور فنانس منسٹر کی ----

قاری عبداللہ: تھوڑی دیر کے لئے اگر آپ مجھ کو موقع دے دیں تو میں آپ کا مشکور رہوں گا۔

جناب سپیکر: نہیں -----

قاری عبداللہ: تھوڑے سے وقت کیلئے ------

ایک آواز: لیڈیز کو بھی تھوڑا سا موقع دیں۔

جناب سپیکر: اجلاس کو چار بجے تک کیلئے ملتوی کیا جاتا ہے -------

قاری عبداللہ: جناب سپیکر صاحب! چار بجے آپ مجھے ٹائم دیں گے ؟

جناب سپیکر: ہاں، انشاء اللہ چار بجے دوبارہ ہم یہاں پہ ملیں گے

---

(ایوان کی کارروائی سہ پہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہو گئی)

## دوسری نشست

اجلاس کی دوسری نشست، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعتہ المبارک مورخہ 22 جون 2007 بمطابق 7 جمادی الثانی 1428ہجری سہ پہر چار بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوئی۔
جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

**اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہ**

**وَلَا تَقْرَبُواْ مَالَ ٱلْيَتِيمِ إِلَّا بِٱلَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُۥ ۚ وَأَوْفُواْ بِٱلْعَهْدِ ۖ إِنَّ ٱلْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔولاً ۝ وَأَوْفُواْ ٱلْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُواْ بِٱلْقِسْطَاسِ ٱلْمُسْتَقِيمِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلاً ۝ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِۦ عِلْمٌ ۚ إِنَّ ٱلسَّمْعَ وَٱلْبَصَرَ وَٱلْفُؤَادَ كُلُّ أُوْلَـٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔولاً ۝ وَلَا تَمْشِ فِي ٱلْأَرْضِ مَرَحًا ۖ إِنَّكَ لَن تَخْرِقَ ٱلْأَرْضَ وَلَن تَبْلُغَ ٱلْجِبَالَ طُولاً ۝**

(ترجمہ) ارشاد ہے۔ مال یتیم کے پاس نہ پھٹکو مگر احسن طریقے سے یہاں تک کہ وہ اپنے شباب کو پہنچ جائیں۔ عہد کی پابندی کرو بے شک عہد کے بارے میں تم کو جواب دہی کرنی ہوگی۔ پیمانے سے دو تو پورا بھر کر دو اور تولو تو ٹھیک ترازو سے تولو یہ اچھا کام ہے اور بلحاظ انجام بھی یہی بہتر ہے۔ کسی ایسی چیز کے پیچھے نہ لگو جس کا تمہیں علم نہ ہو۔ یقیناً آنکھ، کان اور دل سب ہی کی باز پرس ہونی ہے، زمین میں اکڑ کر نہ چلو تم نہ زمین کو پھاڑ سکتے ہو اور نہ پہاڑوں کی بلندی کو پہنچ سکتے ہو۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پوائنٹ آف آرڈر، سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: پوائنٹ آف آرڈر؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جی پلیز، اگر آپ اجازت دیں تو؟

جناب سپیکر: د کوم رول لاندے ؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، روایات پاتے شوے دی او دا خو زمونږ د صوبے د عوامو او د ماشومانو یو ډیرImportantمسئله ده، د دغے په باره کښں۔

جناب سپیکر: بنه، بنه۔

## رسمی کارروائی

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، آپ کے توسط سے، یہاں پہ وزیر تعلیم صاحب بیٹھے ہوئے ہیں تو میں ان کے Knowledge میں یہ بات لانا چاہتی ہوں کہ پنجاب کے وزیر تعلیم نے وہاں کے تمام نجی سکولوں کو یہ کہا ہے کہ جو یکمشت فیس والدین سے لے لیتے ہیں اور بسوں کا کرایہ وغیرہ بھی، جو کہ والدین پر ایک بہت بڑا بوجھ ہے تو انہوں نے یہ کہا ہے کہ جس سکول کے بارے میں یہ Complaint ملی کہ انہوں نے تین مہینے کی اکٹھی فیس لے لی اور ساتھ ہی بس کا کرایہ بھی، تو اس نجی سکول کی رجسٹریشن ختم کر دی جائے گی۔ جناب سپیکر صاحب، ہم پنجاب کی ہر چیز کو Follow کرتے ہیں تو یہاں پہ ہمارا صوبہ بہت زیادہ غریب ہے اور یہاں کے عوام جو ہیں اور خاص کر وہ والدین جو اپنے بچوں کو خون پسینے سے کما کر تعلیم دلواتے ہیں تو اگر وزیر تعلیم صاحب یہاں بھی کوئی ایسا آرڈر کر دیں تو میں سمجھتی ہوں کہ ان غریب عوام اور خاص کر وہ والدین جو استطاعت نہیں رکھتے ہیں، ان کیلئے یہ ایک اچھا قدم ہوگا، اس ایم ایم اے گورنمنٹ کی طرف سے۔

جناب قلب حسن: جناب سپیکر صاحب، دا ډیر اهم غوندے مسئله ده او منسټر صاحب ناست دے نو زه وایم چه که دوئ د دے په باره کښں

خصوصی هدایات اوکړی، مونږ نګهت اورکزئی سره دے شئ کښې متفق یو او مونږ ئے تائید کوؤ۔

جناب سپیکر: جی، جناب مولانا فضل علی صاحب۔

مولانا فضل علی(وزیر تعلیم): شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، اوس کومه خبره چه نګهت اورکزئی صاحبے او قلب حسن صاحب اوکړه، د هرے صوبے خپل مخصوص حالات وی او دهغے مطابق خپل نظام چلوی، چونکه تعلیم خالصتاً صوبائی سبجیکټ دے نو مونږ به دے باندے غوراوکړو چه یره څه ممکن کیدے شی نو مونږ به خامخا ریلیف ورکوؤ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیکر صاحب، اس میں تو ٹھیک ہے، نجی سکولوں کے ساتھ توان کا کوئیProblem نہیں ہوتا، سرکاری سکولوں کے بارے میں تو ہم بات نہیں کر رہے ہیں، ہم تو نجی سکول اور نجی سکول تو اتنا کمارہے ہیں کہ وہ تو والدین کی چمڑی تک ادھیڑ لیتے ہیں، کتابوں کے بہانے ،فیسوں کے بہانے اور کرائے کے بہانے تو اگر اس بارے میں وہ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ دیکھیں گے اور رپورٹ لائیں گے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تو سر، آپ ذرا ان کی Surety دلوادیں تاکہ اس ہاؤس میں، سر، یہ آپ کے بچے کا بھی معاملہ ہو سکتا ہے، میرے بچے کا بھی ہو سکتا ہے اور غریب والدین کے بچے کا بھی ہو سکتا ہے۔

وزیر تعلیم: سپیکر صاحب، ما خو ډیر تفصیلی خبره او نه کړه خو دے د پاره یو ریګولیټری اتهارټی مونږ مقرر کړے ده، بورډونه موجوده چه څومره دی نو هغه د متعلقه سکولونو ریګولیټری اتهارټی ده جی۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: چه لږ اوګوری، مطلب دا دے۔۔۔۔

وزیر تعلیم: په هغے کښې مختلفCriteria دی، بعضے سکولونه دا سے دی چه هغه ډیر ښه تعلیم هم ورکوی او Facilitiesورسره دی، هغے د

پاره Criteria مونږه مقرر کړے ده جی، چه هغے د پاره اول، دویم، دریم کوم سکولونه دی، په هغه طریقه باندے مونږه د هغه سکولونو Analysis کوؤ او دا به مونږه اوګورو، انشاء الله۔

جناب سپیکر: قاری عبدالله بنگش صاحب! قاری صاحب مختصر، بنه۔

قاری عبدالله: جناب سپیکر، دا کورم نه دے پوره۔

جناب سپیکر: نو بیا خو که دا نشاندهی کوے، بیا خوهډو اجلاس کیدے نه شی۔

قاری عبدالله: زمونږه د وینا ۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه، تا په دے خپله وینا باندے اونه وئیل چه کورم نه دے پوره؟

## بجٹ برائے مالی سال 08-2007 پر عام بحث

قاری عبدالله: سپیکر صاحب، زما د وینا حق شته که نشته؟ (قہقہہ) که زما د وینا حق وی په دے ایوان کښې خو بس، زه خو لا غږیدلے نه یم، ته وائے مختصر کړه۔ ستا حکم په سرا و سترګو۔ شکریه جناب سپیکر۔ بسم الله الرحمن الرحیم ہ۔ تمام تعریفیں اس ذات کیلئے کہ جس نے کارخانہ عالم کو وجود بخشا اور درود و سلام اس آخری پیغمبر پر کہ جس نے دنیا میں حق کا بول بالا کیا۔ اعوذ بالله من الشیطان الرجیم ہ۔ واحسن کما احسن الله الیک۔ شکریہ جناب سپیکر، آپ نے 08-2007 کے آخری بجٹ پر مجھے گفتگو کرنے کا موقع عنایت فرمایا ہے، میں کوشش کروں گا کہ میں اپنی بات کو آپ کے ارشاد کے مطابق مختصر عرض کر سکوں۔ سب سے پہلے میں اپنے ہر دلعزیز وزیر اعلیٰ جناب اکرم خان درانی صاحب، جناب وزیر خزانہ اور ان کی چاق و چوبند ٹیم کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ ان کی قیادت میں خیر و عافیت کے ساتھ پانچواں بجٹ سرحد اسمبلی میں پیش کیا جا سکا۔ در حقیقت اسمبلی بجٹ پر گفتگو کرتے ہوئے میں خلوع و مراؑ کے امتزاج سے بھرپور کلام پیش کرتا ہوں، مجھے امید ہے کہ اہل ایوان تمل اور تھکان محسوس نہیں کریں گے۔ جناب سپیکر، 08-2007 کے بجٹ کی بڑی

خوبی یہ ہے کہ یہ ٹیکس فری بجٹ ہے، اس میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ پبلک عوام کو اس سے بہترین ریلیف پہنچا ہے یعنی حکومت نے تو بوجھ کو اپنے سر پر برداشت کیا ہے لیکن عوام کے اوپر کوئی بوجھ نہیں ڈالا گیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس بجٹ کی خوبی ہے نیز مالی سال 04-2003 کے مقابلے میں آئندہ مالی سال کے فلاحی، انتظامی اور ترقیاتی بجٹ میں 61% کا جو اضافہ ہے، یہ بھی بہت بہترین اضافہ ہے جس سے میں سمجھتا ہوں کہ امن وامان کو بہتر کرنے کیلئے انتظامی بجٹ میں 82% کا جو اضافہ کیا گیا ہے، اس سے اس صوبے میں عام شہریوں کو امن وامان کی سہولت میسر آ سکے گی۔ شعبہ تعلیم میں ہماری حکومت نے بہتر کارکردگی دکھائی ہے، یقیناً جب ہم پہلے اس اسمبلی میں پہنچے تھے تو ہم یہ آواز لگاتے تھے کہ ہمارے سکول ویران پڑے ہیں، ہمارے سکولوں میں کوئی Improvement نہیں ہو رہی ہے اور سارے سکولوں میں تقریباً تقریباً یکساں صورت حال تھی، اساتذہ اور ٹیچر حضرات نہیں ہوا کرتے تھے، یہاں پہ منسٹر ایجوکیشن صاحب تشریف فرما ہیں، حقیقت یہ ہے کہ ان کی بصیرت اور ان کی شبانہ روز محنت کو داد دی جا سکتی ہے اور یہ قرین انصاف ہے۔ شعبہ تعلیم میں خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے حکومت نے چار سالوں میں 80 نئے کالج، متعدد یونیورسٹیاں قائم کی ہیں جو کہ اس حکومت کا یقیناً بہت بڑا کارنامہ ہے۔ تعلیمی دفاتر کیلئے 1.8 ملین، پرائمری تعلیم کیلئے 86.87 ملین، اعلیٰ تعلیم کیلئے 179.7 ملین، کالجز کیلئے 1.5، تربیت و تحقیق کیلئے 142.69 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ صوبے میں تعلیم کے حوالے سے بہت بڑے انقلاب کا پیش خیمہ بنے گا لیکن میں یہاں پر منسٹر صاحب اور اپنی حکومت کے بجٹ ساز اتھارٹی کے نوٹس میں لانا چاہوں گا کہ جناب والا، مذکورہ چار سالوں میں یقیناً بہت بڑی پیش رفت ہوئی ہے، 80 کالج بنے ہیں لیکن اتفاق سے یا سوء اتفاق سے میرے حلقے میں کوئی کالج، بلکہ پورے ضلع میں کوئی کالج قیام عمل میں نہیں لایا جا سکا، جس کی، چونکہ ہمارے منسٹر صاحب نے مجھے یقین دہانی کی ہے، میں عرض کروں گا کہ Umbrella ADP میں، میرے حلقہ پی ایف 43 کے موضع دوآبہ میں ایک عدد ڈگری کالج کی منظوری دے دی جائے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ضرورت ہے نیز ٹل ڈگری کالج جو میرے حلقے کا واحد کالج ہے، وہاں پر اساتذہ اور عملہ تدریس کا ایک مسئلہ ہے اور کالج چونکہ سائڈ ایریا میں ہے جس کی وجہ سے جناب سپیکر، وہاں کے

بچوں کو آنا جانا، پہنچنا دشوار رہتا ہے۔ میں منسٹر صاحب اور اپنی حکومت کے حکام بالا کے نوٹس میں یہ لانا چاہوں گا کہ وہاں کے طلباء کیلئے ایک عدد بس کی منظوری دے دی جائے تاکہ ٹل کے ڈگری کالج کے طلباء کو آنے جانے میں سہولت ہو۔ اسی طریقے سے جناب سپیکر، شعبہ صحت میں ہماری حکومت نے نمایاں کارکردگی دکھائی ہے، یقیناً اس سے پہلے حکومتوں میں کہیں یہ چیز سامنے نہیں آئی تھی، ہمارے منسٹر عنایت اللہ صاحب جو ہر دلعزیز نوجوان منسٹر ہیں اور (تالیاں) بجا طور پر صوبہ سرحد کے غیور عوام کی توقعات پر پورے اترے ہیں اور ہمیں ان کی کارکردگی پر فخر ہے، یہاں پر یہ بات کہ صوبے میں کئی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بن گئے ہیں اور اسی طریقے سے صوبائی ہیڈ کوارٹر میں جو بڑے ہاسپٹلز ہیں، وہاں پر انہوں نے اس بجٹ میں بہت بڑی رقم مختص کی ہے، Endowment fund کو انہوں نے سو ملین روپے کر دیا ہے، ایمرجنسی اور ادویات کیلئے سو ملین ہے، کارڈیالوجی لیڈی ریڈنگ کیلئے چالیس ملین ہے، خیبر میڈیکل یونیورسٹی کیلئے پچاس ملین ہے۔ محکمہ صحت میں سب سے بڑی Improvement یہ ہوئی ہے کہ جناب سپیکر، 1996 عدد آسامیوں کی منظوری عمل میں لائی گئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہترین پلاننگ ہے، جس میں سب سے خوشی کی بات یہ ہے کہ 859 عدد آسامیاں مختلف اضلاع میں، اضلاع کی سطح پر ہیں، میں اس اضافے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے عرض کروں گا کہ جناب منسٹر صاحب میرے حلقہ پی ایف 43 میں تحصیل ٹل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جو کہ ابھی ابھی اپ گریڈ ہوا ہے اور اس میں تعمیراتی کام تقریباً 75 % مکمل ہوا ہے اس میں اپنے ماتحت افسران کو یہ ہدایت جاری کریں کہ وہ ایس این ای بنا کر اسی طریقے سے ہمارے وہاں کے ہسپتال کیلئے کوالیفائیڈ ڈاکٹرز، سٹاف اور عملے کا فوری طور پر انتظام فرمائیں تاکہ وہاں پر صحت کی بہترین سہولیات سے عوام کو فی الفور فائدہ پہنچنا شروع ہو جائے۔ میں امید کروں گا کہ منسٹر صاحب اس سلسلے میں اقدامات فرمائیں گے اور بڑی مہربانی ہو گی اگر منسٹر صاحب، منسٹر ایجوکیشن صاحب کی طرح مجھے ایوان میں یقین دہانی بھی دے دیں کہ کہ وہاں پر سٹاف جو ہے، وہاں پر تو، اچھا جناب سپیکر، میں 08-2007 کے اس بجٹ میں شاہراہوں کیلئے حکومت کی طرف سے جو بجٹ میں پیسے مختص کئے گئے ہیں، اس میں 181 منصوبوں کیلئے 3.96 بلین روپے مختص کئے گئے ہیں اور پانچ سو کلو میٹر پکی سڑکیں اضلاع میں بنائی جائیں گی، دس عدد پل

بنائے جائیں گے، یہ یقیناً مخلوق خدا کی بہترین اور بہت بڑی خدمت ہے اور یہ ایک بہترین اضافہ ہے لیکن یہاں پر میں اپنی حکومت کے مشران کے نوٹس میں لانا چاہوں گا جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

**جناب سپیکر**: قاری صاحب! مختصر کریں بس۔

**قاری محمد عبداللہ**: ختم کرتا ہوں۔ ٹل ٹو ہنگو جو روڈ ہے ،اس کا PC-I بن گیا ہے اور Consultants وہاں پر گئے ہیں، ابھی وہ بالکل ٹینڈر کے مرحلے میں ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس پر ابھی تک کام شروع نہیں ہو سکا ہے، یہ FHA والوں کو صوبائی حکومت ہدایت دے دے تاکہ فوری طور پر ٹل ٹو ہنگو روڈ پر کام شروع ہو سکے۔ سب سے اہم اور بہترین، سب سے اہم اور آخری بات جناب سپیکر! جو آپ کی وساطت سے ، ایوان اقتدار کی وساطت سے اپنے ارباب حکومت کے نوٹس میں لانا ضروری سمجھتا ہوں، وہ یہ ہے کہ انہوں نے بجٹ میں یہ کہا ہے کہ جن اضلاع میں گیس یا دیگر قدرتی معدنیات پیدا ہو رہی ہیں تو وفاق سے جو رائلٹی آئے گی، اس میں پانچواں حصہ ان متعلقہ اضلاع کو دیا جائے گا۔ میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ میرے حلقے تحصیل ٹل میں موضع آدم بانڈہ میں گیس کے ذخائر دریافت ہوئے ہیں اور وہاں سے جو رائلٹی آئے گی، ہماری تحصیل ٹل کے عوام کا اس پر حق ہے، وہ اس رائلٹی سے ہمیں گیس دے دیں اور تحصیل ٹل اور موضع آدم بانڈہ کے ملحقہ علاقہ جات کو گیس کی سپلائی کیلئے فنڈ ریلیز کریں، نہ یہ کہ ضلع کو دوسرے کاموں کیلئے یہ فنڈ دے دیا جائے کیونکہ جب وہاں کے گیس کی رائلٹی وہاں کے ضلع کو پہنچے گی اور وہاں کے عوام کو گیس فراہم نہ کی گئی ہو گی تو یہ میں سمجھتا ہوں کہ بہت بڑی ناانصافی ہو گی، میں امید کرتا ہوں کہ اس سلسلے میں ہماری حکومت میری اس آواز پر لبیک کہے گی اور جناب وزیر اعلیٰ صاحب سے اس سلسلے میں میری دو تین ملاقاتیں بھی ہو چکی ہیں، انہوں نے بھی یقین دہانی کرائی ہے۔ باقی میں نے جو کہا ہے، میں نے سچ کہا ہے جناب سپیکر، مجھے کوئی ضرورت نہیں ہے، میں ایوان اقتدار کا ایک رکن پارلیمنٹ ہوں، میرا جو ضمیر ہے اور جو ضمیر کی آواز ہے، میں نے اسی کو، اسی آواز کو اٹھایا ہے، مجھے اپنے حق کو لینے میں نہ کسی تملک کی ضرورت ہے اور یہ رسم گفتگو جو ہمارے جاوید صاحب نے کہی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے ظرافت میں کہا ہے لیکن پھر بھی میں یہ کہوں گا کہ اس قسم کی ظرافت، ایسی سنجیدہ مجلس میں مناسب نہیں ہے۔ شکریہ جناب سپیکر، والسلام۔

جناب سپیکر: سعید خان صاحب! سعید خان صاحب څو منټه کښې به ختم کړے؟

جناب محمد سعید خان: دوه منټو کښې، دوه منټو کښې۔شکریه جی، مهربانی۔اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہ۔ سپیکر صاحب! زیات تر خبرے خو په بجټ اوشوے که مونږ ئے وایو نو هغه به Repetitionوی او مانه کمے دا شوے دے چه زه دے ځل سیشن کښې راغلے هم نه یمه نو زیات په بجټ پوهه هم نه یم،تادئ تادئ کښې مے هسے کتلو، یو دوه خبرے مے زړه کښې راغلے ، که ستاسو اجازت وی نو زه به ئے اوکړم۔

جناب سپیکر: نو اجازت خو ملاؤ شوے دے۔

جناب محمد سعید خان: دوه وجوهات دی جی،چه زیاتے خبرے پرے نه کوم۔ یو خو دا وجه ده چه څه وایمه نو پهRepetitionکښې به راشی او پخپله پرے زیات پوهه هم نه یم نو کیدے شی چه غلط شم او بله جی، زیاته ضروری وجه ئے داده چه که په بجټ باندے د زړه خبرے کوم نو کیدے شی چه د دین او د دنیادواړو نه اوځم، د دین نه به داسے اوځم چه ماشاء اللّٰہ فتویٰ ستاسو د کوره ده او د خپله لاسه ده، فتویٰ به مو راباندے لګولے وی چه دا کافر دے او چه زه بیا ځان وینځم وینځم نو ګیاره باره به تیره وی۔

جناب سپیکر: اختیاط نه کار اخلئی۔

جناب محمد سعید خان: او جی، او دنیا به رانه داسے لاړه شی چه تاسو سره دے Umbrellaبجټ، نو که زیاتے مو فضول خبرے د مخالفت اوکړے نو که د Umbrellaبجټ نه اووتم نو دنیا به هم رانه تلے وی (تالیاں) نو ښه به داوی چه زه لږه خاموشی اختیار کړمه نو د دین او دنیا د دواړو په دائره کښې به مے ځائے کړئ، ځان سره او څه قدرے حیاء به مے راشی۔ یو دوه

خبرو ته مے پام کړے وو، دا بیلے، بیلے محکمے دی، هغوی ته Allocationدے جی، دړے محکمے داسے دی چه د چا، دغریب سړی Directly ورسره کار دے، چه هغه ته د ښیګړه اورسی، امداد باہمی، هغے ته دوئ دیارلس ملین، 13ملین، سماجی بہبود، هغے ته دوئ 96 ملین او بہبود آبادی، هغے ته څه د پاسه پانچ ملین، داچه ټولے راغونډے کړئ سپیکر صاحب، ددے نه جوړے شوے 114ملین روپئ څه دپاسه، دا Directlyد غریب د ښیګړے د پاره دی۔ بل اړخ ته دوه محکمے دی، حیوانات، هغے ته دوئ117ملین او ماهی پروری ته دوئ21ملین، هغه چه جمع کړئ نو هغے نه جوړیږی 138ملین نو هسے لږ سوچ اغستے ووم چه ځناوران، سپی، پیشو او ګډه، چیلئ، بیزے ،مرغئ، هغے دپاره138ملین دی او دغریبانانو ټولے محکمے چه راغونډے کړئ نو114ملین دی نو څه ښه ده لږ لږ راته ځان ښکاره شو چه کم ازکم په دے اسمبلئ کښں په دے پوهه شوم چه زما د غریب سړی حیثیت د سپی، پیشو، مرغئ اوچیلئ ددے نه کم دے (تالیاں) بیا مے زړه کښں راغلل چه داسے ولے کیږی؟ داسے ولے کیږی؟ اخر چه غریبانانو ته د سپی، پیشو نه--------

<u>جناب آصف اقبال داؤدزئی(وزیر اطلاعات)</u>: پوائنٹ آف آرډر سپیکر صاحب۔ زمونږه دا معزز ایوان دا، ددغه عامو خلقو دلاسه دلته کښں مونږ ناست یو، زما خیال دے که دوئ مونږ د ځناورو سره کړو نو مناسب به نه وی، دا الفاظ چه کوم د دوئ دپاره استعمالوی۔

<u>جناب محمد سعید خان</u>: دا خو محکمے دی او Allocationدے ۔ دا ئے ګوره په دے کښں دا الفاظ ورکړی دی، محکمه حیوانات، دادی تاسو لیکلی دی ما نه دی، 117ملین، ماهی پروری 21ملین، کل ترے جوړیږی 138ملین، بیا امداد باہمی 13ملین، سماجی بہبود 96ملین، بہبود آبادی پانچ ملین، هغے نه جوړیږی114، نو دا خو زه نه وایم، دا خو دا کاغذ وائی، دا خو دا اسمبلی وائی، دا، دا بجټ وائی چه ځناورانو ته د غریبانانو نه زیات

Allocationشوے دے۔ بیا مے پہ زړہ کښې دا راغلل چہ دا
دا سے شوے ولے دے ؟ اوس کیدے شی زہ بہ غلط یم، خو چہ دے ځناورانو
تہ زیات Allocationشوے دے ، کہ پہ دے کښې څوک خرد برد اوکړی نو د
ځناورانو ژبہ نیشتہ، هغوی بہ پرے غلی پاتی شی، څوک بہ پرے پوهہ نہ
شی (تالیاں) خو د غریبانانو دا چہ دی، کہ دا اوخوړلے شی، دا
لږے دی خو دوئ پورے ژبہ شتہ، دوئ ئے تپوس کوی نو بس دوئ لہ لږے
پیسے دی۔ بهرحال ډیر تفصیل کښې نہ ځم ځکہ چہ بیا مے د دین او د نیا
دواړو نہ اوباسئ۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: ډیرہ مهربانی۔ جی،آفتاب شبیر صاحبہ۔

محترمہ آفتاب شبیر: شکریہ سپیکر صاحب۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سر، میں آپ کا بہت شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ نے مجھے اس پر بحث کرنے کی اجازت دی۔ سب سے پہلے سر، میں فنانس منسٹر شاہ راز خان صاحب کو مبارکباد پیش کروں گی کہ انہوں نے اتنے سخت اور مشکل حالات میں ایک بہترین بجٹ پیش کیا، اس میں کوئی نیا ٹیکس بھی نہیں لگایا اور سہولیات پہلے سے زیادہ فراہم کی گیئں لیکن سر، اس کے ساتھ میں اس خواہش کا اظہار بھی کروں گی کہ اللہ کرے کہ یہ تمام چیزیں کاغذوں سے نکل Ground realities بن جائیں تا کہ یہ ایک یادگار رہتی دنیا تک بن جائے۔ سپیکر صاحب، جہاں یہ بجٹ قابل تعریف اور قابل ستائش ہے وہاں پر میں چاہوں گی کہ چند ایک مسائل جو کہ ڈسٹرکٹ مانسہرہ کے حوالے سے ہیں، وہ میں آپ کے توسط سے ایوان کے سامنے رکھوں، ان سے اس کو آگاہ کروں اور ان مسائل کے حل کیلئے میں آپ سے درخواست کروں گی کہ ان کو Seriously سنا جائے اور ان کا حل نکالا جائے تا کہ ڈسٹرکٹ مانسہرہ جو کہ زلزلہ زدہ علاقہ ہے، وہاں پر جو تباہیاں اور اس کے بعد کے حالات جس طرح چل رہے ہیں ان کو بہتری کی لائن پر ڈالا جا سکے۔ سر، جو زلزلے کے مارے ہوئے لوگ، اس وقت جس طرح خوار اور بکھرے ہوئے تھے، آج بھی ویسے کے ویسے خوار ہیں کیونکہ نہ اس وقت ان کی کوئی سن رہا تھا اور نہ آج ان کی کوئی سن رہا ہے۔ سر، یہ جو ایرا اور پیرا کا چکر ہے، وہ تو بالکل، میرے بھائی نے جیسے بتایا، ان کی بالکل ویسے

ہی Performance وہاں پر ہے جو کہ Look busy do nothing کے مصداق، وہاں پر کام کر رہے ہیں۔ سر، دیکھنے میں تو میٹنگز بھی ہوتی ہیں، سب کچھ ہو رہا ہے لیکن سامنے جو کام نظر آ رہا ہے، وہ کچھ بھی نہیں ہو رہا، وہاں پر۔اس کیلئے میں سب سے پہلے ایجوکیشن پر بات کرنا چاہوں گی اور ساتھ ہی چاہوں گی کہ منسٹر صاحب ذرا، جو میں مسائل یہاں بتانا چاہتی ہوں ان کو ذرا غور سے سنیں اور ان کا حل نکالنے کیلئے بھرپور کوشش کریں۔ سر، اس میں سب سے پہلے میں ہزارہ یونیورسٹی کا ذکر کروں گی جو کہ زلزلے کی وجہ سے وہ بھی بہت زیادہ Affect ہو گئی، ساری بلڈنگ اس کی Collapse ہو گئی۔ یہ گورنر سید افتخار شاہ صاحب کا ایک بہت اچھا کارنامہ تھا جو کہ انہوں نے ہزارہ ڈویژن کے عوام کیلئے اٹھایا لیکن (تالیاں) سر، ابھی تک یہاں پر صرف بارہ ڈیپارٹمنٹس قائم ہوئے ہیں، اتنا عرصہ گزرنے کے باوجود، باقی یونیورسٹیز میں، پشاور یونیورسٹی میں 35,36 ڈیپارٹمنٹس ہیں لیکن ہزارہ یونیورسٹی میں بارہ ڈیپارٹمنٹس ابھی تک صرف قائم ہوئے ہیں تو سر، اس کیلئے میں درخواست کروں گی کہ ایسی پلاننگ کریں کہ ہر سال تین یا چار ڈیپارٹمنٹس قائم کئے جائیں اور اس کے ساتھ ہی سٹاف کا بہترین انتظام کیا جائے، جو کہ وہاں کا ایک بڑا مسئلہ ہے، ان مسائل کو حل کر کے ہزارہ کے طلباء اور طالبات کو اپنے نزدیک جو سہولت میسر ہے، سہولت دی گئی ہے کہ وہ اس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔ سر، سٹاف کیلئے سب سے جو ضروری چیز ہے، وہ یہ ہے کہ ان کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے وہاں پر Residential کالونی ضرور بنانی چاہیے تاکہ جو دور کا سٹاف ہے، ان کو وہاں پر رہنے میں کوئی پرابلم نہ ہو اور اس کے ساتھ ہی یونیورسٹی میں سٹاف کے بچوں کیلئے سکولنگ سسٹم ہونا چاہیے تاکہ وہ اپنے ان Problems سے نکل کر اپنا فرض، جو ان کا فرض منصبی ہے، اس کو ادا کرنے میں آسانی سے کام کر سکیں اور سر، سب سے ضروری بات کہ دوسری یونیورسٹیوں میں جو Hardship allowance دیا جاتا ہے، ہزارہ یونیورسٹی میں وہ بھی نہیں دیا جاتا، میری درخواست ہو گی کہ اس کو بھی وہاں پر جاری کیا جائے تاکہ وہاں پر مزید آسانیاں پیدا ہو سکیں۔ سر! دوسرے نمبر پر ڈگری کالج، مانسہرہ میں سر، For woman ایک کالج تھا، اب اس کے بعد وہ بھی زلزلے میں تقریباً خراب ہو گیا ہے، زیادہ تر اس کی بلڈنگ ٹوٹ گئی ہے اور اسکے بعد انہوں نے ڈگری کالج نمبر 2 وہاں پر قائم کیا لیکن سر

وہاں پر بھی، بلڈنگ تو بنادی ہے لیکن پانی کا، بجلی کا، سٹاف کا مسئلہ ہے، بلکہ پورے ڈسٹرکٹ میں ہے اور میرے خیال میں پورے صوبے میں یہ مسئلہ ہے کہ Basic جو Facilities ہیں، وہ ان کو نہیں دی جارہی، جس کی وجہ سے مزید آگے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ سر، یہ پہلے بھی میں نے اپنے Budget Speech میں تجویز دی تھی کہ ایجوکیشن آفسر، جو کہ ضلع اور صوبے کی سطح پر ہوتے ہیں، ان میں خواتین کو مردوں کے سامنے آکر یا مرد افسران کے سامنے آکر اپنے مسائل بتانے اور ان کو حل کرنے کیلئے، Discuss کرنے کیلئے کافی مشکلات پیش آتی ہیں تو میری یہ تجویز ہوگی سر، کہ خواتین کیلئے خواتین آفسر ضلع اور صوبے کی سطح پر، فیمیل آفس الگ اور میل آفس الگ ہونا چاہیے تاکہ خواتین براہ راست خواتین کے سامنے اپنے مسائل رکھ سکیں اور ان کا حل آسانی سے تلاش کر سکیں، اس کیلئے جیسے Male EDO ہوتا ہے، اسی طرح Female EDO ہونی چاہیے اور Male Director کے ساتھ ہی Female Director صوبے کی سطح پر بھی ہونی چاہیے۔ سر! آٹھ اکتوبر کے زلزلے کے تقریباً دو سال گزر چکے ہیں لیکن ابھی تک پورے ڈسٹرکٹ میں، اگرچہ این۔ جی۔ اوز نے سکول بنائے ہیں وہاں پر، لیکن وہ بہت کم تعداد میں ہیں، جو باقی سکولز ہیں وہ گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے سر، وہ سارے سکولز زمین بوس ہوئے ہیں بالکل، زیادہ سکولوں کا ملبہ بھی ویسے کا ویسا پڑا ہے اور سٹوڈنٹس کو اتنی مشکل پڑتی ہے کہ موسم کی سختیوں سے وہ اپنے آپ کو بچانے میں ناکام رہتے ہیں تو وہ آگے پڑھیں گے کیا اور تعلیم کیا حاصل کریں گے؟ اس کیلئے سر، میرا تو یہ مشورہ ہوگا کہ تعلیم کیلئے جتنی بھی اس بجٹ میں رقم رکھی گئی ہے، اس کو تعلیمی اداروں کو بحال کرنے اور اس کو Reconstruct کرنے کیلئے استعمال کیا جاسکے تاکہ یکسو ہو کر طالب علم اپنی تعلیم حاصل کریں، بلڈنگ بن جانے کے بعد۔ سر، اس کے بعد میں ہیلتھ کے اوپر بات کروں گی اور میں چاہوں گی کہ منسٹر ہیلتھ ذرا توجہ دیں۔ جی، سر اس کیلئے "سول ہسپتال بفہ" جو کہ زلزلے میں بالکل ٹوٹ چکا تھا، پچھلے سال اس کیلئے اعلان کیا گیا تھا کہ اس کو اے کلاس میں تبدیل کیا جائے گا لیکن اے کلاس تو کیا، جس طرح وہ کھڑا تھا، اس کو اس حالت سے بھی گرا کر بالکل زمین کے ساتھ لگا دیا ہے اور وہاں پر اور کوئی بلڈنگ یا چیز بھی نہیں ہے، علاقے کے لوگوں کو اتنی زیادہ اس سے Problems ہوتی ہیں، خاص طور پر خواتین کو کیونکہ وہاں پچاس ہزار کی آبادی سے زیادہ، بفہ کی

آبادی پچاس ہزار سے بھی زیادہ ہے اور اس میں خواتین کو بہت زیادہ مسائل اٹھانے پڑتے ہیں، ایک Backward area ہے وہاں پر، نہ لوگ زیادہ خرچہ کر سکتے ہیں، ان کو چھوٹی چھوٹی تکلیفوں کیلئے بفہ سے مانسہرہ یا ایبٹ آباد جانا پڑتا ہے جو کہ ان کیلئے ناممکن ہی ہوتا ہے، کوئی زیادہ ایمرجنسی ہو تو لے جاتے ہیں ورنہ لوگ ویسے ہی بیمار پڑے ہوتے ہیں جیسے وہ بیمار ہو جاتے ہیں اور وہاں پر ڈینٹل یونٹ کیلئے بھی، میں نے ایک دفعہ تجویز دی تھی لیکن آج تک ڈینٹل یونٹ تو کیا، بالکل ہی سارا ہسپتال وہاں سے ختم کر دیا گیا ہے، چونکہ یہ سر، اس علاقے کا سب سے پرانا ہسپتال ہے اس لئے زیادہ آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے سر، (سر بس، ایک اور نکتہ رہتا ہے) زیادہ آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کو بحال کیا جائے تاکہ علاقے کے لوگوں کو کچھ تو فائدہ ہو۔ سر، دوسری طرف DHQ Hospital Mansehra ، وہاں پر الٹرا ساونڈ مشین تو پڑی ہے، جو لاکھوں روپے کی مالیت سے لی گئی ہے لیکن اس کو Operate کرنے کیلئے، اس سے کام لینے کیلئے کوئی ڈاکٹر وہاں پر موجود نہیں ہے۔ سر، ہزار ڈویژن کا سب سے بڑا ضلع مانسہرہ ہے لیکن وہاں پر District Hospital میں چھ پوسٹیں خالی ہیں، سر، میڈیکل سپیشلسٹ ، پیتھالوجسٹ ، Anesthesiologist ریڈیالوجسٹ ، گائنی اور سرجن کی پوسٹیں خالی ہیں اور جو Skin Specialist کی پوسٹ ہے تو ہفتے میں صرف ایک دن فرنٹیئر میڈیکل کالج سے وہاں پر ڈاکٹر آکر تھوڑی دیر کیلئے بیٹھتا ہے جو کہ میرا خیال ہے، بلکہ اگر سب سے ان کا خیال پوچھا جائے تو یہ بہت ہی ناکافی ہے، ہفتہ میں ایک دن Skin Specialist وہاں پر آتا ہے تو سر میری یہ گزارش ہے، چونکہ یہ زلزلہ زدہ علاقہ ہے اس لئے یہاں پر ایک تو سکولوں کی عمارتوں کو دوبارہ تعمیر کیا جائے، جتنا جلد سے جلد ممکن ہو اور دوسرا DHQ Hospital کی حالت کو ٹھیک کیا جائے اور اس کی عمارت کو Reconstruct ، کیونکہ اس پر بہت ساری میٹنگز بھی ہو چکی ہیں، سر، منسٹر صاحب کو بھی اس کے بارے میں پتہ ہے، ورکس اینڈ سروسز والے اس میں سستی دکھا رہے ہیں اور آج تک اس کیلئے کوئی بھی ایسا قدم، اس کی بنیاد بھی نہیں رکھی گئی کسی جگہ پر۔ سر، دوسرا بڑا مسئلہ بلڈنگ کا ہے جو میں نے ابھی آپ کو بتا دیا اور تیسرا بڑا مسئلہ یہ ہے کہ یہاں پر جو میڈیسن بجٹ ہوتا ہے، وہ بہت ہی کم رکھا جاتا ہے اور پچھلے سال انہوں نے وہ صوبے کو دیدیا تھا اور صوبے نے ضلع کو

دیدیا تھا جو کہ آج تک ضلع نے ریلیز نہیں کیا تو سر، میری یہ درخواست ہو گی کہ وہ Directڈی۔ ایچ۔ کیو ہاسپٹل کو دیا جائے اور اس میں اضافہ کیا جائے، کیونکہ یہ بہت کم رقم ہے اور اس کے ساتھ لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کی جائیں اور اس Processکو آسان اور مختصر بنایا جائے تاکہ لوگوں کی جلد سے جلد ضروریات پوری ہو سکیں۔ شکریہ، سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: محترمہ ڈاکٹر سیمین محمود جان صاحبہ۔

<u>ڈاکٹر سیمین محمود جان</u>: ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! زمونږ صوبه پوره پاکستان کښې، زما په خیال ټولو کښې غریبه صوبه ده او زما دپاره چه کومه خبره ډیره اهمه ده هغه داده چه زمونږ د صوبے نه خلق ځی او بهر ملکونو کښې، هلته خپل روزګار دپاره محنت، مزدوری کوی۔ زما په خیال چه دا چه زمونږ کوم پاکستانیان دی، چاته چه مونږ اورسیز پاکستانیز وایو، چه دوئ ته سپیکر صاحب، مونږه خاص طور توجه ورکړو او دوئ دپاره زما تجویز دادے، لکه زمونږ دا Areasدی، لکه سوات شو، ستاسو بونیر شو، دے کښې خدائے پاک مونږ ته داسے ماربل راکړی دی چه کوم، زما په خیال پوره دنیا کښې نیشته نو یو زما دا تجویز دے چه، رسالپور کښې یو تجویز وو چه هلته کښې ماربل سټی جوړیدله خو زه وایمه چه سپیکر صاحب! دا که سوات او ستاسو د بونیر علاقه کښې جوړه شی، ماربل سټی نو دا به زیات ښه وی او ددے دپاره به هم ښه وی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا خبره لږه واورئ، بیا اووایه؟

<u>ڈاکٹر سیمین محمود جان</u>: ولے چه جی، رسالپور کښې خو، رسالپور کښې خو ماربل نشته۔

<u>جناب سپیکر</u>: په رسالپور کښې خو غر نیشته۔

<u>ڈاکٹر سیمین محمود جان</u>: غر نیشته جی،او بل دے سره به دا هم اوشی چه کوم روډ دے، چه کوم ملاکنډ روډ دے او ستاسو سوات او باجوړ ته ځی، د

هغے چه کوم حال دے هغه به هم دے سره ټهیک شی او زمونږ، ولے چه زیات زمونږه د هغے طرف خلق دی، که کراچی کښې ګورے، که امارات کښې ګورے، دوبئ، ټول زمونږ د صوبه سرحد خلق هلته ځی او دے ګرمئ کښې هلته هغوی Constructionکوی ۔ دویمه خبره داده سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ګوره په ځائے ددے چه دا خبره ددے طرف نه راشی، ګوره دا ددے طرف نه راغله، اوس خوئے اومنئ کنه؟

ډاکٹر سیمین محمود جان: بونیر کښې چه ماربل ستې جوړه شی سپیکر صاحب۔ بیا سپیکر صاحب، دویمه اهمه خبره زمونږ د صوبے دپاره،هغه د اوبو کمی ده او خاص کر زمونږ پیښور کښې، ماته هغه بله ورځ چا د اوبو بوتل راوړلے وو هغه بالکل دخاورو نه ډک وو نو مونږ ته چه مرکزی حکومت شپږ اربه روپئ نټ هائیډل پرافټ نه راکړی دی، ما خپل Last Budget تقریر کښې هم دا تجویز پیش کړے وو او هغه دادے چه مونږه چه 124 ایم پی ایز یو، مونږ ټولو ته چه پنځه پنځه ټیوب ویلےAllocateشی او دا زما په خیال، زمونږه عوام به زمونږ دا اسمبلی یاد ساتی، هغوی به په دے خبره یاد ساتی چه مونږ دخپلے صوبے عوامو ته د څکلو اوبه ورکړے (تالیاں) او بیا، باقی سپیکر صاحب!کومه چه بله خبره ده، چه زمونږ سټیټ بینک آف پاکستان اجازت ورکړو چه زمونږ صوبه کښې د مزید اته شاخونه خلاص شی، د بینک آف خیبر۔ دے کښې سپیکر صاحب، زما دا تجویز دے چه دے نه چه مائیکروکریډټ سکیم خامخازمونږ د خلقو دپاره اوشی او خاص کر مائیکروکریډټ د ښځو دپاره، For exampleکه څوک خپل داسے ووکیشنل ټریننګ سنټر جوړوی نو هغے دپاره دا قرضونه چه ورکړے شی۔ باقی سپیکر صاحب، داچه کوم N-W.F.P Finance Actوو،1997کښې، په اول حکومت کښې په هغے کښې یو ډیر لوئے Flawوو او هغه دا وو چه کوم، لکه هاسپټلز دی، چه چا به Charitableکار

کولو، هغوی به د پراپرټی ټیکس نه Exemptوو نو ما منسټر صاحب سره هم او ایکسائزاینډ ټیکسیشن منسټر صاحب هم تجویز کړے دے خودا ده چه د بدقسمتی نه، چه ډی جی ایکسائز اینډ ټیکسیشن ،چه Kindly زمونږد اسمبلئ طرف نه پابند شی چه دغے بجټ سیشن کښ2007 N-W.F.P Finance Act کښ ترمیم اوشی، ګنی مونږ نه به پاتے شی او Next yearبجټ دخدائے بیا خیر اوکړی ۔ بس اخری زما دا خبره ده سپیکر صاحب، چه مونږ خو شلور کاله ماشاء الله، ټولو ډیر ښه تیر کړل خو بس یو تجویز زما دے چه نن سبا ګرانی ده او دا زما ریکویسټ دے ، ستاسو ایم ایم اے حکومت نه چه دے ځل زمونږ MPA salariesهم چه څه Increaseشی ۔ (تالیاں) ستاسو ډیره مهربانی، سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب فضل ربانی صاحب۔

<u>جناب فضل ربانی(وزیرآبکاری ومحصولات)</u>: بسم الله الرحمن الرحیم ه۔ شکریه، جناب سپیکر صاحب۔

ے جنت خو هسے هم جنت دے خو ملګرو زه به
ددے لمبه لمبه دوزخ نه هم جنت جوړووم
او زه هغه نوریم چه کچکول حسن ته نه نیسمه
د زخمی زړه د درد د کریکو نه الفت جوړووم

(تالیاں)

جناب سپیکر صاحب! ډیره ښه بحث په بجټ باندےاوشو او دا د خپلو وسائلو مطابق،بهترین بجټ، د صوبه سرحد حکومت ایستلے دے چه په هغے کښ ټیکسونه نوے نه دی لګولی او په زړو ټیکسونو کښ ئے چهوټ ورکړے دے ، اپوزیشن چه کوم اعتراضات کوی، دا آسان کار دے او حکومت کول ګران کار دے۔ زما رونړه دلته اپوزیشن کښ دی، هغوی ددے سپیکر په کرسئ باندے ، د بخت جهان خان نه مخکښ په دے اسمبلئ

کښې ډیر تصویرونه لګیدلی دی چه هغه ملګری دلته د سپیکر په دے کرسئ پاتے دی او د وزیراعلیٰ صاحب په دے کور کښې ډیر تصویرونه لګیدلی دی چه هغه وزراء اعلیٰ پاتے دی ـ هغه ملګرو که دا تجاویز په هغه وخت کښې پیش کړے وے ، ډیر ښائسته مزه به ئے کړے وه ، د هغوی حکومت وو۔ اوس مونږه ، (تالیاں) ماته وائی چه ته د آئین د آرټیکل 161 لاندے نټ هائیډل پرافټ اوغواړه ، یا وروره! چه ته کله وزیر وے ، چه ته کله سپیکر وے ، چه کله ستا وزیراعلیٰ وو ، چه کله ستا وزیراعظم وو ، چه کله ستا مرکز کښې اتحاد وو ، ماسخوتن به د ورته په دے غوږ کښې وئیلی وو چه د صوبے نټ هائیډل پرافټ مے راکړه ، پیسے به د ترے راوړے وے ،زه خو په اپوزیشن کښې یمه (تالیاں) ماته هغه پیسے شمارے چه پنځه سوه اربه وے ، یا ګله! هوا کښې مرغئ مه شماره ،چه کومے د ویشتی دی هغه ستا دی ، سمندر کښې مهیان مه شماره ، کوم چه د اونیول هغه ستا دی ، بینکونو کښې پیسے مه شماره ـ مونږ خو ثالثی کمیشن جوړ کړو او بیا مو پرے خبره ثابته کړه چه ، اجمل میاں ، عبداللّٰه صاحب او پروفیسر خورشید صاحب ته مونږ خراج تحسین پیش کوؤ چه دا خبره ئے ثابته کړه چه زما لړے دی او که ډیرے دی خو په تا مے پیسے دی۔ اوس ماسره ملګرتیا اوکړه ، ته بیا زما پښے راکاږے ـ ته چه په قومی اسمبلئ کښې ناست ئے ، ته چه هلته په وزارتونو کښې ناست ئے ، ته هلته لاس واچوه ، ته هلته خبره اوکړه چه د دے صوبے پیسے راکړه ، د دے صوبے د عوامو نه ، (تالیاں ) د دے صوبے د عوامو نه ته په دے ځان نه شے خلاصولے چه کله وائے چه ثالثی کمیشن د غلط دے او کله وائے چه110 ارب دی ، وه ګله! قوم هم تپوس کوی او مورخ هم دا لیکی چه دا چھ ارب روپئ باندے چاCap کړے وو؟ دا چا چھ ارب روپئ ورسره منلی دی؟ او چا هسے حسابونه کول،1973نه حساب کوم،1992نه حساب کوم،2007نه کوم، ګله! ته اوښایه؟ دلته بجټونه ایستلی شوی دی مخکښې هم، مونږه حیران یو ، نه چا کتاب له دوه

روپئ ایښودی دی چه د دوه روپو مفت کتاب د ورکړے دے ، دلته دا سے حکومت هم راغلے دے چه هغه وئیل، دیرش روپئ میاشت به هر ماشوم راکوی، چه خزانه ډکه شی، خلق راووتل، روډونه بند شول او د سکولونو ماشومان پکښ مړه شول۔ (تالیاں) په دے وجه مونږه خپلو رونړو ته دا مشوره ورکوؤ چه اوس هم خپل ایم این ایز میدان ته کړئ، ایم این ایز، هلته خبره اوکړئ او د ثالثی کمیشن دا خبره پرے اومنئ، هغوی تلی دی او هغوی د سنئیر سول جج په عدالت کښ، هلته د ثالثی کمیشن خلاف تلی دی،ته ئے پوهه کړه،ته جرنیل صاحب ته اووایه، پرائم منسټر ته اووایه، خبره اوکړه چه د صوبے حق مے راکړه گنی د صوبے عوام به د ایم ایم اے حکومت نه، تا به نه معاف کوی،چه تا هلته د هغے پارټئ سره تعلق ساتلو او تا خبره اونه کړه او تا خپل حق رانه وړو۔ دلته خو د ایم ایم اے سره د مرستے په سزا کښ صوبه سرحد ته که نټ هائیډل پرافټ نه ورکوی نو لوډشیډنګ خو ورله ورکوی کنه، (تالیاں) دا هم د موجوده مرکزی حکومت ډیر لوئے احسان دے۔ زما ایم این اے چه هلته ناست دے ، یو روپئ ورله نه ورکوی او د هغه ایم پی اے چه دلته ناست دے ، یو کروړ روپے ورله مونږ هر کال ورکوؤ۔ (تالیاں) مونږه سکولونه، واټرسپلائی سکیمز، روډونه، مختلف پراجیکټونه، که حسابوی نو ټولو ملګرو ته پته ده اوځان سره د سوچ اوکړی چه هر ملګری ته په هغے کښ ښه کافی حصه ملاؤ شوے ده، البته یو مطالبه چه کومه د اپوزیشن نه بار بار راغله او نن راغله په دے غور پکار دے چه دا تنخواګانے ورله سیوا کړو، زمونږ دے طرف له د نه سیوا کوی خو کم ازکم د اپوزیشن دے رونړو له د سیوا کړی ځکه چه ډیره لویه مطالبه راغله۔ دلته مے ورور پاڅیدو ۔۔۔۔

*<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>*: *جناب سپیکر صاحب!* Sorry *، میں ان کو* Interrupt *کر رہی ہوں، لیکن بات یہ ہے کہ یہ مطالبہ آپ کے ایم پی ایز نے ہی* Off the record *کیا تھااور ہم*

لوگ، ہم اپنی بات نہیں کر رہے ہیں، بات ہم ان غریب لوگوں کی کر رہے ہیں جو ایم ایم اے کی ٹکٹ، سائیکل پر جو آئے تھے اور ان لوگوں کی تنخواہیں، کیونکہ ایک دن اگر کوئی مہمان، اگر ایک دن، اگر ایک دن کوئی مہمان کسی کے گھر جاتا ہے تو ایک، نہیں، میں ان کے حق میں نہیں جا رہی ہوں، آپ ان کو بھڑکائیں مت، آپ مجھے یہ بتائیں کہ ایک ایم پی اے کے پاس جب دس مہمان روزانہ آجاتے ہیں تو سر، ان کے چائے پانی کا خرچہ بھی وہ اٹھارہ ہزار روپے نہیں ہوتا۔ یہ ہم اپنے لئے نہیں کہہ رہے ہیں، ہم تمام لوگوں کیلئے کہہ رہے ہیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جبل کے پاس تو ایک مہمان بھی نہیں آتا۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جی؟

<u>جناب سپیکر</u>: تاج الامین جبل کے پاس تو ایک مہمان بھی نہیں آتا۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: اور دوسری بات، جناب سپیکر صاحب! بات یہ ہے کہ ایک کروڑ کی اور پچاس لاکھ روپے کی بات ہوئی ہے تو آپ یہ دیکھیں کہ اس صوبے کو مرکز نے کتنے ارب روپے، Development fund کے حساب سے دیئے ہیں، مرکز نے یہاں پر کتنے پراجیکٹس شروع کئے ہیں۔

<u>جناب تاج الامین</u>: تاسو ولے دومره ټائم ورکوئ؟ دا د څه اعزاز دے چه دا پاڅی او دومره ټائم ورله ورکړئ تاسو؟

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: دا زما اعزاز دے۔

<u>جناب سپیکر</u>: ربانی صاحب، ربانی صاحب لږ مختصر کړه؟

<u>وزیر آبکاری و محصولات</u>: بنه جی۔ ما دا درخواست کاؤ چه دوئ خو د هغے طرف مشری کوی خو دا دے طرف مشری هم ورته ملاؤ شوه ځکه چه وائی چه دا راته دوئ په غور کښې وئیلی دی۔-----------

<u>جناب سپیکر</u>: ربانی صاحب! ربانی صاحب!

وزیرآبکاری و محصولات: د دے خبرے نه دا طمعه پیدا شوه چه دا خبره که چا ورته په غوږ کښې کړے ده نو دوئ دلته اوکړه او دا زمونږه د نټ هائیډل پرافټ خبره به انشاء الله جرنیل صاحب ته رسوی ۔۔۔۔

(قہقہے / مداخلت)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: هغه ته رسیدلے ده او په دے کښې تاسو سره پوره صوبه چه ده نو هغے ملګرتیا کړے ده، بلکه پاکستان مسلم لیګ او هر یوپارټئ ستاسو ملګرتیا کړے ده۔

وزیرآبکاری و محصولات: د امن و امان خبره اوشوه، زمونږه د غلطے خارجه پالیسئ په وجه یو توره تیاره ده، پته نه لګی، دلته یوورور خبره اوکړه، وائی سپیکر صاحب بهر دے ځائے کښې تلاشئ ته خلق اودرولی دی، مونږ د سپیکر صاحب شکریه ادا کوؤ چه دلته خو د وزیرستان نه هم پته نه لګی، د باجوړ نه هم پته نه لګی او د دته خیلو نه هم پته نه لګی او افغان بارډر مے تباه شو، انډین محاصره اوکړه، پاکستان محاصره کښې دے، هر طرف ته یو هله ګله جوړه ده، توره تیاره ده، جهازونه راوړی، بمباری کوی،په دے کښې مونږ ستا شکریه ادا کوؤ چه دا تلاشی د پکښې اودرولے ده۔ نن هیڅ پته نه لګی، په دے کښې خو دلته دا خبره هم اوشو چه صاحبه مونږ خو خپل کوشش کړے دے، مونږ خو د پولیس په بجټ کښې اضافه اوکړه چه دا ګاډی هم ورته سیوا کړو او دا ټریننګ هم ورته سیوا کړو۔ مونږ د صوبه سرحد پولیس ته خراج تحسین پیش کوؤ، چه دلته کله دهماکه اوشوه نو په هغه دهماکه کښې، په هغه توره تیاره کښې، د شپے اته بجے چه لاش راوچت شو، وئیل دا د محمدعلی صافی لاش دے، چه بل راوچت شو، وئیل دا د آصف باغی لاش دے، چه بل راوچت شو، وئیل دا د واجد علی سپاهی لاش دے، چه بل لاش اوکتلے شو، وئیل دا لاش د خان رازق ډی ایس پی دے او چه بل لاش ته بیټری اوهلے شوه نو وئیل دا د ملک سعد سی۔سی۔پی لاش دے۔ په دے وجه، او دا خبره چه کومه اوشوه چه امن و

امان ډیر خراب دے ، صاحبه! په صدر محترم باندے حملے شوی دی، په پنډئ اسلام آباد کښ او په وزیراعظم باندے حملے شوی دی،په اټک کښ او په پنجاب کښ او په کور کمانډر مو حملے شوی دی، په کراچئی کښ۔ سندھ کښ چه کوم اړهے ګړهے دے او دا چه په باره مئ څه اوشو او پراونشل ګورنمنټ چه کوم هغے ته تحفظ ورکړو، هغه ئے Encourage کړو او خلقو بالکل د ورځے Target killing اوکړو، خلق ئے په وینو کښ لت پت کړل او انشاء الله ټول خلق وینی چه داد امن وامان حالت کوم ځائے کښ خراب دے ؟ بله دا خبره اوشوه ۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: د شاه راز خان Speech کوئ، ده ته آسانوئ ؟

<u>*وزیرآبکاری و محصولات*</u>: چه دا پراجیکټس ئے بعضے په نومونو کړے دی، صاحبه! دا خو څه نوے خبره نه ده، دلته ایوب میډیکل کالج شته، دلته ایوب ټیچنګ هسپتال، خیبر ټیچنګ هسپتال او حیات ټیچنګ هسپتال باندے لویه جهګړه اوشو، څوک پرے د ایوب بورډ لګوی، څوک پرے د خیبر لګوی، څوک پرے د حیات لګوی۔ غلام اسحاق خان انسټیټیوټ شته، دلته ارباب نیاز سټیډیم شته، دلته باچا خان چوک شته، دلته جناح پارک شته نو دلته که د فضل علی مولانا په نوم باندے یو سکول کهلاؤ شو نو د فضل علی مولانا کم ازکم د یونیورسټئی حیثیت دے چه یو یونیورسټی د هغه په نوم کهلاؤ شی۔ (*تالیاں*) د مفتو کتابونه، د سکولونو او د کالجونو او ورلډ بینک د ډیر لوئے ستائش او د ډیر ښکلی پلاننګ په نتیجه کښ،ورور وائی، درانی میډیا کالونی، یا ګله! هغه ټول صحافیان ناست دی،دوئ هم ډیره موده خلقو ته په پریس کلب کښ سهرے اچولی دی، درانی میډیا کالونی له دے پیرے پنځه کروړه روپئ ایښودے شوی دی او سرکاری، ګورنمنټ دلته سرکاری زمکه ورله ورکوی چه دا صحافیان ورونړه آزاد شی، دوئ ته کور ملاؤ شی، د دوئ ژبه او قلم آزاد شی او دوئ لیکل اوکړی ۔ د الله فضل سره د خلیفه ګل نواز په نوم

باندے، وائی چه صاحبه، هسپتال جوړ کړو، خلفیه گل نواز، د هغه خدمات، د هغه د انگریزانو خلاف جنگ، د هغه کلے سوزیدل، زه وایم د سپیکر صاحب په نوم باندے یو لویه اداره په دے بونیر کښ جوړه کړئ، او په دے----------

__محترمه نگہت یاسمین اورکزئی:__ جوړه خو ئے کړے کنه، خو جوړه خو ئے کړے کنه؟

__وزیر آبکاری و محصولات:__ جناب سپیکر صاحب، مونږه په ابتداء کښ وئیل چه یره مونږه په دے خپله علاقه، مردان کښ دا پل جوړوو او دا سړک به جوړوو، دا کالج به جوړوو، یو سړے ماپسے په جلسه کښ راپاڅیدلے وو، وئیل په دے صوبه کښ به بل څوک کار نه کوے، ټول به دلته راوړے؟ نن هغه کس هلته پاڅی چه واقعی خبره داده چه دے صوبه کښ په ډیرو ضلعو کښ، که هغه بونیر دے، که هغه دیر دے، که هغه ډیرو ده، که هغه زمونږه بنوں ده، که هغه مردان دے، که هغه دیر بالا دے، که هغه چترال دے، که هغه سوات دے، ډیرے ضلعے د الله فضل سره هغه راوچتے شوے او ډیرے لږے ضلعے به داسے پاتے وی او مونږه (تالیاں) دلته خبره اوشوه چه مونږ د جرنیل صاحب ډیره شکریه ادا کوؤ چه دا وخت ئے سیوا کړو او پینځم بجټ نه ئے اویستلو، مونږ له عوامو ووټ راکړے دے، دا زمونږ آئینی حق دے، مونږه، هغه داسے ناست دے چه فوجیان ریټائرډ او On Service په لوئے لوئے محکمو کښ ناست دی او هغوی له ټائم ورکوی، مونږ په ډنډه نه یو راغلی، مونږ د عوامو په ووټ راغلی یو--------

__محترمه نگہت یاسمین اورکزئی:__ جناب سپیکر، دے بجټ تقریر کوی که د صدر جنرل پرویز مشرف کردار کشی کوی؟ او دا خو به تاسو منئ چه دا پنځه کاله تاسو له صدر جنرل پرویز مشرف درکړی دی۔ هغه حکومتونه مونږه

جناب سپیکر صاحب، لیدلی دی چه کوم وخت کښ، چه مرکز کښ د یو حکومت وی نو بل حکومت ترے نه شی چلیدے نو دا به تاسو منئ چه دا جمهوریت چه دے نو دا صرف صدر جنرل پرویز مشرف درکړے دے، تاسو دلته د بجټ تقریر کوئ او که د صدر جنرل پرویز مشرف کردار کشی کوئ لګیائے ؟

وزیرآبکاری و محصولات: زه د نګهت اورکزئی صاحبے ډیره شکریه ادا کوم چه هغوی ډیر صبر و تحمل سره زما خبرے واوریدے۔ مونږ جی، پراپرټی ټیکس نه دے لګولے، چا چه پراپرټی ټیکس لګولے دے، دے ټولو خلقو ته معلوم دی، مونږ په هغے کښ پانچ مرله چھوټ ورکړو، مونږ Widowsته، بیواګانو ته په هغے کښ چھوټ ورکړو او مونږ صنعتونو ته په هغے کښ چھوټ ورکړو، نن هم دادے د بیواګانو، د کونډو خلاف یو دغه راغلے دے چه دا Withdrawکړئ، چه کونډو ته تاسو کوم چھوټ ورکوئ، دا پریږدئ، ترمیم ئے راوستے دے د اپوزیشن د طرف نه او مونږ ته دا هم پته ده چه دے ابیانه کښ پچیس فیصد د اضافے فیصله چا کړے وه او زمونږ سره دا لیکل چا کړی وو؟ چه نن د پنجاب، سندھ او بلوچستان نه زما ابیانه اوچته ده او مونږه هغه په ځائے اودروله او په هغے کښ مونږ د کمی کوشش کوؤ۔ مونږ ته وائی چه دلته په فټ پاتھ باندے *لوگ سورہے ہیں*،خومونږ وایو چه په دے فټ پاتھونو د ډیر وخت نه خلق۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شاه راز خان ته څه پریږدے او که نه؟

وزیرآبکاری و محصولات: د ډیر وخت نه خلق اوده کیدلو، دا سرکاری سرائے مونږ جوړے کړے او پچهتر فیصد مونږه په تنخواګانو کښ صاحبه، اضافه اوکړه، نن ماشومانو، د سکولونو ځوانان چه هغوی ته مونږه دوه زره روپے د میاشتے ورکوؤ او بوډاګان چه هغوی ته به هم پیسے ورکوؤ، د خواتین یونیورسټئی، خواتین میډیکل کالج، د کنټریکټ ملازمین، د

پروموشن دپاره سروس سټرکچر، مرکز ته مونږه په قرضو کښې واپسی اوکړه، بهترین مالیاتی نظم وضبط مو قائم کړو، د هیپټائټس او د مفت میډیکل کیمپ، د ګداګرو، د بوډریانو، د یتیمانو، د هر قسم خلقو پکښې مونږ خیال ساتلے دے صاحبه، خو مونږ ته آتا بحران هم نه دے راغلے۔

(تالیاں) مونږ دا وایو صاحبه، چه ترڅو مونږ دا خبره کوؤ چه ایم۔ایم۔اے به پنجاب ته هم خوریږی، چه ترڅو دلته امریکه نواز پالیسی روانه وی، چه ترڅو سلمان رشدی ته د سر خطاب ملاؤیږی، چه ترڅو دلته مدرسے او جماعتونه ویشتلے کیږی، چه ترڅو د بهر ملک جهازونه راځی او دلته بمباری کوی، چه ترڅو د 9th او د 10th نه د جهادی آیاتونه د ویستلو کوشش کیږی، چه ترڅو * ++++++++++

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر، زه په دے باندے واک آؤټ کومه، که د چا کردار کشی، د چا خبره چه ده نو دا د ښځو الفاظ به واپس اخلی،

---

* بحکم سپیکر حذف کیا گیا۔

هغوی که کړی دی، په خپله مرضئ باندے ئے کړی دی، تاسو انتهاپسند قدم اغستے دے، تاسو بورډونه مات کړل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>:جناب سپیکر! آپ ان سے کہیں کہ اپنے الفاظ واپس لے لیں، یہ جانتے ہیں کہ کوئی نیلوفر بختیار کا نام یہاں پر نہیں ہے۔(تالیاں) آپ لوگوں کی وجہ سے یہاں معیشت جو ہے، وہ نہیں ہے، اس لئے نہیں ہے کہ آپ نے سائن بورڈ توڑے ہیں، نیلوفر بختیار نے کونسا ایسا کام کیا ہے کہ جس کا نام یہاں پر ہاؤس میں آیا ہے۔جناب سپیکر صاحب، ان کے الفاظ آپ حذف کروائیں گے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، نور څوک تقریر کول غواړی؟ لیډر آف دی اپوزیشن، جناب شهزاده محمد ګستاسپ خان صاحب۔ (تالیاں)

شہزادہ محمد گستاسپ خان: تھینک یو سر۔ سر، ربانی صاحب تو نالج کا ایک سمندر ہے اور ہم ان کے پہلے ہی معترف تھے، ان کی تقریریں اور شاعری سن سن کر، لیکن آج انہوں نے ایک نیا انداز جو یہاں پر اپنایا تو ہم ان کے اور زیادہ قائل ہو گئے ہیں (تالیاں) اور کچھ کرنے بھی لگ پڑے ہیں کہ --------

جناب سپیکر: آج Umbrella سے، اس نے اپنا طرز تقریر۔۔۔۔۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: کچھ ڈرتے بھی ہیں سر، کہ درمیان میں پھر کوئی ایسا ہنگامہ نہ ہو جائے تقریر کے، کیونکہ عام بات کرنا بھی ایک ہنگامے کے برابر ہوتا ہے۔ سر، یہ شاہ راز خان صاحب کا پہلا بجٹ ہے، جو یہ پیش کر رہے ہیں۔ شاہ راز خان ایک دیانتدار اور ایک بڑے اچھے فعال وزیر ہیں ۔انہوں نے، انہیں جو محکمہ پہلے سونپا گیا تھا، ان کا ہم نے کام دیکھا ہے، اللہ کے فضل و کرم سے ٹھیک طریقے سے انہوں نے اپنا محکمہ چلایا ہے (تالیاں) لیکن یہاں پر میں یہ عرض کروں گا، کہ شاید یہ نہیں تھے لیکن ان کے سرپرست اور بڑے جو کہ تجربہ کار بھی تھے، میں سمجھتا ہوں کہ جیسے مختلف مقررین نے، معزز ممبران نے اپوزیشن کی طرف سے یہ نکتہ اٹھایا اور ہمیں اس پر اعتراض بھی تھا کہ بجٹ پورے صوبے کے عوام کا بجٹ ہوتا ہے،، بجٹ صرف حکومتی پارٹی کی ملکیت یا جاگیر نہیں ہوتا، یہ لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے، حکومت کو مینڈیٹ حاصل ہوتا ہے کہ وہ بجٹ تشکیل دیں، ترتیب دیں اور اس میں مختلف مکاتب فکر کے لوگوں کو مدعو کریں، ان کی آراء کو بھی اس میں شامل کریں، تو یہ ایک فقدان رہا جس کا ہمیں گلہ پیدا ہوا اور کچھ ہاؤس میں Unpleasentness بھی اس وجہ سے آئی۔ بہر حال میں فنانس منسٹر صاحب کو Blame نہیں کرتا، اس لئے کہ انہیں جن حالات میں یہ سب کچھ کرنا پڑا ، اگر انہیں تھوڑی سی سرپرستوں کی طرف سے کوئی Guidance ہوتی تو شاید، جیسے انہوں نے اپنا محکمہ اچھے طریقے سے پہلے چلایا ہے، جو تھوڑی بہت کمی تھی یہ بھی وہ دور کر لیتے۔ بہر حال سر، جمہوریت کا ایک مقصد ہے،، جمہوریت ایک طرز حکومت ہے جسے لوگوں نے پسند کیا ہے۔ آپ دیکھیں سارا West جمہوریت پر چلا ہے اور West کے ساتھ شدید اختلافات ہوتے ہوئے بھی ہمارے علماء کرام، مذہبی اور سیاسی جماعتیں، سب نے پھر بھی جمہوریت کو اپنایا ہے اور جمہوریت کے تحت ہی الیکشن کروا کر اسمبلیوں کو قائم کیا ہے۔ اب

اسمبلیوں کاجب وجود آ جاتا ہے تو یہ کس لئے ہیں ؟ اگر اسے کوئی سمجھا جائے کہ یہ اسمبلیاں Debates کرنے کیلئے ہیں، یہ اسمبلیاں بحث کرنے کیلئے ہیں، یہ اچھے برے کی سوچ کرنے کیلئے ہیں ، یہ ایک دوسرے پر تنقید، صحت مند تنقید کرنے کیلئے ہیں، ایک دوسرے سے سیکھنے کیلئے ہیں۔ یہ اسمبلیاں اس لئے نہیں ہیں کہ ان کا کوئی مقصد نہ ہو اور ہم آئیں یہاں پر، ایک گورنمنٹ بن کر وہاں پہ بیٹھی ہو، دوسرا اپوزیشن بن کر بیٹھی ہو، آپس میں جھگڑیں، ایک دوسرے کی تجویز کو قبول نہ کریں، ایک دوسرے سے بات نہ کریں، ایک دوسرے سے کوئی رائے نہ لیں اور ایک بجٹ بنائیں یا پالیسی بنائیں اور اسے ہم بلڈوز کر کے لاگو کروادیں۔ اگر ہم جمہوریت کی بات کرتے ہیں اور اس طرز حکومت کو ہم پسند کرتے ہیں تو ہمیں پھر وہ اصول اپنانے پڑیں گے جو جمہوریت کے بنیادی اصول ہیں۔ آپ اگر جمہوریت ، جو سب سے پرانی جمہوریت ہے جس کو پارلیمینٹری ڈیموکریسی، Mother of parliaments کہا جاتا ہے، House of Common ، آپ دیکھیں، جب وہاں پر جمہوریت کا قیام، جمہوریت وجود میں آئی تو سات سپیکر، جنھیں بادشاہ اسمبلی کا اجلاس بلانے دیتا تھا، انہیں قتل کر دیا گیا لیکن وہ اپنے اصول سے پیچھے نہیں ہٹے، اس لئے آج مجھے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: تو اس کا مطلب ہے کہ آپ مجھے بھی قتل کرنا چاہتے ہیں۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان</u>: اسی کو جمہوریت کہتے ہیں۔ سر، اگر کوئی ایسی قربانی آپ کو دینی پڑ جائے تو یہ آپ کی خوش قسمتی ہو گی۔ اچھا سر، میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ان کی بھی اپوزیشن ہے اور مختلف جمہوریتوں میں، جمہوریت اپوزیشن کے بغیر ہوتی ہی نہیں ہے اور کوئی بجٹ ، بغیر اپوزیشن کے ہاؤس میں بیٹھے ہوئے، اگر پاس بھی ہو جائے تو اس کی کوئی خاص Validity نہیں ہوتی ۔ یہ میں Realize کروانا چاہتا تھا کہ ہماری کوئی دشمنیاں نہیں ہوتی ، ہماری کوئی ایک دوسرے سے عداوت نہیں ہوتی، ہم یہاں پر آکر بیٹھے ہیں لوگوں کے ووٹ لیکر، ہم نے ان لوگوں کا خیال کرنا ہے اور یہ جمہوریت کا مطلب نہیں ہے ، یہ گورنمنٹ کا مطلب نہیں ہے کہ ایک Faction آبادی کے نمائندوں کا، دوسرے Faction کو ان کے حق سے محروم کردیں۔ تو سر، میرا یہ کہنے کا مطلب ہے کہ ہاؤس کا وجود اس لئے ہے کہ یہاں پر بیٹھ کر فیصلے کئے جائیں، یہاں پر بیٹھ کر افہام و تفہیم کی فضاء قائم کی جائے، نہ کہ ایک اپنی جگہ پر ڈٹ جائے، دوسرا اپنی جگہ پر ڈٹ

جائے اور گورنمنٹ کو کبھی بھی زیب نہیں دیتا کہ وہ کسی بات پر ڈٹی رہے، وہ اگر کوئی اچھی تجویز لے آئے، اسے قبول کرے۔ سر، ابھی یہاں پر کہا گیا، عبدالاکبر خان صاحب نے اپنے تقریر میں کہا اوراسرار اللہ خان نے تو بڑی مزیدار تقریر کی۔ جو باتیں انہوں نے حکومت کے نوٹس میں لائیں، وہ میں سمجھتا ہوں، اگر ہم انہیں سمجھنے کوشش کریں تو یہ ہاؤس اب بھی اچھا چلے گا اور آئندہ کیلئے بھی اچھا چلے گا۔ اب یہاں پر ہم تجویزیں دیتے ہیں، ہنگو سے ہمارے ممبر صاحب، انہوں نے اپنے حلقے کی باتیں بیان کیں، تجویزیں دی، کیوں دی ہاؤس میں تجویزیں؟ اس لئے کہ انہیں Consult نہیں کیا گیا، ہم نے کیوں رونا یہاں پہ رویا، کیونکہ ہمیں Consult نہیں کیا گیا اور اب جب ہم ہاؤس میں کھڑے ہیں تو میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا آپ بجٹ میں کوئی تبدیلی اب لا سکتے ہیں؟ کیا آپ کو کوئی معقول تجویز اگر یہاں پہ آ جائے کیا تو آپ اس پر عمل درآمد کر سکتے ہیں؟ آپ ہر گز نہیں کریں گے کیونکہ آپ تو ہم سے بات کرنے کیلئے بھی تیار نہیں تھے، آپ تو ہمیں ساتھ بٹھانے کیلئے تیار نہیں تھے، بجٹ پیش کرنے کے بعد بھی۔ تو جناب والا! میری یہ گزارش ہے، آج یہاں پر زلزلے کی بات ہوئی، ہمارے ایک ممبر صاحب نے بات کی، ہماری بہن، معزز خاتون ممبر نے یہاں پر بات کی، کیوں کی آج ہاؤس میں بات؟ اس لئے کی کہ وہ خاتون ممبر، معزز ممبر ہیں آپ کے ایم۔ ایم۔ اے کی ممبر ہیں اور آپ کے ساتھ ایم۔ ایم۔ اے میں ہمارے علاقے کے بہت سارے ممبران بیٹھے ہیں جو تباہ شدہ اضلاع سے تعلق رکھتے ہیں، وہ آپ کے ساتھ بیٹھے ہیں، اگر ہمیں Consult نہیں کرنا چاہیے تھا تو خدارا انہیں Consult کر دیتے، وہ ہماری نمائندگی آپ کے پاس وہاں پر کرتے، کیوں نہیں پوچھا گیا؟ کیوں آج وہ ہاؤس میں یہ بات کر رہے ہیں؟ تو میری یہ گزارش ہے کہ حکومت کی کسی بات میں، حکومت کے کسی رعب میں کسی دبدبے میں، حکومت کے کسی فہم و فراست میں کوئی فرق نہیں آتا اگر وہ کسی کو بٹھا کر اس کے علاقے کے بارے میں، اس کی Constituency کے لوگوں کے بارے میں، تباہ حال زلزلہ زدہ علاقوں کے بارے میں، ان ممبران کو ساتھ بٹھا کر پوچھتے کہ بھائیو! آپ تباہ ہو گئے۔ آپ کے سر پہ چھت نہیں، آپ کے پاس پینے کا پانی نہیں، آپ کے بچوں کے سکولوں کے چھتیں اڑ چکی ہیں، آپ کے سکولوں میں ٹاٹ نہیں ہیں، آپ کے ہسپتالوں میں ادویات نہیں ہیں، آپ پریشان حال ہیں، آئیں بیٹھیں ہم بجٹ بنا رہے ہیں، ہمیں تجویز دیں۔

جناب والا! یہ باتیں اگر ہوتیں تو آج ہاؤس میں یہ باتیں نہ ہوتیں اور کسی کو یہ باتیں بری بھی نہ لگتیں۔ یہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت کی اپنی ذمہ داری ہے کہ اگر وہ چاہتی ہے کہ Smooth sailing ہو،، بجٹ ٹھیک طریقے سے پاس ہو،، بجٹ میں تمام لوگوں کو جو اس صوبے کے لوگ ہیں اوران کے اس حکومت پر حقوق ہیں اوران ممبران پر حقوق ہیں، چاہے وہ وہاں بیٹھے ہیں یا یہاں بیٹھے ہیں، وہ سارے عوامی نمائندے ہیں، ان کو اگر موقع ملے تو لوگوں کی فلاح و بہبود کا کام ہو سکے گا، لیکن میں سمجھتا ہوں سر، کہ یہ فقدان رہا ہے، نہ صرف آج یہ بات ہے، بلکہ شروع دن سے یہ بات چلتی آ رہی ہے اور آپ یقین مانیں، ہم نے خواہ مخواہ کی تنقید نہ ہاؤس میں کی ہے اور نہ ہم نے حکومت کو De-stablize کرنے کی کوشش کی ہے، نہ حکومت کو ہم نے کوئی نیچا دکھانے کی کوشش کی ہے، نہ حکومت سے ہمارا کوئی جھگڑا رہا ہے، ہم نے ہمیشہ مفاہمت کا اور اصول پرستی کا راستہ اپنایا ہے، اگر ہاؤس میں کبھی بدمزگی آئی ہے تو آپ کی قیادت میں ہم نے بیٹھ کر بڑی بڑی باتیں یہاں پر حل کر دیں، اس دن جب یہ بات آئی بجٹ سیشن میں، کوئی نکتہ یہاں پر،، بجٹ سیشن کے قابل اعتراض ہونے کا، یا کہ کچھ بات آئی تو آپ ہی گواہ ہیں اس بات کے، کہ میں نے اپوزیشن کی طرف سے کھڑے ہو کر کہا کہ آپ ٹی بریک کر دیں، ہم آپ کے چیمبر میں بیٹھ کر اس مسئلے کو حل کرتے ہیں۔ کہا ہے میں نے یہ، کہ نہیں کہا؟

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان</u>: سر! تو اس کا مطلب ہے کہ ہم ہر اچھی بات کیلئے قدم آگے بڑھانے کیلئے تیار ہیں۔ سر! بجٹ صوبے کا، اگر عوامی نمائندوں کو اعتماد میں نہ لے کر بنایا جائے، وہ تو پھر بیوروکریسی کا بجٹ ہے، اس میں تو وہ Touch نہیں آتا جو کہ ایک عوامی بجٹ کا آنا چاہیے، آپ کو تو لوگوں نے منتخب کیا تھا، آپ کی ایم۔ایم۔اے حکومت کو لوگوں نے منتخب کیا تھا Status quo توڑنے کیلئے، وہ روایات جو فرسودہ تھیں، وہ روایات جن میں انصاف نہیں تھا، وہ روایات جو لوگوں کو پسند نہیں تھیں، آپ کو پہلی دفعہ تاریخ میں اتنا بڑا ووٹ دے کر، مینڈیٹ دے کر، آپ کو لوگوں نے کامیاب کرایا کہ آپ اس فرسودہ نظام کو توڑ دیں، آپ لوگوں کیلئے سکولوں کے دروازے کھول دیں، آپ ان بچوں کا، جن کے بارے میں ربانی صاحب اب کہہ رہے تھے، جواب دے رہے تھے،

جو فٹ پاتھوں پر سوتے ہیں، وہ بچے جو کہ، آپ نوشہرہ جاکر گاڑی کھڑی کریں، قصہ خوانی میں جاکر گاڑی کھڑی کریں، صدر میں جاکر گاڑی کھڑی کریں، چھوٹے چھوٹے خوبصورت بچے ٹافیاں لے کر، آکر آپ کے ونڈ سکرین صاف کریں گے کیونکہ وہ دو وقت کی روٹی کو زندگی بھر ترس رہے ہیں۔ آپ کو تو اس لئے ووٹ دیا گیا تھا کہ آپ ان لوگوں کا انتظام کریں، اس لئے ہم یہاں پر نہیں بیٹھے ہیں کہ آپ ہمیں جواب دیں، ہم آپ کو جواب دیں، آپ ہمیں برا کہیں اور ہم آپ کو برا کہیں، نہیں، ہم سب اللہ کے فضل و کرم سے اچھے ہیں، ہم اچھے تھے اس لئے تو لوگوں نے ہمیں ووٹ دے کر یہاں پر بھیجا ہے، ہمیں عوام کے ووٹ کی توہین نہیں کرنی چاہیے، ان کے مینڈیٹ کی توہین نہیں کرنی چاہیے، ہمیں یہ سوچنا تھا، میں نے پچھلی میٹنگز میں بھی، اب تو وقت ہی نہیں رہا، اب تو ہماری باتیں ہی باتیں ہیں، اس وقت سے ہمیں سوچنا تھا، اسی فلور پہ میں نے کھڑے ہو کر کہا اور آپ کے وزیر صاحب نے کہا کہ ہم نے چودہ لاکھ روپے مختص کئے، کس لئے؟ Detoxification Centers کیلئے، ہم نے پیسے مختص کئے ہیں، Rehabilitation Centers کیلئے، Drug edicts کیلئے، وہ Drug edicts جو لاء اینڈ آرڈر کو بھی خراب کرتے ہیں، وہ Drug edicts جو چوری کی وارداتیں بھی کرتے ہیں، وہ Drug edicts جو اخلاقی جرائم میں بھی ملوث ہوتے ہیں، وہ اس لئے ہوتے ہیں کہ وہ بیمار ہیں، ان کیلئے علاج معالجے کی جگہ نہیں ہے، تو میں سر، بڑے افسوس سے کہوں گا کہ وہ اس آبادی کا حصہ ہیں، ان بچوں کا بھی اس ملک کی دولت پر حق ہے، کیا ان کیلئے ہم نے کوئی Provision رکھی ہے؟ چودہ لاکھ روپے تین سال پہلے رکھے تھے اور ان کبھی ہمیں نتائج کا پتہ نہیں ہے۔ سر، پھر میں یہ عرض کروں گا کہ اگر ہمیں انہوں نے بٹھایا ہوتا، جس طرح ہماری بہن، خاتون ممبر نے زلزلے کا ذکر کیا، سکولوں کی بات کی، انہوں نے ہسپتالوں کی بات کی، آج ہم آپ سے کیا کہیں کہ آپ کہاں پر رقم مختص کریں؟ ERA والے، مانسہرہ ڈسٹرکٹ جو کہ مرکز ہے، تمام زلزلہ زدہ علاقوں کا، اس کیلئے دو سو کنال پر محیط ایک بڑا ہسپتال بنانا چاہتے ہیں، جس کیلئے جگہ نہیں ہے، آپ ہمیں Consult کرتے تو ہم آپ سے کہتے ہیں کہ خدارا ہمیں دو سو کنال جگہ کیلئے رقم مختص کریں، اگر وہ نہ ہوئی، چونکہ ہمیں Consultation میں نہیں ڈالا گیا، تو وہ لوگ اس حق سے محروم ہو جائیں گے جو انہیں چاہیے، دو سو کینال زمین آپ کو خریدنی تھی اور

تمام رقم جو ہے، وہ Doners اس پر لگا دیتی۔ اسی طرح کی مختلف چیزیں آئی ہیں جو صرف Consultation کے فقدان ہونے کی وجہ سے وہ نہیں ہو سکیں۔ باقی رہ گئی سر، ہم اپوزیشن کے ممبران، ہمیں جب بھی آپ نے صوبے کے حقوق کے بارے میں یا کسی فلاحی کام کے بارے میں اور اگر ہمیں آپ نے کہا بھی نہیں تو ہم خود سمجھیں ہیں کہ یہ کام اچھا کر رہے ہیں تو ہم نے از خود آپ سے ہر بات میں تعاون بھی کیا ہے، جب آپ نے کہا ہے کہ جرگہ ہو رہا ہے، ہم نے اس بات کو نہیں دیکھا کہ ہماری Affiliation کس کس کے ساتھ ہے، جب ہم نے یہ دیکھا کہ ہمارے آپس میں سیاسی، نظریاتی اختلافات ہو سکتے ہیں لیکن ہم سب مسلمان ہیں اور ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ اس صوبے کے عوام کی فلاح کیلئے ہمیں منتخب کیا گیا ہے اور خداوند کریم نے ہمیں موقع دیا ہے یہاں بیٹھنے کا، اس لئے دیا ہے کہ ہم ان کیلئے اچھا سوچیں، تو سر، جب ہمیں کہا گیا، ہم نے تمام Parties affiliation، تمام باتیں چھوڑ کر، آپ نے کہا کہ جرگہ ہے، فیڈرل گورنمنٹ کے فیصلے کے خلاف، ہم حاضر ہوئے ہیں، صوبے کے مفاد میں ہم نے اٹھ کر ان سے اختلاف بھی کر لیا ہے۔ (تالیاں) اسی طرح جب آپ نے ہمیں پکارا ہے، جب آپ نے کہا ہے، ہم نے یہ کوشش کی ہے کہ ہمارے صوبے کو چار پیسے ملیں تاکہ ہمارے صوبے میں بسنے والے عوام کے کام ہو سکیں۔ اپوزیشن کا رول جمہوری رہا ہے، اصولی رہا ہے اور اللہ کے فضل و کرم سے اچھا رہا ہے، آپ کو ہم نے کبھی موقع نہیں دیا کہ آپ ہمیں کسی ایسی بات کا کہیں اور اسی بات میں پکڑیں کہ ہمارا ردعمل صوبہ سرحد کے عوام کے خلاف گیا ہو۔ سر، پھر آ جاتی ہیں کہ ? What is a budget، بجٹ ترجیحات ہیں، جو مقرر کی جاتی ہیں جن پہ رقومات مختص کی جاتی ہیں، دوسرے محکموں کو Allocations کی جاتی ہیں تاکہ وہ فلاح و بہبود کے کام کریں۔ اب جو پچھلے سال کے بعد بجٹ کے ہدف یا ٹارگٹس مقرر کئے گئے تھے، کیا ہم نے وہ Achieve کئے ہیں؟ کبھی اس پر ہم نے بحث نہیں کی۔ سر، آپ اور ہم ایک ساتھ اسمبلیوں میں رہے ہیں، ہمارا یہ ہرگز کہنے کا مطلب نہیں ہے کہ ایم۔ایم۔اے گورنمنٹ کام کو نہیں سمجھتی لیکن، جیسے میں نے کہا کہ Priorities اور ٹارگٹس کی بات ہوتی ہے، Targets achieve کرنے کا طریقہ کار ہوتا ہے، آپ کو سر، یاد ہوگا، میں بھی منسٹر پلاننگ رہا ہوں، ہمارے اور بھی دوست، ہمارے Predecessors نے بھی، آپ ہی سر! مجھے بتادیں، شاید آپکو بلایا گیا

ہو لیکن مجھے یہ کوئی بتادیں اور ہمارے سراج الحق صاحب چار سال سے اس محکمے کو چلارہے تھے اور ہر بار ہم ہاؤس میں کہتے رہے ہیں کہ Review meetings کرنا آپ کے مفاد میں ہے، آپ کا کام صرف افسران سے نہیں چل سکتا ،یہاں افسران سے آپ اتنے متاثر ہیں، ان کی اہلیت سے کہ آپ اپنے آپ کو ان کے سامنے کم تر سمجھتے ہیں یا کچھ سمجھتے ہیں ، ہم تو ہمیشہ، آپ کو یاد ہو گا کہ Quarterly reviews کرتے تھے، Mid year reviews کرتے تھے ، ہم تمام ممبران کو Invite کرتے تھے، Progress کے بارے میں پوچھتے تھے اور جہاں پر کوئی کمی ہوتی تھی اسے ہم دور کرواتے تھے۔ یہی افسران اس وقت ٹھیک ٹھاک کام کرتے تھے آج نہ ہمیں اے ڈی پی کا پتہ ہے، نہ ہمیں اپنے وسائل کا پتہ ہے اور نہ ہمیں پتہ ہے کہ ہمارے صوبے میں کیا ہو رہا ہے، کون کونسے اضلاع میں کیا کچھ ہو رہا ہے ؟ اور اگر یہ آپ، سر! آپ اس بات کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ These are necessary things to run the government، اگر آپ جمہوریت، آپ عوامی نمائندوں کی بات کرتے ہیں تو پھر There is no difference between any member، مجھے یہ بتائیں، ہمیں نہ بلائیں، کیا آپ نے ایم۔ایم۔اے کے ممبروں کو بلا کر کبھی Reviews کئے ہیں؟ میں پوچھتا ہوں۔ ہمارے بڑے معزز منسٹر تھے ، محکمہ خزانہ کے وزیر، اب ہمیں توقع ہے لیکن ٹائم تھوڑا ہے کیونکہ ہمیں بڑا اچھا متحرک اور سمجھدار وزیر سامنے آیا ہے، اس نے بھی اپنے محکمے میں بڑا اچھا کام کیا ہے (تالیاں) اور اگر یہ ایک اچھا کام کرتے کہ ہمیں بلا کر یہ بھی اے ڈی پی اے کے بارے میں Consult کرتے تو شاید ہم Contribute سکتے۔ یہ کچھ ممبروں کے، مطلب یہ ہے کہ ممبرز تو ماشاء اللہ All wise ہیں، ہم ان کی دانشمندی پہ کوئی شک نہیں کرتے لیکن تھوڑا بہت شاید ہمیں موقع ملتا، ان کے ساتھ بوجھ بانٹنے کا۔ اچھا سر! پھر ایک اور Important بات ہے، چونکہ میں وہ باتیں Repeat نہیں کروں گا جو Already بجٹ میں ہو گئی ہیں، سر! This earthquake، یہ اس صوبے کا مسئلہ ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ فیڈرل گورنمنٹ کی بھی ذمہ داری بہت زیادہ ہے لیکن یہ بڑا اہم مسئلہ ہے، ہمارے لئے۔ ہماری زندگیاں متاثر ہو گئی ہیں، ہمارے کئی لوگ اس میں چل بسے، ہمارے بچے اپاہج ہو چکے، کئی گھرانوں کے اور ہمیں جگہ جگہ ہر چیز کی دشواری ہے۔ سر! میں یہاں پر یہ

گزارش کروں گا کہ پچھلی دفعہ میں نے جناب سراج الحق صاحب کو یہ کہا تھا اور آج مجھے وہ مشورہ دے رہے تھے کہ آپ ایک نوٹ بنا لیں، ہم آپس میں Discuss کریں، میں آپ کو سپورٹ کروں گا۔ میں نے کہا کہ سراج الحق صاحب! جب آپ کے پاس یہ محکمہ تھا تو آپ نے کوئی سپورٹ نہیں دیا، اب آپ کیا سپورٹ کریں گے؟ ویسے باتیں کرنے کو تو بہت ہیں، اگر کسی محکمے نے آ کر، کسی باہر کی این۔ جی۔ او نے آ کر گڑھی حبیب اللہ میں ایک سکول ہمارے لئے بنالیا یا ہسپتال بنالیا یا کہیں دو چار اور جگہوں پہ دو چار سکول بن گئے، ایک ڈاڈر کے مقام پر US-AID والوں نے بنا دیا تو ان کا سات سات دفعہ افتتاح ہو چکا ہے اور اخبارات میں، میڈیا میں ہمیشہ یہی آتا ہے کہ بھئی یہ کام شروع ہیں لیکن سر، موقع پر کوئی ایسا کام شروع نہیں ہے، بلکہ میں یہاں یہ کہوں گا، مظہر قاسم صاحب نے یہاں پر بات کی نیو بالا کوٹ سٹی کی، جس کیلئے یہ کہتے ہیں کہ کوئی ڈیڑھ ارب روپے آ گئے پراونشل گورنمنٹ کو اور پراونشل گورنمنٹ وہ جگہ ابھی تک نہیں لے سکی۔ سر! میں یہ گزارش کروں گا، جگہ ضرور لیں، ہم ضرور قربانیاں دیں گے اپنے ان بھائیوں کیلئے، نقصان ہمارا بھی ہوا ہے لیکن جن بھائیوں کا زیادہ نقصان ہوا ہے، ان کیلئے ہم قربانی دیں گے اور پراونشل گورنمنٹ بھی ان کیلئے، ہم چاہتے ہیں کہ کام کرے، فیڈرل گورنمنٹ بھی کام کرے، لیکن میں یہاں یہ کہوں گا سر، کچھ بھائیوں کو جب ہم آباد کر رہے ہوں گے، میں سر ریکویسٹ کروں گا مختیار خان کو، منسٹر صاحب نے پاس بٹھایا ہوا ہے، (قہقہہ) تو میں یہ سر، یہاں پہ گزارش کروں گا کہ ERA اور PERA کے مسئلے میں ہم کھلے جا چکے ہیں، ہمیں سمجھ نہیں آ رہی کہ ہم کہاں کھڑے ہیں؟ PERA ہماری ذمہ دار ہے، ERA ہماری ذمہ دار ہے یا پراونشل گورنمنٹ کا کوئی ان اداروں پر اختیار ہے یا یہ سب کچھ مرکزی حکومت کے اختیار میں ہے؟ ایک ایک جگہ بھگاتا ہے اور دوسرا دوسری جگہ بھگاتا ہے۔ سر! آپ شاید اس وقت، Disaster Management Conference کیلئے ہم انڈیا گئے تو وہاں پر، ایک زلزلہ وہاں پر بھی آیا تھا، بڑی تباہی وہاں پہ بھی ہوئی تھی لیکن ان کا مرکز، تمام کارروائی کا، وہی ضلع تھا جس میں یہ سب کچھ ہوا تھا اور ہمارا ہیڈ کوارٹر جو ہے وہ اسلام آباد میں ہے اور دوسرا ہیڈ کوارٹر ہمارا پشاور میں ہے، وہاں پر کوئی بھی Base نہیں ہے، وہاں پر ایک DRU ہے اور DRU ایک گریڈ 18 آفیسر کے نیچے کام کرتا ہے، جس کی نہ

کوئی شنوائی ہے اور نہ جس کی کوئی سنتا ہے۔ میری یہ گزارش ہے سر، ایک تو بجٹ میں کوئی رقم پراونشل گورنمنٹ نے مختص نہیں کی زلزلہ زدہ علاقوں کیلئے، انہیں پراونشل گورنمنٹ نے Edge نہیں دیا، اگر کسی جگہ پر دس کلو میٹر سڑک بنائی جا سکتی تھی تو زلزلہ زدہ علاقے کو پندرہ کلو میٹر دے دیتے، کچھ بھی نہیں کیا اور یہاں پر مسائل کھڑے ہو گئے۔ اب بالا کوٹ سٹی قائم کرنے کیلئے دوسرے لوگوں سے وہاں پہ کہا جائے گا کہ آپ گھر Vacate کریں، زمین Vacate کریں اور انہیں جو ریٹ دیا جا رہا ہے، انہیں Extra ordinary rate دیا جاتا، اس لئے کہ ان کا حق بنتا تھا، وہ خود Displaced تھے، وہ خود نقصان میں ہیں اور وہ قربانی دے رہے ہیں، وہ جگہ چھوڑ رہے ہیں، انہیں اچھی زمین کا ریٹ دیا جاتا، تاکہ وہ بھی اس کے بعد غیر آباد نہ ہوں اور انہیں بھی آباد ہونے کا موقع مل سکے۔ لیکن سر، نہ اس بارے میں کوئی Consultation ہے، نہ اس بارے میں کوئی میٹنگ ہے اور میں یہ کہوں گا کہ اگر حکومت ان باتوں کا جائزہ نہیں لے گی، حکومت ان باتوں پہ غور نہیں کرے گی، حکومت ان چیزوں کیلئے مالی معاونت فراہم نہیں کرے گی تو لوگوں کے آپس میں جھگڑے پیدا ہوں گے، ایک تو ویسے بھی تباہ حال علاقہ ہے اور لوگ آپس میں ان باتوں پہ لڑ کر مزید تباہ ہو گئے ہیں۔ دوسری بات سر، جو میں یہاں پر کہوں گا، ایک تو اس جگہ پر نیو بالا کوٹ سٹی کیلئے، انہی لوگوں سے زمین لی جا رہی ہے اور اب دوسری وہاں پر یہ بات آ گئی، زمین ضرور ہم دینے کیلئے تیار ہیں، دوسری بات یہ آ گئی کہ ہزارہ یونیورسٹی کیلئے بھی اتنا ہی رقبہ درکار ہے جو لوگ دینے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ وہاں پر میں یہ گزارش کروں گا جب تک انہیں مارکیٹ ریٹس اور ٹھیک Realistic rates نہیں دیئے جائیں گے تو لوگ اس پر احتجاج کریں گے، یہ چیزیں بھی Discuss ہونی چاہیے، ہماری آپس میں۔ پھر سر، میں گزارش کروں گا کہ یہ میں نے جو Edge کی بات ہے، ہماری چیف منسٹر صاحب کے ساتھ میٹنگ ہوئی، انہوں نے کہا، میں نے لاتعداد ڈیمز کی Provision دی ہے، اس سے فیڈرل گورنمنٹ، I don’s know، وہ پلاننگ منسٹر صاحب جانتے ہوں گے کہ کچھ ڈیمز ہم مختلف علاقوں میں بنا رہے ہیں، Canals بنا رہے ہیں، ایریگیشن کی Facilities extend کر رہے ہیں، تو سر! میں یہاں یہ گزارش کروں گا اور میں یہ ERA، PERA کی میٹنگز میں Directly بھی کہتا ہوں رہا ہوں اور یہ فلور اس ہاؤس کا گواہ

ہے، اس بات کا کہ دو دریا ان علاقوں میں بہہ رہے ہیں، دریائے کنہار اور دریائے سرن، جناب! کیا اس سارے صوبے کے وسائل میں ہمارا کوئی حصہ نہیں ہے ؟ We are one forth of the NWFP، ہم ایک چوتھائی ہیں، این ڈبلیو ایف پی کے، کیا ہمارا حق اپنے دریاؤں کے پانی پہ نہیں ہے ؟ کیا ہمارے لئے ڈیمز نہیں بن سکتے ؟ کیا ہمیںIrrigation facilities وہاں پر نہیں مل سکتیں ؟ کیا ہم زلزلے کے بعد بھکاری بنیں گے، ہم اپنی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا نہیں کریں گے ؟ کہ ایک شارٹ ٹرم امداد، شارٹ ٹرم امداد آپ نے پہنچادی، لانگ ٹرم ہمارے لئے کیا منصوبہ ہے ؟ اگر وہ ان کیStrategy میں نہیں، ERA کیStrategy میں نہیں ہے تو جناب، پراونشل گورنمنٹ کی توStrategy ہے، زراعت کو ترقی دینے کی، لوگوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کی، لیکن آپ پوری اے ڈی پی، پورا بجٹ اٹھا کر دیکھ لیں آپ کو ہزارہ ڈویژن میں اور خاص کر مانسہرہ ڈسٹرکٹ میں کوئی ایسی ایریگیشن سکیم نظر نہیں آئے گی، وہ کیوں ؟ کیوں نہیں نظر آئے گی ؟آپBaren علاقوں کو جہاں پر پانی کی ایک بوند نہیں ہے اور کروڑوں اربوں روپے خرچ ہو کر وہاں پر پانی پہنچایا جارہا ہے جب وہاں پر دو دریا موجود ہیں، وہاں پرIrrigation systemکیوں نہیںImprove کیا جارہا؟ وہیIrrigation system ہے جو کہ انگریز کے زمانے کا ہے، اس کے بعد تھوڑا سا ہم لوگوں نے اسے ڈیویلپ کیا ہے، سر! اس کا زمانہ ہو گیا، آبادی بڑھ گئی ہے تو میری یہ گزارشات تھیں، سر! اور دوسرا میں یہ-----

<u>جناب سپیکر</u>: مختصر کر سکتے ہیں؟

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان</u>: جی، میں مختصر ہی کر رہا ہوں، آپ کا موڈ میں نے دیکھ لیا ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں، موڈ تو میرا ٹھیک ہے۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان</u>: اچھا جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔

<u>شہزادہ محمد گستاسپ خان</u>: اچھا۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ بجٹ سامنے ہے اور یہ جو باتیں ہم نے کیں ہیں، یہ بھی ہاؤس میںThey are on record، اگر ان ساری باتوں کو مجموعی طور پر

آپ دیکھیں تو جو یہ شکایات ہیں، ان سے یہ دلیل ملتی ہے کہ یہ بجٹ اس طرح کا نہیں ہے جس طرح کا اسے ہونا چاہیے تھا، یہ اس طرح سے ہمارے مفاد میں نہیں ہے، اس میں Improvement کی گنجائش تھی اور اگر، جس طرح میں نے کہا کہ ہمارے یہ دونوں منسٹر سامنے بیٹھے ہیں، پلاننگ اور فنانس منسٹر، ماشاء اللہ ہمیں توقعات بھی ہیں ان سے اور وقت بھی تھوڑا ہے، اگر یہ بھی، جو بھی Improvements اس میں لا سکتے ہیں، میری یہ گزارش ہو گی تو لائیں اور سر! ایک اور بات، اب ایم ایم اے کے بھائی، یہ بھی ہمارے ہی طرح ممبرز ہیں، چلیں یہ گورنمنٹ میں ہیں، انہیں کچھ Edge گورنمنٹ دیتی ہے، ہمیں ان کو Edge دینے پر اعتراض نہیں ہے، جب ہماری آپس میں بات چیت ہوئی تو ہم نے یہ شکایات جو تھیں، سامنے لائیں گورنمنٹ کے اور اس کے ازالے کی بات ہوئی، مجھے پتہ نہیں کیونکہ پچھلی کئی بار ذمہ داری آپ نے اٹھائی اور آپ کے ساتھ، میں بھی آپ کو Insist کرنے کیلئے تھا لیکن اس پر کوئی عمل درآمد نہیں ہوا تو میری یہ گزارش ہو گی کہ یہ Last بجٹ ہے، ہمارا Fifth budget ہے، چار بجٹ آپ نے اس سے پہلے ہاؤس میں لائے، آپ کو کوئی دقت نہیں ہوئی، آپ نے دیکھا کہ کسی بھی صوبے کے Budget Speech کو، جو فنانس منسٹر نے کی ہے، کوئی آرام سے سننے کیلئے تیار نہیں تھا اور کسی نے نہیں سنا لیکن صوبہ سرحد کی روایات اور آپ کی نظروں کو دیکھتے ہوئے، آپ کی شرافت اور آپ کی Dealing ہمارے ساتھ اور ہمارے باقی بھائیوں کا بھی ہمارے ساتھ جو سلوک تھا، اس وجہ سے، حالانکہ اس میں ہمارے لئے رکھا کچھ نہیں ہے۔ آپ نے زلزلہ زدگان کا ذکر تک نہیں کیا اپنی بجٹ تقریر میں، لیکن پھر بھی ہم نے یہ بات برداشت کی کیونکہ اس کا کریڈٹ آپ کو جاتا ہے تو ہم یہ توقع رکھیں گے (تالیاں) کہ جو بھی اس میں بہتری کی گنجائش ہے، آپ کے پاس میجارٹی ہے، آپ پاس کرالیں گے لیکن اس بات پر آپ خوش نہ ہوں کیونکہ آپ اگر ایک برے Document کو پاس کرالیں تو وہ کوئی اچھائی نہیں ہے، اسے اچھا کر کے پاس کروائیں، اس میں گنجائش لے آئیں اپنے ان بھائیوں کیلئے جو محروم ہیں، اپنے ان بچوں کیلئے جو آپ کے شفقت کیلئے ترس رہے ہیں۔ ایجوکیشن کے بارے میں، میں کہوں گا سر! کہ ہمارے منسٹر صاحب کوشش کر رہے ہیں لیکن ان کی توجہ اس طرف بھی جانی چاہیے، جو چیزیں Humanly possible نہیں ہیں، یہ لاکھ کوشش کریں، وہ ٹھیک نہیں ہو سکتیں، جب تک

بنیادی پالیسی ٹھیک نہیں ہو گی۔ آپ بھی پہاڑی علاقے کے ہیں، میں بھی پہاڑی علاقے کا ہوں، وجیہہ صاحب بیٹھے ہیں ، زر گل خان بیٹھے ہیں ، ہمارے جو Different perils ہیں،Geografical regions ہیں، ان کے Different different حالات ہیں، ان کیلئے Different policies ہونی چاہیے۔ اگر آپ یہ توقع کریں گے کہ کوئی ہماری بچی، بہن جو سکول میں پڑھاتی ہے، وہ بیس میل سفر طے کر کے، چھ میل پیدل راستہ طے کر کے کسی سکول میں پڑھانے کیلئے جائے گی تو That is humanly not possible اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہیو من رائٹس کے بھی خلاف ہے۔ آپ کے سکولوں میں Living quarters نہیں ہیں، آپ کے سکولوں کو، بجائے آگے بڑھتے بڑھتے ، بناتے بناتے ، سہولیات دیں اور پالیسی Chang کریں، اس علاقے کی بچی، اگر وہ میٹرک نہیں، آٹھویں جماعت بھی پڑھی ہوئی ہے، اسے ٹرینگ دیں اور اسی کو وہاں پر لگائیں، ایک تو علاقے میں روزگار ملے گا اور دوسرا وہ سکول بھی چلیں گے تو یہ Policies ہیں سر، جنھیں Chang کرنا ہو گا .Thank you very much sir

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر سر!

<u>جناب سپیکر</u>: میں بات کرتا ہوں، میں بات کرتا ہوں۔ ربانی صاحب کی تقریر میں، نیلوفر بختیار کے بارے میں غیر پارلیمانی الفاظ استعمال کئے گئے۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: سر! اس کے بارے میں، میں احتجاجاً واک آؤٹ کرتی ہوں، ٹوٹل واک آؤٹ کرتی ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: پھر، پھر۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: ہاں جی، آپ فیصلہ کر لیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، تو میں اسمبلی سیکرٹریٹ کو ہدایت کرتا ہوں کہ وہ ان کو حذف کریں، ریکارڈ سے۔ (تالیاں)

<u>جناب فضل علی (وزیر تعلیم)</u>: سپیکر صاحب! ایک وضاحت میں، اگر اجازت ہو ایک بات کی۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا۔

وزیر تعلیم: یہ شہزادہ صاحب نے آخری جو تجویز دی ہے جی، تقریباً دو سال سے یہی پالیسی ہم نے اپنائی ہے وہاں پر جو Back ward ایریا ہے------

جناب سپیکر: یہ پوچھتے نہیں ہیں نا، تو----

وزیر تعلیم: وہاں پر یہی پالیسی ہے، یونین کونسل پالیسی اور آٹھویں پاس کو ہم بھرتی کر رہے ہیں۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! یہ اگر کوئی خفیہ پالیسی ہو تو اس کا ہمیں نہیں پتہ لیکن یہ سر، لاگو نہیں ہوئی ہے۔

وزیر تعلیم: اخبارات میں باقاعدہ آتا رہا ہے۔

جناب سپیکر: ان کو کاپی بھیج دیں، جی۔ اچھا، اب میں ہاؤس سے پوچھوں گا کہ کٹ موشنز بہت سارے آئے ہیں، ڈیمانڈز فار گرانٹ پہ اور میرے خیال میں یہ اظہار بھی کیا گیا تھا کہ کل چھٹی ہونی چاہیے تو پھر تو Monday اور Tuesday ہمارے پاس رہ جاتے ہیں، میرے خیال میں دو دن، تو اگر آپ تعاون کریں کہ کٹ موشنز پہ مطلب یہ ہے کہ زیادہ وقت نہیں لیں گے تو کل ہم اس پوزیشن میں ہوں گے کہ کل کیلئے، جس طرح آپ مناسب سمجھتے ہیں، آپ فیصلہ کریں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! اس میں ایک تجویز یہ ہے کہ جو Important محکمے ہیں اور ہر ایک آدمی نے ایک ایک دو دو، کیونکہ سب نے بہت زیادہ ہر ایک محکمے پہ کٹ موشنز دیئے ہوئے ہیں تو اس میں تین تین چار چار محکموں پہ بات کر کے اور پھر اس کے بعد جو ہے، تو------

جناب سپیکر: اسرار اللہ گنڈاپور صاحب! کل یعنی کہ Continue رکھیں یا مطلب یہ ہے کہ۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: چھٹی کریں جناب۔

جناب سپیکر: چھٹی! پھر آپ کو لگام دوں گا میں، دو دن پھر میں آپ کو لگام دوں گا۔ اچھا، اب میرے خیال میں فنانس منسٹر کی Speech ہے تو جس طرح آپ مناسب سمجھتے ہیں کہ نماز کیلئے اور چائے کیلئے، بلکہ نماز کیلئے---

آوازیں: ابھی نماز کیلئے وقت ہے۔

جناب سپیکر: اب میں محترم وزیر خزانہ کو دعوت دیتاہوں کہ وہ وائنڈاپ سپیچ کریں۔جناب وزیر خزانہ صاحب۔ (تالیاں)

جناب شاہ راز خان(وزیر خزانہ):اعوذ بااللہ من الشیطن الرجیم ہ، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔
جناب سپیکر صاحب ، زه ستاسو په وساطت باندے د ټول ایوان شکر گزار یمه چه اولنے تقریر چه کوم د بجټ سپیچ وو نو هغه هم څنګه چه دلته لیډر آف دی اپوزیشن اووئیل، ډیر په ارام او په سنجیدګئ سره اوریدلے شوے وو او حقیقت دا دے چه دا یو نوے ، دټول پاکستان په سیاست کښ د نوی روایت یو قسم انټروډکشن وو نو زۀ په دے باندے د ټول ایوان خصوصاً د اپوزیشن د رونړو شکریه ادا کومه۔ دلته جی، د بجټ باره کښ ښه په تفصیل باندے زمونږه ممبرانو خبرے اوکړے ، مونږه جی، کوشش دا کړے دےچه بجټ مونږه عوام دوست کړو، بجټ مونږه د سوسائټئ Friendly بجټ کړو ، د دے وجے نه مونږه هغه ټول سټیک هولډر سره رابطه کړے وه چه کوم مونږه په دغه لږ ټائم کښ کولے شوه، زۀ د دے خبرے اعتراف کومه آن دی فلور آف ہاؤس چه د ممبرانو صاحبانو میټنګ مونږه نه دے کړے ، البته د Input اغستلومونږه کوشش کړے دے د ممبرانو، کوم هم چه Available وو ،دچا چا سره چه مو رابطه کیدے شوه خو لکه داسے په اجتماعی شکل کښ خو هغه کار زمونږ نه نه دے شوے او انشاء اللہ آئنده که خدائے پاک موقع راکړه نو دا شکایت به هم انشاءاللہ نه وی۔ (تالیاں) زۀ به جی، دا خبره هم اوکړم چه کومه زمونږه اے ډی پی ده نو زیات د ممبرانو دلچسپی اے ډی پی کښ وی او اےډی پی مونږه Umbrella ساتلے ده، دا هم د دے د پاره چه یو خو مونږ باندے د اد ورلډ بنک د طرف نه، دهغویCompulsion وو چه سکیمونه ډیر زیات نه وی، د هغے Numbering سیوا نه وی او نمبرز کم وی۔ یعنی دا مونږ

باندے یو Compulsionوو، مونږ څه بدنیتئ باندے دا کار نه دے کړے او مونږ کوشش دا کړے دے چه مونږ په دے کښې -----

جناب سپیکر: اوس به ئے په نیک نیتئ تقسیموئ۔

وزیر خزانه: په نیک نیتئ باندے به ئے انشاء الله العزیز تقسیموؤ او دا زمونږ Commitment دے جی، انشاء الله العزیز، څنګ چه د اپوزیشن د ممبرانو او د هغوی پارلیمانی لیډرانو د سی۔ایم سره خبره شوے ده او څنګ چه مخکښې نه زمونږ یو روایت راروان دے جی، حالانکه په دے صوبه کښې داسے چل شوے دے چه اوس هم زمونږ سره 167 استاذان سرپلس دی، د P.T.C او هغه صرف په چارسده کښې او په نوښار ضلع کښې دی، ځکه چه هغه Umbrella ټائپ سکیم وو چه دومره استاذان به تاسو بهرتی کوئ نو هغه د خدائے بندیانو صرف په دوه ضلعو کښې بهرتی کړی وو، مونږ به دا کار نه کوؤ انشاء الله،نه مو مخکښې کړے دے او نه به اوس دا کار کوؤ او نه به بیا دا کار کوؤ انشاء الله، بلکه چه کوم سکیمونه هم دی نو هغه سکیمونه، مونږ به کوشش دا کوؤ چه هغه د عدل، د انصاف، د Need او د پسماندګئ په بنیاد باندے تقسیم کړو۔

جناب مظہر علی قاسم: اردو میں ذرا،پھر اردو بھی-----

جناب سپیکر: یہ سمجھ سکتے ہیں جی۔

وزیر خزانہ: یہاں جی، تقریر میں ہمارے جن ممبران صاحبان نے حصہ لیا، میں ذرا ان کا اجمالی تذکرہ کرونگا اور اس کے بعد پھر، دو تین چار باتوں کے بعد انشاء اللہ نماز کا وقت ہوگا، تو پھر کوشش کرونگا کہ نماز کیلئے ہم فارغ ہوں، ان میں نعیمہ کشور صاحبہ، جناب انور کمال خان صاحب، بشیر بلور صاحب اور اس طرح ہمارے حاجی جمشید خان صاحب، ڈاکٹر سلیم خان صاحب، پیر محمد خان صاحب، امانت شاہ صاحب، صابرہ شاکر صاحبہ، تاج الامین جبل صاحب، عبدالماجد خان صاحب، شگفتہ ناز صاحبہ، فیلیکس انویسنٹ صاحب اور قلب حسن صاحب، مولانا مثمر شاہ صاحب، مشتاق غنی صاحب، نسرین خٹک صاحبہ، سکندر شیر پاؤ صاحب------

جناب سپیکر: تقریباً، 32،31 اراکین اسمبلی کے نام ہیں۔۔۔۔۔

وزیر خزانہ: نوابزادہ بن یامین صاحب، وجیہہ الزمان خان صاحب، اسرار اللہ خان گنڈا پور صاحب، عبدالاکبر خان صاحب، مظہر قاسم صاحب، سراج الحق صاحب، قاری عبداللہ صاحب، سعید خان صاحب، محترمہ آفتاب شبیر صاحبہ، ڈاکٹر سیمیں محمود جان صاحبہ، فضل ربانی ایڈ دکیٹ صاحب اور آخر میں ہمارے لیڈر آف دی اپوزیشن شہزادہ محمد گستاسپ صاحب۔

جناب سپیکر: اور وقفے وقفے سے نگہت اور کزئی نے بھی۔۔۔۔

وزیر خزانہ: ہاں، اور نگہت اور کزئی صاحبہ نے وقفے وقفے سے لقمے دیئے ہیں۔ یہ جو سارے ہمارے ممبران صاحبان ہیں ان کی تقریر کے ہم نے Notes لئے ہیں اور انشاء اللہ العزیز ان میں اگر کوئی ایسی چیز ہو، جس کو ہم جگہ دے سکتے ہیں، Accommodate کر سکتے ہیں تو ہماری یہ کوشش ہو گی کہ اس سے استفادہ کریں، اس سے اپنی گورنمنٹ کیلئے، اپنے عوام کیلئے، ان میں جو اچھی تجاویز ہیں، انشاء اللہ العزیز ان کو ہم اپنے بجٹ میں شامل کرنے کی کوشش کریں گے۔ جناب، یہ جو پانچواں بجٹ ہے ہمارا، اور یہ کہا جارہا ہے کہ یہ ہم پہ احسان ہے، کچھ لوگ جنرل صاحب کا نام لیتے ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ یہ عوامی مینڈیٹ تھا، جس کا احترام کیا گیا، مطلب یہ ہے کہ اگر ہم یہ کہیں کہ ہم پہ ظالم کا احسان ہے، چور کا احسان ہے، غاصب کا احسان ہے کہ جنہوں نے اسمبلیوں کو ہڑپ نہیں کیا، انہیں ہڑپ کیا جاتا تھا، یہ تو وہ لوگ جو اقتدار میں شامل ہوئے، ہم یہ سمجھیں گے کہ انہوں نے ہمیں راستہ دیا، ہم اس پر ان کا شکریہ ادا نہیں کرتے، ہم عوام کا شکریہ ادا کرتے ہیں، اللہ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ عوام نے موقع دیا تھا، اللہ کی مہربانی سے ہم نے پانچ سال پورے کئے ہیں، پانچ سال کے دوران ہم پہ دو تین باتوں کا اعتماد کیا گیا تھا کہ آپ حکومت میں آئیں گے تو شریعت نافذ کریں گے، آپ حکومت میں آئیں گے تو آپ Development work کریں گے، آپ حکومت میں آئیں گے تو آپ جو گزرے ہوئے لوگ ہیں، جو ان کی غلطیاں ہیں، وہ نہیں دھرائیں گے، میں الحمد للہ پانچویں سال کا آخری بجٹ پیش کرنے پر اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں اور وہ جو Commitments ہم نے عوام کے ساتھ کئے تھے اور جو اعتماد ہم پہ ہوا تھا، اپنے تئیں میں سمجھتا ہوں کہ ہم نے ان کا حق ادا کیا ہے، شریعت کیلئے، قرآن اور اسلام کو نافذ کرنے کیلئے ہمارا جو

بس تھا، ہماری جو طاقت تھی، ہمارے پاس جو مینڈیٹ تھا، ہم نے اس کے اندر شریعت کو نافذ کرنے کی کوشش کی، ہم نے شریعت بل اسمبلی سے پاس کرایا، متفقہ طور پر پاس کرایا اور ہم ممنون ہیں، مشکور ہیں اپوزیشن کے، شکریہ ادا کرتے ہیں اپوزیشن کے بھائیوں کا، لیکن ہم نے وہ بل پیش کیا تھا اور اس کا کریڈٹ ہمیں ہونا چاہئے کیونکہ وہ بل حکومت کی طرف سے آیا تھا، اس میں جو ہم نے کمیشنز بنائے تھے، چه دے کښې به د قانون د پاره کميشن وی، د تعليم د پاره به کميشن وی او د فنانس د پاره، په دے کښې د مالياتو د پاره به کميشن وی، هغه کميشنو خپل کارونه پوره کړی دی او انشاء الله مونږ به زر هم هغه رپورټس، چه کوم نه دی راغلی، هغه به مونږ اسمبلئ کښې پيش کړوچه مونږه داخپلے در ے شعبے د قرآن او د سنت پابندوؤ، مونږه جی، دلته په شرابو باندے پابندی، د دے اسمبلئ په زور، د دے حکومت په زور باندے په شرابو باندے مونږ په هوټلو کښې پابندی او لګوله، ټول پرمټونو مونږه منسوخ کړل. سود د الله اود الله د رسول سره جنګ دے، زمونږ په اختيار کښې صرف يو خيبر بنک دے، اته شاخونه مومخکښې بلاسود ته Convert کړل، پنځه شاخونه مونږ اوس بلاسود ته Convert کړل، دا زمونږه واک وو، دا زمونږ اختيار وو، مونږه الحمدلله تعليم د مفت کولو کوشش اوکړو، دا د خدائے د طرف نه، د قوم د طرف نه مونږ باندے، نن چه يو کتاب هم څوک چاله، ديو غريب سړی بچی له واخلی نو مونږه خو د اتو جنتونو د خدائے نه دعا کوؤ چه د يو غريب سړی بچی له مو د يو کلاس کتابونه واغستل، زمونږ دے حکومت د کچی نه واخله تر دولسم جماعته پورے ټول طلباء او طالبات ته مفت کتابونه Provide کړل، انشاء الله العزيز الله به مونږ له اجر راکړی دهغے، (تالیاں) مونږه جی، دوايانے مفت ورکوؤ په هسپتالونو کښې، دا داسے يو کار دےچه دا غريب سړی ته، عام سړی ته د فائدے درسولو کار دے، مونږ چه نه وو، دا کار چرته نه وو، د بيت المال په پيسو، د عوامو په پيسو چا، چا له دوايانے نه اغستلے، زهٔ چه د کوم کلی اوسيدونکے يم جی، زما کور د هسپتال خواته

دے او ډیر ے پردہ دارے زنانہ ما لیدلی دی چه هغوی به خپلے والئ،خپلے ټیکےپه برقع کښ بهر په لاس کښ راغستے وے اودهغے خاوند او ورور ته به هارټ اټیک شوے وو، هسپتال کښ به ئے ورته انجیکشنے لیکلے وے، دوائی به ئے ورته لیکلے وه او هغے سره به نه وے پیسے، او هغے به په بازار کښ بیا بهر لاس ښکاره کړے وو، خپل کالی به ئے خرڅول، چه دا ما نه واخلئ، ماله دوه زره، درے زره روپئ راکړئ، زما بچے، زما خاوند، زما ورور، زما پلار مری،چه هغه ته انجیکشن اولگی۔ اوس چه کوم انجیکشن په پانچ هزار او په سات هزار روپئ باندے لگی یو مریض ته، هغه په هر ډسټرکټ هیډکوارټر هسپتال کښ، ټولو بیمارانو ته، که د هغه د ایم۔ایم۔اے سره تعلق وی که د هغه د پیپلز پارټئ سره تعلق وی که دهغه د اے۔این۔پی واله سره تعلق وی خو چه بیمار دے او د زړه اټیک ورته شوے وی، ایمرجنسی پرے راغلےده، هغه ته به هسپتال کښ مفت ملاؤیږی (تالیاں) زه وایم، دا یو دومره لوئے اقدام دے جی، چه پکار ده چه دا Appreciate شوے وے، دے څلور کاله کښ مونږه دا کار اوکړو جی۔ مونږه حسبه بل دے اسمبلئی نه پاس کړو،حسبه بل د امر باالمعروف او نهی عن المنکر بل وو، دحسبه بل په باره کښ دا غوغاوه چه دا Talbanization راولی، Talbanizationڅه شئے دے محترم سپیکر صاحب؟ دا په خپله خاوره د خدائے د اختیار خبره ده، دا په خپلو عوامو باندےدخپلے عقیدے، د خپلے نظریے او د خپل تهذیب مطابق قوانین او حکم چلول دی۔د دے خلاف صدر پاکستان اسانتاً سپریم کورټ ته لاړ، سپیکر صاحب! ماته ډیر زیات افسوس دے چه که فرض کړه، وزیر اعظم تلے وے، ماته به هیڅ اعتراض نه وو ځکه چه هغه زمونږ سیاسی مخالف دے، که د بلے پارټئ یو مشر تلے وے، ماته به هیڅ په هغے باندے افسوس نه وو خو یو داسے انسان چه هغه د ملک د Integrity علامت دے، یو داسے انسان چه هغه د ټول ملک دوحدت

علامت دے ، هغه په سرکاری وردئ کښ ملبوس دے او هغه پخپله باندے بذات خود سپریم کورټ ته ځی او دوه کروړه عوام د قانون جوړيدونه، د قانون جوړولو نه منع کوی او په عدالتی بلبوطو باندے ئے منع کوی، زه وايم دا هغوی توهين کړےدے ،د دے ټولے صوبے دعوامو، او انشا ءالله العزيز عوام، د صوبه سرحد عوام به هيڅ كله هم دا معاف نه کړی۔ دوه ځله مونږه هغه بل د دے اسمبلئ نه پاس کړو، زمونږ به هم دومره وس وو جی، ظاهره ده چه مونږه، دا ټولو زمونږه Legislators دی دا د قانون او آئين پابند، زمونږه ورونړه دی، دوئ ته پته ده چه زمونږ څومره وس، توفيق دے ، مونږ په خپل وس، توفيق باندے ملامته يو، هغے نه اخوا زما خدائے هم ما نه نيسی، زما چه وس نشته، زما چه توفيق نشته نو زمونږ الله هم مونږ نه نيسی، هغے باندے۔ دويم کار،چه کوم د ترقياتی کارونه خبره ده جی، نو ترقياتی کارونه زه د يو پارټئ، د يو دور، دوه دورونو سره نه موازنه کومه، دا زه د پنځه پنځوس کالو سره موازنه کوم، چه پنځه پنځوس كاله كښ د دے وطن د غريبو خلقو د پاره څه شوی دی او په دے څلورنيم كاله كښ د غريبو خلقو د پاره څه شوی دی؟ اولنے څيز جی، تعليم دے۔ تعليم، دا قومونه جوړوی، دا د قومونه په ساخت کښ کار کوی۔ پرائمری سکولونو کښ 1034 اضافه شوے ده، مډل سکولونو کښ 757 اضافه شوے ده، هائی سکولونو کښ 650 اضافه شوے ده، هائر سيکنډری سکولونو کښ 70 اضافه شوے ده، چه دغه شان د دے فيصدی پچاس فيصد، يعنی د پچاس سال سره ئے چه موازنه کړےنو پچاس فيصد اضافه شوےده په پرائمری سکولونو کښ،37 فيصد اضافه شوےده په مډل سکولونو کښ، 49 فيصد اضافه شوے ده په هائی سکولونو کښ، 36 فيصد اضافه شوے ده په هائر سيکنډری سکولونه کښ۔ Drop out rate چه کوم وو، په پرائمری سکولونو کښ 16% کم شوے دے په څلور كالونه كښ، 22% کم شوے دے په سيکنډری ليول باندے او 794 فيصد

اضافه د تعلیم په بجټ کښې شوے ده، %794 اضافه ـ سپیکر صاحب! کالجونه په دے صوبه کښې چه جوړ شوی دی نو هغه، د طالبات کالجونه، د طلباء کالجونه، دا تقریباً سو کالجونه وو چه مونږه راغلو او 80 کالجونه په دے څلور کاله کښې ایم ایم اے جوړ کړل ـ زۀ وایم جی، دا یو داسے طرف وو، پکار ده چه دد ے Appreciation شوے وے ځکه چه مونږه، اوس د عبدالماجد خان خبره، ما بنام دے، مونږه روان یو نو د بدو کارونه، څنګ چه دلته زمونږ ممبرانو اووئیل، چه کومے خرابے خبرے دی او کوم چه دقوم د نقصان دی، مونږ به په هغے تنقید کوؤ خو چه کوم ټهیک خبره ده، مونږ به د هغے ستائنه کوؤ ـ زه د وجیهه الزمان خان شکریه ادا کومه چه د "لسائل والمحروم" دپاره کوم یو ښه دیانتدار کس مونږ مقرر کړے دے، دهغه دوئ تعریف اوکړو خو پکار دا وه چه دد ے څیز تعریف شوے وے، د قوم د پاره، د اولس دپاره، د خاورے دپاره چه کوم خدمت شوے دےـ زما جی، دا عرض دے چه انشاء الله العزیز، دا کومے پیسے چه د صوبے په مرکز پورے دی، ددے دپاره مونږه یو نه ختمیدونکے جنګ اوکړو، دا د ډرائنګ روم خبره وه، نیټ هائیډل پرافټ، مونږ چه راغلو اسمبلئ ته، ماهم دسپا رلسم پورے سبق وئیلے دے، ماته پته نه وه، چه نیټ هائیډل پرافټ څه شئے دے؟ بچے بچے مونږ په دے خبره باندے پوهه کړو، این ایف سی څه شئے دے؟ دے باندے شوک نه پوهیدل جی، دے باندے مونږ بچے بچے پوهه کړو، ددے صوبے چه دا زمونږ دولت دے، دا زمونږ پیسے دی، دا مونږ ته پکار دی چه ملاؤ شی، دا چه مونږ ته نه ملاؤیږی، دا مونږ سره ظلم کیږی، مونږه د ډرائنګ روم نه دا خبره اویستله، زۀ بخښنه غواړم جی، دا خبره به اوچته شوه، پرمټ، چرته این او سی، دا به واغستلے شوه او خبره به غیبه شوه، مونږه دا منطقی انجام ته اورسوله، د595 ارب روپو خبره به کیده خو د595 ارب روپو حساب کتاب د هیچا سره نه وو، مونږ چه واپډے والا سره کیناستو، الټه

ئے په صوبه سرحد باندے پیسے راواړلے چه تاسو باندے زمونږ دا پیسے دی، ماته ډیر زیات افسوس دے، چه مونږ ه "واپډا سیل" جوړ کړو، واپډا سیل کښې مونږه چه حساب کتاب، Reconciliation شروع کړو ډیپارټمنټ سره، واپډے سره، چه ډیپارټمنټ ته کوم بلونه دی، یو ارب روپئ مونږ سالانه په دے کښې حکومت ته بچت کوؤ، چه کومے واپډے به زمونږ نه په Over بلونه کښې اغستے۔ دا مونږ نه مخکښې پنځوس کاله، پنځه پنځوس کاله دا کار زمونږه حکمرانانو کاؤ، هر میاشت، هر کال به دوه کروړه، پنځه کروړه، شل کروړه، عام تر درے اربه روپو پورے دا به ئے Over بلونه کښې اغستلے، ایم ایم اے چه راغے، یو سیل مو ورته جوړ کړو، اته کسان مو ورته کینولی دی، الحمدلله تیر کال نه مونږه یو ارب روپئ په دغه مد کښې بچت کړے، د دے صوبے د پاره، د دے به هیچا تپوس نه کاؤ، چا ته به دا یاد هم نه وو چه دومره بلونه راځی، بس چه د واپډے والا به کوم Line losses، فلانه او ډنګه، هغه به ئے چرته کښې په یو سرکاری دفتر پسے ور واچول، هیچا به تپوس نه کاؤ او دا تپوس هیچا نه دے کړے، او چه دا پیسے مونږ نه تلی دی، هغه ټول خلق دے کښې مجرمان دی، چه چا دے صوبه کښې حکومت کړے دے، مونږ نه مخکښې۔ یو ارب روپئ، هر کال Over بلونو کښې د دے صوبے د بچو پیسے تلے دی مرکز ته، هیچا ئے تپوس نه دے کړے، مونږه هغه پیسے واپس کړی دی، مونږه چه راغلو، زمونږ نه مخکښې 72-1971 نه، دے صوبے اوه اربه روپئ قرض واپس کړے دے، اوه اربه روپئ قرض، او ما ته ډیر زیات افسوس دے چه 66 ارب روپی ئے سود ادا کړے دے۔ مونږ چه راغلو جی، په دے څلور کالو کښې مونږه دیارلس ارب روپئ سود ادا کړے دے، دیارلس اربه روپئ سود، او په هغے باندے ساړهے تین ارب روپے سالانه مونږه ګټه کوؤ، ساړهے تین ارب روپئ سالانه مونږه صوبے لا خیر راؤړو۔ په18 فیصد سود باندے زمونږ وړونو، زمونږ مشرانو پیسے

اغستی دی، وفاقی حکومت نه او دے ٹائم به ئے سودونه جمع کول او هیڅ، د اصل زر د واپسئ ئے هیڅ کوشش نه دے کړے ،7 اربه روپئ په تیس سال کښ واپس شوی دی، د اصل زر او 14 اربه روپئ مونږ په څلور کاله کښ واپس کړی دی نو دا Financial Management نه دے ؟ د دے خلق تعریف به نه کوئ؟ تاسو سره بهنئ، ورلډ بینک والا معاهدے کوی او دا خو پردئ پیسے دی چه تاسو ئے Reflect کوئ، پردئ پیسے د کوم ځائے نه دی؟ دا خو ماته گوری کنه خلق، دغسے معاهده د پنجاب سره نه ده شوے ، د هغوی Financial Management ته هغوی کتلی دی، ځکه ئے هغوی سره معاهده نه کوله، دا ئے نه دی کړی د پنجاب سره، مونږ سره ئے کړے ده دا معاهده، حالانکه زمونږ خلاف صدر پاکستان تقریرنو کوی چه"آپ پشاور کو نہ دیکھیں ،آپ کراچی کو دیکھیں،آپ لاہور کو دیکھیں، پشاور میں اور طرح کے لوگ ہیں،پشاور میں اور طرح کی حکومت ہے"Doners زغلوی، خلق زغلوی چه هغوی زمونږ خلقو سره معاهدے اونه کړی، زمونږ د خلقو سره کیننی، چا سره چه وسائل دی د دنیا ، زه وایمه چه دا زمونږ منیجمنټ دے ، دا زمونږ فنانس دے ، چه د دے خلق قدر کوی په ټوله دنیا کښ۔ مونږ سره خلق معاهدے کوی، مونږ به پنځه اربه روپئ سږکال جمع کوؤ، انشاء الله العزیز او هغے باندے به قوم له خیر رورو۔ مونږ Arbitration اوکړو جی، مونږ سره بله لار نه وه، مونږ خلقو ته نه وایو چه تاسو ټوپک راوخلئ۔ مونږه لا خلقو ته نه دی وئیلی چه تاسو بلونه مه داخلوئ، کنی په کوم انداز چه مونږه مخاطب کیږو ، په کوم سټائل چه مونږه سره خبره کیږی نو د دے منطقی انجام به هم دغه رسی، چه خلق به په بغاوت باندے مجبوره کیږی، مونږه وئیلی دی چه د دے نه د بنگال حالت جوړوی، مونږه وایو چه بلوچستان ترے جوړوی۔ مونږه دوه کسه ممبران چه کوم مونږه ته هیڅ څوک د هغوی په Integrity باندے الحمد لله خبره نه شی کولے ، دا خو لا شکر دے چه په Arbitration کښ مونږه اوگټله،110ارب روپئ زمونږه په

حق کښې ډ ګرې شوے ،24ارب روپۍ چه په 6 ارب روپۍ باندےCapشوے وو، 24 ارب روپۍ سالانه د دے صوبے حق تسلیم شو او دا د واپډے دوه ممبرانو تسلیم کړو، دا ریټایئر چیف جسټس آف پاکستان تسلیم کړو، دے کښې صدر پاکستان،د مرکزی حکومتGuarantorمونږه واغستو، مونږ صرف وړه غوندے خبره کړے وه چه کوم ایوارډ راشی نو هغه مونږه ته اختیار راکړئ چه هغه مونږه د اسمبلئ نه پاس کړو۔ ماته افسوس دے چه مونږه ته ئے اووئیل چه نه دا به نه کیږی، مونږه اووئیل چه واپډا خو یو اداره ده، مرکزی حکومت خو، مونږه خو عوامی خلق یو، مونږ خو قوم نه بیا ځان نه شو خلاصولے چه اوس زمونږ خلاف راشی ایوارډ، نو مونږه ته اختیار راکړئ چه مونږ ئے، نو مونږه ته ئے وئیل چه نه، صدر پاکستان وئیل چه زه ذمه وار یم کنه، هیڅ څوک به نه ځی عدالت ته، ماته ډیر افسوس دے، اسرارالله خان ګنډاپور صاحب ډیره ښائسته خبره کړے وه چه دا ساده ګان خلق دی، دوئ په خلقو اعتبار کوی ۔ مونږه هم دومره ساده ګان یوجی، چه مونږ اعتبار کوؤ، مونږ په جمالی صاحب هم اعتبارکړے وو، مونږه ته ئے دهوکه راکړه، مونږ په صدر صاحب هم اعتبار کړے وو، مونږ ته ئے دهوکه راکړه، مونږ په وزیر اعظم صاحب هم اعتبار کړے وو، مونږ ته ئے دهوکه راکړه او زه وایمه چه مسلمان خو به په ژبه دهوکه کیږی د انسان، یو مسلمان، یو پښتون ن خو په خبره دهوکه کیږی د خلقو، بله مونږ سره کومه یوه طریقه ده، یو Gentleman promise ، چه ماسره یو سړے خبره اوکړی چه بهئی او دا خبره شوه او بیا لیکل هم اوشی او بیا دستخط هم اوشی او بیا ډبلے هم اووهی او بیا هم هغه په شاه کیږی او بیا هم هغه تختی، زه وایم دا د شرم خبره ده، دا انتهائی د بددیانتئ خبره ده، داسے خلق دا دخپل ځان د پاره په تاریخ کښې غلط القاب خوښوی، د دوئ نسل ته، دوئ پورے به غلط القاب انښلولے کیږی په تاریخ کښې، هیڅ څوک به دوئ معاف نه کړی۔ جناب سپیکر صاحب!

مونږه دے بجټ کښ فیصله اوکړه چه مونږه به، چه د کوم ځائے نه دولت پیدا کیږی، هغه که د اوبو په شکل کښ دے ، هغه که د تیلو په شکل کښ دے ، هغه که د ګیس په شکل کښ دے ، مونږ به د هغه ځائے خلقو ته هغے کښ حصه ورکوؤ، دا یو ډیره ګرانه فیصله وه سپیکر صاحب! او د دے به انتهائی دوررس نتائج وی، مونږ د پانچ فیصد فیصله اوکړه چه مونږ ته کومه رائیلټی ملاؤیږی، دے کښ به مونږه پانچ فیصد هغه چا ته ورکوؤ چه د چا کورونه په ډیمونو کښ ډوب شوی دی، د چا د اوبو کوهیان چه لاندے تلی دی د تیلو د وجے نه، د چا چه فصل تباه شوے دے ، د چا چه اونے تباه شوے دی، د چا چه انوائرنمنټ تباه شوے دے ، د چا د پلار نیکه قبرونه او جماعتونه چه ورک شوے دی په ډیمونو کښ، د زرګل خان د پراته دی اوس هم، دا پانچ فیصد ډیر کم دے جی، خو انشاءالله دا ډیر لوئے اماؤنټ دے۔ مونږه وایو دا د عوامو حق دے ، مونږ چه صوبے د پاره غواړو نو مونږ به زرګل خان هم خیال ساتو ځکه چه د ده د وجے نه صوبه کښ چراغان دی، د ده د وجے نه زمونږه جولئ ته پیسے راځی، د ده د وجے نه این ایف سی ایوارډ دے ، د ده د وجے نه نن نټ هائیډل پرافټ دے (تالیاں) انشاء الله العزیز د دے نه به بے انتها فائده زمونږه صوبے ته ملاؤیږی او هغه Discrimination او هغهAnxietyچه به دے سره پیدا کیده او هغه دغه چه به پیدا کیده چه بهئی دا خو لکه څوک بل څوک فیصلے کوی د قومونو او هیڅ څوک زمونږه مسئله نه اوری ۔ مونږه الحمدللّٰه د هغے یو ډیر ښه لار راویستله، مرکزی حکومت دا کار نه دے کړے ، بلوچستان حکومت دا کار نه دے کړے ، سندھ حکومت دا کار نه دے کړے ، دا واحد دغه چه ته ورته د ملیانو حکومت وائے ، که د ایم ایم اے حکومت ورته وائے ، هرڅه چه ورته وائے ، مونږه الحمدللّٰه دا کار اوکړو چه د هغه غریب سړی مسئله مونږه Address کړه، هغه مونږه دغه کړو چه انشاء اللّٰه د هغه بچی ته به د هغے حق ملاؤیږی۔ جناب سپیکر

صاحب! د مانځه وخت دے او خبرے خو زما نه لږے اوږدے هم شوے ، زه معذرت غواړمه، زه به صرف دومره اووایمه چه:

ء مرګ هغه چه هیبتناک برکت ناک د عالمو سره خوښ په زیست وژواک
مخ ئے مخ، قول ئے قول، عهدئے عهد نه فریب نه دروغ نه تش تپاک
چه خبره د پستئ، د بلندئ شی په لوئے لکه آسمان، په پستئ خاک

والسلام۔

(تالیاں)

جناب حفیظ اللہ علیزئی: جناب سپیکر! آنریبل منسٹر نے جو بات کی ہے، اپنے دل سے کی ہے، ساتھ ہمارے بھی ہیں، انکے بھی جوابات تو دیں، تھوڑے سے؟

جناب سپیکر: (قہقہہ) اچھا، جس طرح کہ ایوان نے اتفاق سے فیصلہ کیا ہے، لہذا اجلاس کو پیر کی صبح ساڑھے نو بجے تک کیلئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

---

(اسمبلی کا اجلاس بروز پیر مورخہ 25 جون 2007 صبح ساڑھے نو بجے تک کیلئے ملتوی کیا گیا)